پہلی بار جدید انداز میں فیض الادب
کی ایک لاجواب شرح جس کی مدد سے
ترجمہ اور ترکیب کو بڑی آسانی سے حل کیا جا سکتا ہے
بنام

روضۃ الادب

شرح

فیض الادب اول

مصنّف

خلیفۂ حضور مفتی اعظم ہند حضرت علامہ مولانا
بدرالدین احمد قادری رضوی مصباحی

مترجم

محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری، بریلی شریف

مصباحی لائبریری
مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف یوپی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پہلی بار جدید انداز میں فیض الادب کی ایک لاجواب شرح جس کی مدد سے ترجمہ اور ترکیب کو بڑی آسانی سے حل کیا جاسکتا ہے

بنام

رَوضۃ الادب

شرح
فیض الادب اول

مصنف

(خلیفۂ مفتیٔ اعظم ہند)

حضرت علامہ مولانا بدر الدین احمد قادری رضوی مصباحی

رحمۃ اللہ القوی

مترجم

محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری

بریلی شریف

استاذ: جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور

ناشر

مصباحی لائبریری، مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف یوپی

نام کتاب : **رَوضۃُ الادب شرح فیض الادب اول**

مصنف : (خلیفۂ مفتیٔ اعظم ہند) حضرت علامہ مولانا بدر الدین احمد قادری رضوی مصباحی رحمۃ اللہ القوی

مترجم : **محمد گل ریز رضا مصباحی، مدنا پوری، بریلی شریف**

نظر ثانی :محمد عبد السلام آسام، و دانش رضا کلکتہ، درجۂ ثانیہ - جامعۃ المدینہ فیضان عطار، ناگ پور

صفحات : 226

کمپوزنگ : **محمد گل ریز مصباحی**

ناشر : **مصباحی لائبریری، مدنا پور، بہیڑی، بریلی شریف یوپی**

تعداد : **1100**

سال اشاعت : **2021ء**

رابطہ نمبر : 8057889427.9927713786

ملنے کے پتے

- قادری کتاب گھر، بریلی شریف یوپی
- مکتبۃ المصطفیٰ، اسلامیہ مارکیٹ، بریلی
- حق اکیڈمی مبارک پور، اعظم گڑھ
- برکاتی بکڈپو، اسلامیہ مارکیٹ، بریلی
- مکتبہ رحمانیہ رضویہ، درگاہِ اعلیٰ حضرت

فہرست مضامین

شرف انتساب

میں اپنی اس کاوش کو خلاصۂ کائنات رحمت عالم حضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفی ﷺ کی بارگاہ میں نذر کرتے ہوئے:

صحابۂ کرام، تابعین عظام اور تبع تابعین کرام۔ مذاہب اربعہ حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی سلف وصالحین۔ اسلام کی حقیقی تعلیمات سے امت کو روشناس کرانے والے مجدد دین اسلام۔ سلاسل اربعہ قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ اور سہروردیہ کے مشائخ عظام۔ محدثین خانوادۂ ولی اللہ، علماے فرنگی محل، بزرگان کچھوچھہ مقدسہ، سادات مارہرہ مطہرہ، اکابر بریلی ومشائخ بدایوں۔ بالخصوص شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، بحر العلوم علامہ عبد العلی فرنگی محلی، تارک سلطنت سید اشرف جہاں سمنانی، شاہ برکت اللہ عشقی مارہروی، اعلی حضرت امام احمد رضا خاں محقق بریلوی اور معین الحق علامہ فضل رسول قادری بدایونی۔ اعلی حضرت علی حسین اشرفی میاں کچھوچھوی، صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی، مفتیٔ اعظم ہند شاہ مصطفی رضا خاں بریلوی، ملک العلما علامہ ظفر الدین بہاری، سید العلما شاہ آل مصطفی مارہروی، احسن العلما سید مصطفی حیدر حسن مارہروی، محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی اور مجاہد ملت علامہ حبیب الرحمٰن قادری عباسی۔ جلالۃ العلم حافظ ملت حضرت علامہ شاہ عبد العزیز محدث مرادآبادی، نائب حافظ ملت حضرت علامہ عبد الرؤف بلیاوی، شارح بخاری حضرت مفتی شریف الحق امجدی، ورئیس القلم حضرت علامہ ارشد القادری اور بحر العلوم حضرت مفتی عبد المنان اعظمی۔ کے افکار ونظریات اور مسلک حق وصداقت کا ترجمان...

الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور کے نام
منسوب کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔
محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری،
بہیڑی، بریلی شریف یوپی

تھدیہ

والدین کریمین کے نام

جنھوں نے مجھے تعلیم وتربیت سے آراستہ کرنے کی
خاطر مدارس اسلامیہ کے حوالے کیا
قدم قدم پر میری رہنمائی کی
اور دعاؤں سے نوازتے رہے

محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری
بریلی شریف (یوپی)

نوٹ

اگر اس کتاب میں کسی طرح کی کوئی غلطی پائیں تو کتاب کو ہدف تنقید نہ بنائیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ ہمیں مطلع کریں، ان شاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کر دی جائے گی۔

ترکیب کے لیے کچھ اہم قواعد

قاعدہ:(۱)۔مقام دعا میں اکثر یَا اَللّٰہُ سے ،حذفِ حرف نداء کے بعد اسم جلالت کے آخر میں میم مشدد بڑھا دیتے ہیں جیسے: اَللّٰهُمَّ اس کی ترکیب یَا اَللّٰہُ والی ہی کی جائے گی ۔(الترکیب: سبق ۱۵، ص:۷۹)

قاعدہ (۵)۔اگر منادی معرف باللام ہو تو نداء منادی کے درمیان اَیُّهَا ، اَیَّتُهَا ، اَیُّهٰذَا ،اَیَّتُهٰذِہٖ کا فاصلہ لانا واجب ہے تاکہ تعریف کے دو آلے جمع نہ ہو جائیں لیکن اسم جلالت اس سے مستثنیٰ ہے جیسے: یَا اَیُّهَا النَّبِیُّ۔ اور یَا اَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ
(الترکیب: سبق:۱۵، ص:۸۲)۔

نظیر: اَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا [الأحزاب:۴۵:۳۳] ہم نے تمہیں حاضر و ناظر بنا کر بھیجا
(فعل فاعل، مفعول بہ ذوالحال، شبہ جملہ حال)

ترکیب: ”اَرْسَلْنَا“ فعل ماضی معروف صیغہ جمع متکلّم اس میں ”نَا“ ضمیر بارز فاعل ،”كَ“ ضمیر منصوب متّصل ذوالحال، ”شَاهِدًا“ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر، اس میں أَنْتَ ”ضمیر پوشیدہ فاعل ، راجع بسوے ذوالحال ، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل ماضی معروف اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ **(رہنمائے ترکیب: ص ۱۶۴)**

قاعدہ (۲)۔اگر اسمائے صفات (یعنی اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل وغیرہ) سے پہلے حاضر، یا متکلّم کی ضمیر مرفوع منفصل آجائے تو اب ان صیغوں میں غائب کی ضمیر مستتر نہ ہوگی بلکہ اسی حاضر و متکلّم کی ضمیر کو مستتر مانیں گے۔

: أَنَا طَالِبٌ اور أَنْتَ كَرِيْمٌ یہاں طَالِبٌ میں أَنَا اور كَرِيْمٌ میں أَنْتَ ضمیر مستتر مانی جائے گی۔ لیکن یہ ضمائر ماقبل کی جانب راجع نہیں ہوں گی، بلکہ فقط مابعد کے ماقبل سے مربوط ہونے کو ظاہر کریں گی۔ (الترکیب: ص:۳۵)۔

قاعدہ(۳)۔: کَمْ استفہامیہ ہو یا خبریہ محلّاً منصوب ہوگا جبکہ اس کے بعد کوئی فعل ہو اور وہ فعل اس کی ضمیر یا متعلق میں عمل کرنے کی وجہ سے اس سے اعراض نہ کررہا ہو جیسے: کَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَ وَکَمْ غُلَامٍ مَلَکْتُ کَمْ اپنی تمیز سے مل کر مفعول بہ بنے گا اور کَمْ یَوْمًا سِرْتَ وَکَمْ یَوْمٍ صُمْتُ میں کَمْ مع تمیز کے مفعول فیہ ہوگا اور کَمْ سے پہلے حرف جار یا مضاف ہو تو کَمْ محلًّا مجرور ہوگا جیسے: بِکَمْ رَجُلًا مَرَرْتَ، مَالُ کَمْ رَجُلٍ سَلَبْتُ (درایۃ النحو: ص:۱۷٦)۔

قاعدہ(۴)۔: کَیْفَ کے بعد اگر کوئی اسم ہو تو کَیْفَ خبریت کی بنا پر محل رفع میں ہوگا اور اگر کَیْفَ کے بعد فعل ہو تو کَیْفَ مفعول مطلق یا حالیت کی بنا پر محل نصب میں ہوگا جیسے: کَیْفَ جَاءَ زَیْدٌ، زَیْدٌ ذوالحال ہے اور کَیْفَ حال اسی طرح کَیْفَ قَدَّرَ کَیْفَ خُلِقَتْ میں ضمیر ذو الحال ہے اور کَیْفَ حال ہے یعنی عَلٰی اَیِّ حَالٍ ۔(المعجم المفصل :ج:۳)۔

قاعدہ:(۵)۔لفظ مَعَاذ بھی ہمیشہ مضاف اور اَعُوْذُ یا نَعُوْذُ فعلِ محذوف کا مفعولِ مطلق واقع ہوتا ہے۔چنانچہ مَعَاذَ اللہِ کی ترکیب میں مضاف اور مضاف الیہ کے مجموعے کو اَعُوْذُ یانَعُوْذُ فعل کا مفعول مطلق قرار دیں گے۔(الترکیب: سبق:۱۷، ص:۹۳)

قاعدہ(٦)۔لفظ اَیْضًا ہمیشہ آضَ فعلِ محذوف کا مفعولِ مطلق واقع ہوگا۔اس صورت میں ترکیبی لحاظ سے اس کا ماقبل یا مابعد سے کسی قسم کا تعلق نہیں ہوتا۔چنانچہ اس کے ماقبل اور مابعد جملے کی علاحدہ ترکیب کرنے کے بعد، اس کی ترکیب کی جائے گی۔(الترکیب: سبق :۱۷، ص:۹۳)

قاعدہ:(۷)۔اگر جملہ استفہامیہ میں مَتٰی یا اَیَّانَ یا اَیْنَ کے ذریعہ سوال کیا گیا ہو تو دیکھیں کہ ان کے بعد فعل ہے یا اسم۔اگر فعل ہو۔جیسے: مَتٰی تَذْهَبُ ؟یا اَیَّانَ تُسَافِرُ؟ یا أَیْنَ تَتَعَلَّمُ ؟ تو انہیں مابعد فعل کا مفعول فیہ مقدم بنائیں گے۔

اور اگر مابعد اسم ہو جیسے: مَتیٰ نَصْرُ اللهِ ؟ یا أَیَّانَ یَوْمُ الدِّیْنِ یا اَیْنَ اَخُوْكَ ؟ تو انہیں کسی متعلق کا مفعول فیہ بناکر خبر مقدم اور مابعد اسم کو مبتدائے مؤخر بنائیں گے۔

۔(الترکیب: سبق: ۴۳، ص۱۹۹)

تعارف مصنف

خلیفہ مفتیٔ اعظم ہند، عمدۃ المحققین حضرت مولانا بدر الدین احمد رضوی مصباحی گھور کھپوری رحمۃ اللہ القوی

آپ اپنے نانیہال موضع حمید پور ضلع گورکھ پور (یوپی ہند) میں ایک اندازہ کے مطابق ۱۳۴۸ھ/ ۱۹۲۹ء میں پیدا ہوئے۔ آپ نے مقامی درس گاہ شاہ پور سے تعلیمی سفر شروع کیا اور مدرسہ انوار العلوم قصبہ جین پور ضلع اعظم گڑھ ہوتے ہوئے دار العلوم اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ میں داخلہ لیا اور چار سال بڑی محنت سے اکتساب علم کیا۔ ۱۰ شعبان ۱۳۷۱ھ مطابق ۱۵ مئی ۱۹۵۲ء کو سند و دستارِ فضیلت سے نوازا گیا۔ رمضان شریف کی تعطیلِ کلاں کے بعد حضور حافظ ملت حضرت علامہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کے حکم کے مطابق شوال ۱۳۷۱ھ میں جامعہ اشرفیہ بغرضِ تربیت تدریس کے لیے تشریف لائے۔ اور طلبہ کو رجب ۱۳۷۲ھ میں انجمنِ معین الاسلام پرانی بستی، شہر بستی میں درسِ نظامی کی تدریس کے لیے تشریف لے گئے۔ اس کے بعد آپ نے مدرسہ فیض الرسول براؤں شریف ضلع بستی اور مدرسہ غوثیہ بڑھیا ضلع بستی میں تدریسی خدمات انجام دیں۔ آپ مفتی اعظم ہند مولانا مصطفی رضا خان نوری رحمۃ اللہ علیہ کے مرید و خلیفہ ہیں۔ درس و تدریس کے ساتھ تصنیف و تالیف میں بھی آپ کو دست رس حاصل تھی۔ ڈیڑھ درجن کتابوں کے آپ مصنف ہیں، بعض کتابیں تو سدا بہار تصنیف کا درجہ رکھتی ہیں۔ اور بعض کتابیں ماخذ کی حیثیت سے استعمال کی جاتی ہیں۔ بعض کتابوں کے نام یہ ہیں۔

(۱) سوانح اعلی حضرت (۲) عروس الادب (۳) فیض الادب (حصہ اول دوم) (۴) جواہر المنطق (۵) نورانی گل دستہ (۶) تذکرہ سرکارِ غوث (۷) تذکرہ سرکارِ خواجہ (۸) تعمیر ادب (قاعدہ) (۹) تعمیر ادب (حصہ اول تا پنجم) (۱۰) تعمیر قواعد (اول دوم) آپ کا وصال ۷ رمضان کو ہوا (سن وفات نہیں مل سکا) (مزید دیکھئے کتاب ''مفتیٔ اعظم ہند اور ان کے خلفا'' ص:۲۳۵)۔

نوٹ: روضۃ الادب شرح فیض الادب اول کو تیار کرتے وقت اسباق کی تقسیم کاری میں دعوت اسلامی کی مطبوعہ کتاب فیض الادب سے مدد لی گئی ہے اور جبکہ الفاظ اور جملوں کی

تصحیح میں مجلس برکات جامعہ اشرفیہ مبارک پور کی مطبوعہ کتاب فیض الادب سے مدد لی گئی ہے۔ پھر بھی یہ یقینی طور پر نہیں کہا جاسکتا ہے کہ شرح اغلاط سے صاف ہے لہذا اگر کسی طرح کی کوئی خامی پائیں تو کتاب کو ہدف تنقید نہ بنائیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ مطلع فرمائیں ان شاء اللہ آئندہ اڈیشن میں تصحیح کردی جائے گی۔

فائدہ:۔فیض الادب اول میں صَلیَّ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ، کا استعمال سات مرتبہ سبق (۵) جملہ (۱۱) سبق (۲۸) جملہ (۴) سبق (۲۸) جملہ (۸) سبق (۲۹) جملہ (۲) سبق (۳۰) آخری جملہ، اور حدیث نوری میں (۳) بار ہوا ہے اسی طرح صَلیَّ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَعَلیٰ آلِہِ وَسَلَّمَ ، کا استعمال تین مرتبہ سبق (۶) جملہ (۱۲) سبق (۱۲) جملہ (۱) سبق (۲۶) جملہ (۱۹) میں ہوا ہے اس لیے شرح میں صرف پہلے والے جملے کو معیار بنا کر باقی جگہوں پر اسی کا حوالہ دیا گیا ہے کہ اس جملہ کی ترکیب اس سبق میں اس جملہ کے تحت لکھ دی گئی ہے وہاں سے دیکھ لیں اس طرح سے کتاب طویل ہونے سے محفوظ رہے گی۔

فائدہ۔طلبہ اور اساتذہ کی آسانی کے لیے شروع میں ماضی معروف اور مضارع معروف کے ۱۴ صیغوں میں ضمیر کی پہچان کے لیے سادہ انداز میں ایک ٹیبل پیش کیا جاتا ہے جس میں ماضی اور مضارع کی ایک گردان لکھ کر علامتیں بھی لکھ دی ہیں تاکہ آئندہ ضمیر اور علامتوں کی پہچان میں غلطی نہ ہوسکے کیوں کہ طلبہ ترکیب کرتے وقت ضمیروں کے تعلق سے اکثر غلطی میں مبتلا ہوجاتے ہیں اس لیے اس کا مطالعہ ان کے لیے مفید رہے گا۔

گردان	صیغے	پہچان اور علامتیں
فَعَلَ	واحد مذکر غائب	سب علامتوں سے خالی، اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ہے۔
فَعَلَا	تثنیہ مذکر غائب	الف ضمیر بارز، علامتِ تثنیہ اور فاعل ہے۔
فَعَلُوا	جمع مذکر غائب	واو ضمیر بارز، علامتِ جمع اور فاعل ہے۔
فَعَلَتْ	واحد مؤنث غائب	تْ ساکن علامتِ تانیث ہے اور ھِيَ ضمیر مستتر فاعل ہے۔
فَعَلَتَا	تثنیہ مؤنث غائب	ت علامتِ تانیث اور الف ضمیر بارز، علامتِ تثنیہ اور فاعل ہے۔
فَعَلْنَ	جمع مؤنث غائب	نَ مفتوح ضمیر بارز، علامتِ جمع مؤنث غائب اور فاعل ہے۔
فَعَلْتَ	واحد مذکر حاضر	تَ مفتوح ضمیر بارز، علامتِ واحد مذکر حاضر اور فاعل ہے۔
فَعَلْتُمَا	تثنیہ مذکر حاضر	تُ مضموم ضمیر بارز فاعل، میم حرف عماد اور الف علامتِ تثنیہ ہے
فَعَلْتُمْ	جمع مذکر حاضر	تُ مضموم ضمیر بارز فاعل، میم علامتِ جمع مذکر حاضر ہے۔
فَعَلْتِ	واحد مؤنث حاضر	تِ مکسور ضمیر بارز، علامتِ واحد مؤنث حاضر اور فاعل ہے
فَعَلْتُمَا	تثنیہ مؤنث حاضر	تُ مضموم ضمیر بارز فاعل، میم حرفِ عماد اور الف علامتِ تثنیہ ہے
فَعَلْتُنَّ	جمع مؤنث حاضر	تُ مضموم ضمیر بارز فاعل "نون مشدد" علامتِ جمع مؤنث حاضر ہے۔
فَعَلْتُ	واحد (مذکر ومؤنث) متکلّم	تُ مضموم ضمیر بارز، علامتِ واحد متکلّم اور فاعل ہے
فَعَلْنَا	تثنیہ (مذکر ومؤنث) متکلّم جمع (مذکر مؤنث) متکلّم	نَا ضمیر بارز، علامتِ متکلّم مع الغیر اور فاعل ہے۔

ماضی معروف کی گردان اور علامتوں کی پہچان

نوٹ: فعل ماضی کے دو صیغوں (واحد مذکر غائب۔اور واحد مؤنث غائب) میں ضمیر فاعل مستتر (پوشیدہ) ہوتی ہے اور باقی بارہ صیغوں میں ضمیر فاعل بارز (ظاہر) ہوتی ہے ۔اگر ان کے بعد فاعل مذکور ہو تو اُس وقت اِن صیغوں میں ضمیر مستتر نہیں ہوتی ہے۔

مضارع معروف کی گردان اور علامتوں کی پہچان

صیغہ	لفظ	حرف مضارع	بارز	مستتر	اعرابی	بنائی
واحد	يَفْعَلُ	ی	ـ	هُوَ	ـ	ـ
تثنیہ	يَفْعَلَانِ	ی	ا	ـ	مکسور	ـ
جمع	يَفْعَلُوْنَ	ی	و	ـ	مفتوح	ـ
واحد	تَفْعَلُ	ت	ـ	هِيَ	ـ	ـ
تثنیہ	تَفْعَلَانِ	ت	ا	ـ	مکسور	ـ
جمع	يَفْعَلْنَ	ی	ن	ـ		مفتوح
واحد	تَفْعَلُ	ت	ـ	أَنْتَ	ـ	ـ
تثنیہ	تَفْعَلَانِ	ت	ا	ـ	مکسور	ـ
جمع	تَفْعَلُوْنَ	ت	و	ـ	مفتوح	ـ
واحد	تَفْعَلِيْنَ	ت	ی	ـ	مفتوح	ـ
تثنیہ	تَفْعَلَانِ	ت	ا	ـ	مکسور	ـ
جمع	تَفْعَلْنَ	ت	ن	ـ	ـ	مفتوح
واحد	أَفْعَلُ	ا	ـ	أَنَا نَحْنُ	ـ	ـ
تثنیہ وجمع	نَفْعَلُ	ن	ـ		ـ	ـ

فائدہ: مضارع کے پانچ صیغوں يَفْعَلُ . تَفْعَلُ . تَفْعَلُ . أَفْعَلُ . نَفْعَلُ . میں فاعل کی ضمیریں پوشیدہ رہتی ہیں۔

سبق (ا) بعض نحوی اصطلاحات کی تشریح

مُسندالیہ: وہ چیز ہے جس کے لیے کوئی دوسری چیز ثابت کی جائے۔

مُسند: وہ چیز ہے جو دوسرے کے لیے ثابت ہو جیسے: (زید ہوشیار ہے) اس مثال میں ''زید ''مسند الیہ اور ''ہوشیار''مسند ہے اور جیسے ''پڑھا بکر نے'' اس مثال میں ''پڑھا'' مسند اور ''بکر''مسند الیہ ہے اور جیسے ''دیکھا گیا چاند'' اس مثال میں ''دیکھا گیا''مسند اور ''چاند'' مسند الیہ ہے۔

جملہ: مسند الیہ اور مسند کو مجموعہ کو کہتے ہیں جیسے (زید ہوشیار ہے، پڑھا بکر نے، دیکھا گیا چاند)۔

مبتدا: وہ اسم ہے جو لفظی عامل سے خالی ہو اور مسند الیہ ہو۔

خبر: وہ لفظ جو لفظی عامل سے خالی اور مسند ہو جیسے ''زید نمازی ہے'' اس مثال میں ''زید''مبتدا اور نمازی خبر ہے۔

رفع: ضمہ، الف اور واؤ کو کہتے ہیں۔

مرفوع: وہ اسم ہے جس پر ضمہ یا الف یا واؤ آئے جیسے: اَلمُسْلِمُ .اَلمُسْلِمَانِ .اَلمُسْلِمُوْنَ .أَبُوْ زَیْدٍ میں أَبُو .

تنبیہ: مرفوع کہلانے والے اسم تو آٹھ ہیں لیکن اس کتاب میں ان میں سے صرف چھ کا استعمال کیا گیا ہے اور وہ یہ ہیں مبتدا، خبر، فاعل، نائب فاعل، إِنَّ وغیرہ کی خبر، کَانَ وغیرہ کا اسم۔

نصب: فتحہ، کسرہ، الف اور یاء کو کہتے ہیں۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یا الف یا یاء آئے جیسے: اَلْمُسْلِمُ ، اَلمُسْلِمَاتِ ،أَبَا زَیْدٍ میں أَبَا، اَلْمُسْلِمَیْنِ اَلْمُسْلِمِیْنَ.

اسم منصوب کی تعداد بارہ ہے مگر اس کتاب میں ان میں سے صرف آٹھ اسم استعمال کیے گیے ہیں اور وہ یہ ہیں مفعول بہ، مفعول فیہ، مفعول مطلق، مفعول لہ ، حال ، تمیز، إِنَّ وغیرہ کا اسم، کَانَ وغیرہ کی خبر۔

جر: کسرہ، فتحہ اور یاء کو کہتے ہیں۔

مجرور: وہ اسم ہے جس پر حرف جار داخل ہو یا جو مضاف الیہ ہو جیسے: عَلَی المُسْلِمِ .عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ. عَلٰی اَبِیْ زَیْدٍ. عَلَی الْمُسْلِمَیْنِ. عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ. اور جیسے وَلَدُ الْمُسْلِمِ. وَلَدُ اِبْرَاهِیْمَ. وَلَدُ أَبِیْ زَیْدٍ. غُلَامُ الْمُسْلِمَیْنِ. اِمَامُ الْمُسْلِمِیْنَ.

جملہ اسمیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو جیسے زَیْدٌ عَالِمٌ.

جملہ فعلیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز فعل ہو جیسے عَلِمَ زَیْدٌ.

ہدایت: جملہ اسمیہ کے اندر جو لفظ مسند الیہ ہو اسے مبتدا اور جو مسند ہو گا اسے خبر کہیں گے اور جملہ فعلیہ کے اندر مسند الیہ کو فاعل یا نائب فاعل اور مسند کو فعل کہیں گے۔

مشق

مندرجہ ذیل جملوں میں مسند الیہ اور مسند کو پہچان کر مبتدا، خبر، فعل، فاعل اور نائب فاعل بتاؤ۔

(۱)۔ اللہ یکتا ہے۔ — اللہ: مسند الیہ و مبتدا۔ یکتا ہے: مسند اور خبر ہے۔

(۲)۔ رسول مہربان ہیں۔ — رسول: مسند الیہ و مبتدا۔ مہربان ہیں: مسند اور خبر ہے۔

(۳)۔ قرآن سچا ہے۔ — قرآن: مسند الیہ و مبتدا، سچا ہے: مسند اور خبر ہے۔

(۴)۔ پڑھی گئی کتاب۔ — پڑھی گئی: مسند اور فعل مجہول۔ کتاب: مسند الیہ اور نائب فاعل ہے۔

....

(۵)۔ دیوار لمبی ہے۔ — دیوار: مسند الیہ و مبتدا۔ لمبی ہے: مسند اور خبر ہے۔

(۶)۔ سڑک پختہ ہے۔ — سڑک: مسند الیہ و مبتدا۔ پختہ ہے: مسند اور خبر ہے۔

(۷)۔ پڑھا میں نے۔ — پڑھا: مسند اور فعل معروف۔ میں نے: مسند الیہ اور فاعل ہے۔

(۸)۔ گھڑی قیمتی ہے۔ — گھڑی: مسند الیہ اور مبتدا۔ قیمتی ہے: مسند و خبر ہے۔

(۹)۔ جا رہا ہے خالد۔ — جا رہا ہے: مسند و فعل معروف۔ خالد مسند الیہ و فاعل ہے۔

(۱۰)۔ لکھا گیا خط۔ — لکھا گیا: مسند و فعل مجہول۔ خط: مسند الیہ و نائب فاعل ہے۔

(۱۱)۔ میں مدرسہ میں حاضر ہوں۔ — میں: مسند الیہ و مبتدا۔ حاضر ہوں: مسند و خبر ہے۔

(۱۲)۔لکھا بکر نے۔ .... لکھا : مسند وفعل معروف۔ بکر نے: مسند الیہ و فاعل ہے۔

(۱۳)۔پانی گرم ہے۔ پانی: مسند الیہ ومبتدا۔گرم ہے: مسندو خبر ہے۔

(۱۴)۔لکھ رہاہے زید قلم سے۔ .... لکھ رہا ہے: مسند وفعل معروف۔زید: مسند الیہ و فاعل ہے۔

(۱۵)۔بکر مسجد میں موجود ہے۔ بکر: مسند الیہ و مبتدا۔ موجود ہے: مسند و خبر ہے۔

(۱۶)۔زید کو پڑھایا احمد نے۔ . احمد: مسند الیہ وفاعل۔ پڑھایا: مسند وفعل معروف ہے۔

(۱۷)۔کل جائے گا بکر کانپور۔ جائے گا: مسند وفعل معروف، بکر: مسند الیہ وفاعل ہے۔

(۱۸)۔پرسوں جمعہ کے دن میں بمبئی سے آیا۔ میں: مسند الیہ وفاعل ۔ آیا: مسند و فعل معروف ہے۔

مذکورہ جملوں کی اردو اور عربی

اردو	عربی	اردو	عربی
اللہ یکتا ہے	اَللّٰہُ أَحَدٌ	رسول مہربان ہیں	اَلرَّسُوْلُ رَءُوْفٌ
قرآن سچا ہے	اَلْقُرْآنُ صَادِقٌ	پڑھی گئی کتاب	قُرِءَ الْكِتَابُ
دیوار لمبی ہے	اَلْجِدَارُ طَوِيْلٌ	سڑک پختہ ہے	اَلشَّارِعُ مُعَبَّدٌ
پڑھا میں نے	قَرَأْتُ	گھڑی قیمتی ہے	اَلسَّاعَةُ ثَمِيْنَةٌ
جارہا ہے خالد	يَذْهَبُ خَالِدٌ	لکھا گیا خط	كُتِبَتِ الرِّسَالَةُ
میں مدرسہ میں حاضر ہوں	أَنَا حَاضِرٌ فِي الْمَدْرَسَةِ	لکھا بکر نے	كَتَبَ بَكْرٌ

پانی گرم ہے	اَلْمَاءُ حَمِيْمٌ	لکھ رہا ہے زید قلم سے	يَكْتُبُ زَيْدٌ بِالْقَلَمِ
بکر مسجد میں موجود ہے	بَكْرٌ مَوْجُوْدٌ فِي الْمَسْجِدِ	زید کو پڑھایا احمد نے	دَرَّسَ اَحْمَدُ زَيْدًا

کل جائے گا بکر کان پور	يَذْهَبُ بَكْرٌ غَدًا إِلىٰ كَانفُوْر
پرسوں جمعہ کے دن میں بمبئی سے آیا	جِئْتُ مِنْ مُوْمبائی يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَبْلَ الأَمْسِ

سبق (۲) مرفوعات مبتدا و خبر کی ترکیب

حل لغات: اَللّٰهُ: اللہ۔ اَلرَّسُوْلُ: پیغمبر، بھیجا ہوا، جمع رُسُلٌ۔ قُرْآنٌ: قرآن۔ رَبٌّ: مالک، پروردگار، سردار، پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالی کے اسمائے حسنی میں سے ہے اور اس کی طرف نسبت کے لیے رَبِّي کہتے ہیں، جمع اَرْبَابٌ۔ مَعْبُوْدٌ: اسم مفعول لائق عبادت۔ كِتَابٌ: کتاب، جمع كُتُبٌ۔ مُؤمِنٌ: ایمان والا، جمع مُؤْمِنُوْنَ۔ رَءُوْفٌ: صفت مشبہ مہربان۔ كَرِيْمٌ: سخی، شریف، جمع كِرَامٌ وَكُرَمَاءُ۔ اَلرَّجُلُ: مرد، انسان، جمع رِجَالٌ۔ صَادِقٌ: اسم فاعل سچا۔ مِسْوَاكٌ: دانت صاف کرنے کی لکڑی، جمع مَسَاوِيْكُ۔

سوال: اللہ تعالی کا فرمان ہے: قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ (تم فرمادو کہ وہ اللہ ایک ہے) یہ جملہ خبریہ ہے حالانکہ یہ سوچا بھی نہیں جاسکتا کہ اللہ تعالی کا کلام جھوٹا ہوسکتا ہے پھر یہ خبریہ کیسے ہوا؟

جواب: جس مرکب میں بحیثیت ایک مرکب ہونے کے سچ اور جھوٹ کا احتمال ہو اسے جملہ خبریہ کہیں گے اگرچہ کہنے والے کو دیکھتے ہوئے یا کسی اور وجہ سے اسے جھوٹا نہ کہا جاسکے

هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ میں اگر یہ دیکھا جائے کہ یہ اللہ تعالی کا کلام ہے تو اس میں جھوٹ کا احتمال نہیں اللہ تعالی کے کلام کا جھوٹا ہونا محال اور ناممکن ہے لیکن جہاں تک خبر بحیثیت خبر کا تعلق ہے اس میں دونوں احتمال ہیں۔

ترجمہ مع ترکیب

شمار	عبارت	ترجمہ
1	اَللّٰہُ رَبٌّ.	اللہ پروردگار ہے۔

(1)۔اَللّٰہُ رَبٌّ۔اَللّٰہُ کلمہ جلالت مبتدا رَبٌّ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر، اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	اَلرَّبُّ مَعْبُوْدٌ.	رب لائق عبادت ہے۔

(2).اَلرَّبُ مَعْبُوْدٌ: اَلرَّبُّ مبتدا،مَعْبُوْدٌ: اسم مفعول صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل،اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	اَلرَّسُوْلُ رَءُوفٌ.	رسول مہربان ہیں۔

(3). اَلرَّسُوْلُ رَءُوفٌ: اَلرَّسُوْلُ مبتدا۔ رَءُوفٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر ،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
4	اَلْقُرْآنُ کِتَابٌ	قرآن ایک کتاب ہے۔

(4)۔اَلْقُرْآنُ کِتَابٌ: اَلْقُرْآنُ مبتدا، کِتَابٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	اَلْکِتَابُ صَادِقٌ.	کتاب سچی ہے۔

(5)۔اَلْکِتَابُ صَادِقٌ۔اَلْکِتَابُ **مبتدا**،صَادِقٌ **اسم فاعل صیغہ واحد مذکر**، اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	اَلرَّجُلُ مُؤمِنٌ.	مرد مومن ہے

(6)۔اَلرَّجُلُ مُؤمِنٌ.اَلرَّجُلُ **مبتدا** مُؤمِنٌ **اسم فاعل صیغہ واحد مذکر**،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	اَلمُؤمِنُ کَرِیْمٌ	مومن شریف ہے

(7)۔اَلمُؤمِنُ کَرِیْمٌ۔اَلمُؤمِنُ **مبتدا** **کَرِیْمٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر**، اس میں **ھُوَ** ضمیر پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

8	اَلمِسْوَاکُ قَصِیْرٌ.	مسواک چھوٹی ہے۔

(8)۔اَلْمِسْوَاکُ قَصِیْرٌ۔اَلمِسْوَاکُ **مبتدا** قَصِیْرٌ **صفت مشہ صیغہ واحد مذکر**، اس میں ھُو ضمیر پوشیدہ فاعل ، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حل لغات:اَلدِّیْنُ:دین،جمع اَدْیَانٌ. اَلْجَنَّۃُ:باغ،بہشت،جنت،جمع جِنَانٌ وَ جَنَّاتٌ۔ اَلنَّارُ: آگ، کنایۃ دوزخ، جہنم مراد ہوتا ہے،جمع نِیْرَانٌ ۔ خَالِقٌ:پیدا کرنے والا۔یُسْرٌ:آسان۔صَوَابٌ :درست۔

ترجمہ: اَلدِّیْنُ: دین۔ اَلاِسْلَامُ: اسلام۔ اَلْکُفْرُ: کفر۔ اَلْجَنَّۃُ: جنت، جمع جِنَانٌ وَ جَنَّاتٌ۔ اَلنَّارُ: دوزخ، آگ۔ اَلْکَلَامُ: کلام، گفتگو۔ خَالِقٌ: پیدا کرنے والا۔ حَقٌّ: حق، سچ۔ بَاطِلٌ: باطل، جھوٹا۔ یُسْرٌ: آسان۔ صَوَابٌ: درست۔ أَحَدٌ: اکیلا، تنہا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	اَللّٰہُ أَحَدٌ	اللہ اکیلا ہے

(1)۔**اَللّٰہُ أَحَدٌ**۔ اَللّٰہُ کلمہ جلالت مبتدا، أَحَدٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر، اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	اَللّٰہُ خَالِقٌ	اللہ پیدا کرنے والا ہے۔

(2)۔**اَللّٰہُ خَالِقٌ**۔ اَللّٰہُ کلمہ جلالت مبتدا، خَالِقٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر، اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	اَلدِّیْنُ یُسْرٌ	دین آسان ہے۔

(3)۔**اَلدِّیْنُ یُسْرٌ**۔ اَلدِّیْنُ مبتدا، یُسْرٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
4	اَلاِسْلَامُ حَقٌّ	اسلام حق ہے۔

(4)۔**اَلاِسْلَامُ حَقٌّ**۔ اَلاِسْلَامُ مبتدا، حَقٌّ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
5	اَلْجَنَّۃُ حَقٌّ	جنت حق ہے۔

(5)۔اَلْجَنَّۃُ حَقٌّ۔اَلْجَنَّۃُ مبتدا،حَقٌّ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

دوزخ حق ہے۔	اَلنَّارُ حَقٌّ.	6

(6)۔اَلنَّارُ حَقٌّ۔اَلنَّارُ مبتدا،حَقٌّ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

کفرباطل ہے۔	اَلْکُفْرُ بَاطِلٌ.	7

(7)۔اَلْکُفْرُ بَاطِلٌ۔اَلْکُفْرُ مبتدا،بَاطِلٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر، اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

کلام درست ہے۔	اَلْکَلَامُ صَوَابٌ.	8

(8)۔اَلْکَلَامُ صَوَابٌ۔ اَلْکَلَامُ مبتدا،صَوَابٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حل لغات:اَلماءُ:پانی،جمع مِیاہٌ۔اَلْخُبْزُ:روٹی،جمع اَخْبَازٌ۔حَصِیْرٌ: چٹائی ، جمع حُصُرٌ ۔اَلشَّیْءُ:چیز،جمع اَشْیَاءُ۔

ترجمہ:اَلمَاءُ:پانی۔اَلْقَعَّادَۃُ:چارپائی۔اَلْخُبْزُ:روٹی۔المشفۃ: تولیہ،رومال۔اَلشَّمْسِیَّۃُ:چھتری۔بَائِتٌ:باسی۔حَمِیْمٌ:گرم۔اَلْأَرُزُّ:چاول۔حسنٌ:اچھا ۔

اَلشَّیْءُ:چیز۔طَرِيٌّ:تازہ۔جَیِّدَۃٌ:عمدہ،بہتر۔جَدِیْدٌ:نیا۔طَوِیْلٌ:لمبا۔

اَلْحَصِیْرُ:چٹائی۔بَارِدٌ:ٹھنڈا۔رَدِيٌّ:خراب۔مُعَبَّدٌ:پختہ۔اَلشَّارِعُ:سڑک،جمع شَوَارِعُ۔

1	اَلمَاءُ بَارِدٌ	پانی ٹھنڈا ہے۔

(1)۔اَلمَاءُ بَارِدٌ: اَلمَاءُ مبتدا،بَارِدٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل ،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

2	اَلمِنْشَفُ طَوِیْلٌ	تولیہ لمبا ہے۔

(2)۔اَلمِنْشَفُ طَوِیْلٌ: اَلمِنْشَفُ مبتدا،طَوِیْلٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر، اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

3	اَلْخُبْزُ طَرِيٌّ	روٹی تازہ ہے۔

(3)۔اَلْخُبْزُ طَرِيٌّ۔ اَلْخُبْزُ مبتدا،طَرِيٌّ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

4	اَلشَّیْءُ حَسَنٌ	چیز اچھی ہے۔

(4)۔اَلشَّیْءُ حَسَنٌ: اَلشَّیْءُ مبتدا،حَسَنٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ مرفوع فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	اَلشَّمْسِیَّۃُ جَیِّدَۃٌ	چھتری عمدہ ہے۔

(5)۔اَلشَّمْسِیَّۃُ جَیِّدَۃٌ: اَلشَّمْسِیَّۃُ مبتدا،جَیِّدَۃٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مؤنث،اس میں ھِیَ ضمیر پوشیدہ مرفوع فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	اَلاَرُزُّ جَدِیْدٌ	چاول نیا ہے۔

(6)۔اَلْاَرُزُّ جَدِیْدٌ: اَلْاَرُزُّ مبتدا،جَدِیْدٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	اَلْقَعَّادَۃُ حَسَنَۃٌ	چارپائی اچھی ہے۔

(7)۔اَلْقَعَّادَۃُ حَسَنَۃٌ: اَلْقَعَّادَۃُ مبتدا،حَسَنَۃٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مؤنث ،اس میں ھِيَ ضمیر پوشیدہ مرفوع فاعل ،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

8	اَلْخُبْزُ بَائِتٌ	روٹی باسی ہے۔

(8)۔اَلْخُبْزُ بَائِتٌ: اَلْخُبْزُ مبتدا،بَائِتٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر، اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ مرفوع فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	اَلْمَاءُ حَمِیْمٌ	پانی گرم ہے۔

(9)۔اَلْمَاءُ حَمِیْمٌ: اَلْمَاءُ مبتدا،حَمِیْمٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	اَلْحَصِیْرُ مَبْسُوْطٌ	چٹائی بچھی ہے۔

(10)۔اَلْحَصِیْرُ مَبْسُوْطٌ: اَلْحَصِیْرُ مبتدا،مَبْسُوْطٌ اسم مفعول صیغہ واحد مذکر، اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل،اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

11	اَلْمِنْشَفُ جَدِیْدٌ	تولیہ نیا ہے۔

(11)۔اَلمِنْشَفُ جَدِیْدٌ: اَلْمِنْشَفُ : مبتدا،جَدِیْدٌ: صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر، اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

12	اَلْقَعَّادَۃُ مَوْضُوْعَۃٌ	چارپائی بچھی ہے۔

(12)۔اَلْقَعَّادَۃُ مَوْضُوْعَۃٌ: اَلْقَعَّادَۃُ مبتدا،مَوْضُوْعَۃٌ: اسم مفعول صیغہ واحد مؤنث، اس میں ھِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل،اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

13	اَلْخُبْزُ رَدِيٌّ	روٹی خراب ہے۔

(13)۔اَلْخُبْزُ رَدِيٌّ: اَلْخُبْزُ مبتدا،رَدِيٌّ: صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

14	اَلشَّارِعُ مُعَبَّدٌ	سڑک پختہ ہے۔

(14)۔اَلشَّارِعُ مُعَبَّدٌ: اَلشَّارِعُ مبتدا،مُعَبَّدٌ اسم مفعول صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ مرفوع نائب فاعل،صفت مشبہ اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

اردو	عربی	اردو	عربی

اللہ معبود ہے	اَللّٰہُ مَعْبُوْدٌ	قرآن سچا ہے	اَلْقُرْآنُ صَادِقٌ
چاول تازہ ہے	اَلْأَرُزُّ طَرِيٌّ	روٹی ٹھنڈی ہے	اَلْخُبْزُ بَارِدٌ
تولیہ بچھا ہے	اَلمِنْشَفُ مَبْسُوْطٌ	چارپائی نئی ہے	اَلْقَعَّادَةُ جَدِيْدَةٌ
مسواک نئی ہے	اَلْمِسْوَاكُ جَدِيْدٌ	چٹائی چھوٹی ہے	اَلْحَصِيْرُ قَصِيْرٌ
چھتری خراب ہے	اَلشَّمْسِيَّةُ رَدِيَّةٌ	پانی باسی ہے	اَلْمَاءُ بَائِتٌ
کلام اچھا ہے	اَلْكَلَامُ جَيِّدٌ	مرد شریف ہے	اَلرَّجُلُ كَرِيْمٌ

سبق (۳) مبتدا بہ اسمِ اشارہ

اسم اشارہ: وہ لفظ ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے، جیسے اردو میں ''یہ'' اور عربی میں ''هٰذَا''۔

مشارٌ الیہ: وہ چیز ہے جس پر اشارہ کیا جائے جیسے هٰذَا الْقُرْآنُ، اس مثال میں اَلْقُرْآنُ مشار الیہ ہے۔

حل لغات: هٰذَا : یہ (واحد مذکر قریب کے لیے)۔ هٰذَانِ: یہ دو (تثنیہ مذکر قریب کے لیے)۔ هٰؤُلَاءِ: یہ سب (جمع مذکر و مؤنث قریب کے لیے)۔ هٰذِهِ: یہ (واحد مؤنث قریب کے لیے)۔ هَاتَانِ: یہ دو (تثنیہ مؤنث قریب کے لیے)۔ قَاطِرَةٌ: انجن۔ بَقَرَةٌ: گائے۔ اِمْرَأَةٌ: عورت۔ نِسَاءٌ: عورتیں۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	هٰذَا عَالِمٌ	یہ علم والا ہے۔

(1)۔هٰذَا عَالِمٌ: هٰذَا:اسم اشارہ مبتدا،عَالِمٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر، اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	هٰذِهٖ قَاطِرَةٌ	یہ ریلوے انجن ہے۔

(2)۔هٰذِهٖ قَاطِرَةٌ: هَا حرف تنبیہ ،ذِهِ اسم اشارہ مبتدا،قَاطِرَةٌ اسم فاعل صیغہ واحد مؤنث،اس میں هِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	هَاتَانِ بَقَرَتَانِ	یہ دو گائے ہیں۔

(3)۔هَاتَانِ بَقَرَتَانِ: هَا حرف تنبیہ،تَانِ اسم اشارہ مبتدا،بَقَرَتَانِ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
4	هٰؤُلَاءِ مُسْلِمُوْنَ	یہ کئی مسلمان ہیں۔

(4)۔هٰؤُلَاءِ مُسْلِمُوْنَ : هَا حرف تنبیہ ،اُولَاءِ :اسم اشارہ مبتدا، مُسْلِمُوْنَ : اسم فاعل صیغہ جمع مذکر، اس میں هُمْ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
5	هٰؤُلَاءِ مُؤْمِنَاتٌ	یہ کئی مومنہ ہیں۔

(5)۔هٰؤُلَاءِ مُؤمِنَاتٌ: هَا حرف تنبیہ ،اُولَاءِ اسم اشارہ مبتدا ، مُؤمِنَاتٌ: اسم فاعل صیغہ جمع مؤنث ،اس میں هُنَّ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	هٰذَا مُؤمِنٌ	یہ مومن ہے۔

(6)۔هٰذَا مُؤمِنٌ: هَا حرف تنبیہ ،ذَا اسم اشارہ مبتدا،مُؤمِنٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر، اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	هٰذِهٖ مُؤمِنَةٌ	یہ ایمان والی ہے۔

(7)۔هٰذِهٖ مُؤمِنَةٌ: هَا حرف تنبیہ ،ذِهٖ اسم اشارہ مبتدا،مُؤمِنَةٌ صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل، اس میں هِيَ ضمیر پوشیدہ فاعل ،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے اسمیہ مل کر جملہ خبریہ ہوا۔

8	هَاتَانِ مُسْلِمَتَانِ	یہ دو مسلمہ ہیں۔

(8)۔هَاتَانِ مُسْلِمَتَانِ: هَا حرف تنبیہ ،تَانِ اسم اشارہ مبتدا،مُسْلِمَتَانِ اسم فاعل صیغہ تثنیہ مؤنث، اس میں هُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	هٰذَانِ رَجُلَانِ	یہ دو مرد ہیں۔

(9)۔هٰذَانِ رَجُلَانِ: هَا حرف تنبیہ ،ذَانِ اسم اشارہ مبتدا،رَجُلَانِ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	اَلْقَلَمَانِ جَدِیْدَانِ	دو قلم نیے ہیں۔

(10)۔اَلْقَلَمَانِ جَدِیْدَانِ : اَلْقَلَمَانِ مبتدا، جَدِیْدَانِ صفت مشبہ صیغہ تثنیہ مذکر، اس میں هُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

11	اَلنِّسَاءُ حَاضِرَاتٌ	عورتیں موجود ہیں۔

(11)۔اَلنِّسَاءُ حَاضِرَاتٌ: اَلنِّسَاءُ مبتدا، حَاضِرَاتٌ اسم فاعل صیغہ جمع مؤنث، اس میں هُنَّ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

12	اَلمَرْأَةُ عَالِمَةٌ	عورت علم والی ہے۔

(12)۔اَلمَرْأَةُ عَالِمَةٌ: اَلمَرْأَةُ مبتدا، عَالِمَةٌ اسم فاعل صیغہ واحد مؤنث، اس میں هِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ: سبق (3) اسم اشارہ کے بیان میں ترکیب کرتے وقت پہلے جملے کی ترکیب میں هٰذَا عَالِمٌ میں هٰذَا کو پورا اسم اشارہ بناکر مبتدا اور عَالِمٌ کو خبر بنایا ہے ۔یہ ترکیب کا اجمالی طریقہ ہے جو ابتدائی درجات میں زیادہ رائج ہے ،بعد والے جملوں میں هٰذَا یا هٰذِهٖ کو هَا حرف تنبیہ بنایا ہے اور ذَا یا ذِهٖ کو اسم اشارہ بنایا گیا ہے یہ ترکیب کا تفصیلی طریقہ ہے۔دونوں طریقوں کو لکھنے کا مقصد یہ ہے کہ استفادہ کرنے والے کوئی بھی طریقہ اختیار کرسکتے ہیں لیکن یہ

کتاب ابتدائی درجہ کے طلبہ کے لیے ہے اس لیے پہلا طریقہ ہی اختیار کیا جائے، جب طلبہ اس طریقے سے اچھی طرح واقف ہوجائیں تو دوسرے طریقے کی طرف رہنمائی کی جائے۔

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

اردو	عربی	اردو	عربی
یہ چٹائی ہے	هٰذَا حَصِيْرٌ	یہ دو چارپائی ہیں	هَاتَانِ قَعَّادَتَانِ
سڑک بہترین ہے	اَلشَّارِعُ جَيِّدٌ	یہ کئی عالم ہیں	.هٰؤُلَاءِ عَالِمُوْنَ
ریلوے انجن نیا ہے	اَلْقَاطِرَةُ جَدِيْدَةٌ	یہ علم والی ہے	هٰذِهِ عَالِمَةٌ
یہ دو مسواک ہیں	هذانِ مِسْوَاكَانِ	یہ عورتیں ہیں	هٰؤُلَاءِ نِسَاءٌ
یہ دو روٹیاں ہیں	هٰذَانِ خُبْزَانِ	دو چٹائیاں لمبی ہیں	اَلْحَصِيْرَانِ طَوِيْلَانِ

سبق (۴) مبتدا بہ ترکیب اشارہ و مشار الیہ

حل لغات: ذٰلِكَ: وہ (واحد مذکر بعید کے لیے)۔ تِلْكَ: وہ (واحد مؤنث بعید کے لیے)۔ اُوْلٰئِكَ: وہ سب (جمع مذکر و مؤنث بعید کے لیے)۔ ذَانِكَ: وہ دو (تثنیہ مذکر بعید کے لیے)۔ تَانِكَ: وہ دو (تثنیہ مؤنث دور کے لیے)۔ اَلْبَاخِرَةُ: اسٹیمر، سمندری جہاز، جمع بَوَاخِرُ۔

شمار	عبارت	ترجمہ

1	ذٰلِكَ الْكِتَابُ صَادِقٌ.	وہ کتاب سچی ہے۔

(۱)۔ذٰلِكَ الْكِتَابُ صَادِقٌ: ذٰلِكَ اسم اشارہ، اَلْكِتَابُ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، صَادِقٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر، اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

2	هٰذَا الْقَلَمُ نَفِيْسٌ	یہ قلم عمدہ ہے۔

(۲)۔هٰذَا الْقَلَمُ نَفِيْسٌ: هَا حرف تنبیہ، ذَا اسم اشارہ، الْقَلَمُ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، نَفِيْسٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر، اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

3	هٰذِهِ الْمَرْأَةُ صَالِحَةٌ	یہ عورت نیک ہے۔

(3)۔هٰذِهِ الْمَرْأَةُ صَالِحَةٌ: هَا، حرف تنبیہ، ذِهِ: اسم اشارہ، اَلْمَرْأَةُ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، صَالِحَةٌ اسم فاعل صیغہ واحد مؤنث، اس میں هِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

4	هٰؤُلَاءِ الْمُتَعَلِّمُوْنَ صَالِحُوْنَ	یہ طلبہ نیک ہیں۔

(4)۔هٰؤُلَاءِ الْمُتَعَلِّمُوْنَ صَالِحُوْنَ: هَا حرف تنبیہ، اُوْلَاءِ اسم اشارہ، اَلْمُتَعَلِّمُوْنَ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، صَالِحُوْنَ اسم فاعل

صیغہ جمع مذکر، اس میں ھُمْ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

یہ مرد ہنستا ہے۔	هٰذَا الرَّجُلُ ضَاحِكٌ	5

(5)۔هٰذَا الرَّجُلُ ضَاحِكٌ : ھَا حرف تنبیہ، ذَا اسم اشارہ، اَلرَّجُلُ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، ضَاحِكٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر، اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وہ اسٹیمر نیا ہے۔	تِلْكَ الْبَاخِرَةُ جَدِيْدَةٌ	6

(6)۔تِلْكَ الْبَاخِرَةُ جَدِيْدَةٌ: تِلْكَ اسم اشارہ، اَلْبَاخِرَةُ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، جَدِيْدَةٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مؤنث، اس میں ھِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وہ علماء سچے ہیں۔	أُوْلٰئِكَ الْعُلَمَاءُ صَادِقُوْنَ	7

(7)۔أُوْلٰئِكَ الْعُلَمَاءُ صَادِقُوْنَ: أُوْلٰئِكَ اسم اشارہ، اَلْعُلَمَاءُ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، صَادِقُوْنَ اسم فاعل صیغہ جمع مذکر، اس میں ھُمْ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وہ عورت خوبصورت ہے۔	تِلْكَ الْمَرْأَةُ جَمِيْلَةٌ	8

(8)۔تِلْكَ المَرْأَةُ جَمِيْلَةٌ: تِلْكَ اسم اشارہ، اَلمَرْأَةُ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، جَمِيْلَةٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مؤنث، اس میں هِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	تَانِكَ الْقَعَّادَتَانِ طَوِ يْلَتَانِ	وہ دو چارپائیاں لمبی ہیں

(9)۔تَانِكَ الْقَعَّادَتَانِ طَوِ يْلَتَانِ: تَانِكَ اسم اشارہ، اَلْقَعَّادَتَانِ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، طَوِ يْلَتَانِ صفت مشبہ صیغہ تثنیہ مؤنث، اس میں هُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	ذَانِكَ الْحَصِيْرَانِ مَبْسُوْطَانِ	وہ دو چٹائیاں بچھی ہیں۔

(10)۔ذَانِكَ الْحَصِيْرَانِ مَبْسُوْطَانِ: ذَانِكَ اسم اشارہ، اَلْحَصِيْرَانِ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، مَبْسُوْطَانِ اسم مفعول صیغہ تثنیہ مذکر، اس میں هُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

11	هٰذَانِ الْمِسْوَاكَانِ جَدِيْدَانِ	یہ دو مسواکیں نئی ہیں۔

(11)۔هٰذَا نِ المِسْوَاكَانِ جَدِيْدَانِ: هَا حرف تنبیہ، ذَانِ اسم اشارہ، اَلمِسْوَاكَانِ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، جَدِيْدَانِ صفت مشبہ

صیغہ تثنیہ مذکر، اس میں ھُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

12	أُوْلٰئِكَ النِّسَاءُ مُسْلِمَاتٌ	وہ عورتیں مسلمان ہیں۔

(12)۔أُوْلٰئِكَ النِّسَاءُ مُسْلِمَاتٌ : أُوْلٰئِكَ اسم اشارہ ،اَلنِّسَاءُ مشارالیہ ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، مُسْلِمَاتٌ: اسم فاعل صیغہ جمع مؤنث، اسم میں ھُنَّ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

شمار	اردو	عربی
1	یہ طالب علم نیک ہے	هٰذَا الْمُتَعَلِّمُ صَالِحٌ
2	یہ عورت مسلمان ہے	هٰذِهِ الْمَرْأَةُ مُسْلِمَةٌ
3	وہ مرد شریف ہے	ذٰلِكَ الرَّجُلُ كَرِ يْمٌ
4	یہ تولیہ نفیس ہے	هٰذَا الْمِنْشَفُ نَفِيْسٌ
5	وہ عورت حاضر ہے	ذٰلْكَ الْمَرْأَةُ حَاضِرَةٌ
6	یہ علما مسلمان ہیں	هٰؤُلَاءِ الْعُلَمَاءُ مُسْلِمُوْنَ
7	وہ پانی ٹھنڈا ہے	ذٰلِكَ الْمَاءُ بَارِدٌ
8	یہ دو قلم نئے ہیں	هٰذَانِ الْقَلَمَانِ جَدِيْدَانِ
9	وہ دو انجن بہترین ہیں	تَانِكَ الْقَاطِرَتَانِ جَيِّدَتَانِ

10	یہ چٹائی بچھی ہے	هٰذَا الْحَصِيْرُ مَبْسُوْطٌ
11	وہ دو تولیے لمبے ہیں	ذَانِكَ الْمِنْشَفَانِ طَوِيْلَانِ
12	یہ دو روٹیاں ٹھنڈی ہیں	هٰذَانِ الْخُبْزَانِ بَارِدَانِ
13	وہ دو طالب علم شریف ہیں	ذَانِكَ الْمُتَعَلِّمَانِ كَرِيْمَانِ

سبق (۵) مبتدا بہ ترکیب اضافی

حل لغات: اَلْعَبْدُ : بندہ، غلام، جمع عِبَادٌ۔ غُلَامٌ : لڑکا ، جوان، خادم، جمع غِلْمَانُ۔ وَلَدٌ : لڑکا، جمع اَوْلَادٌ۔ وَلِيْدَةٌ : نابالغ لڑکی۔ اَلْبَحْرُ : سمندر، جمع بِحَارٌ۔ نَبِيْهٌ : ہوشیار ،دانش مند، جمع نُبَهَاءُ۔ اَلدَّرَّاجَةُ : سائیکل، جمع دَرَّاجَاتٌ۔ اَلسِّرْوَالُ : پاجامہ ، جمع سَرَاوِيْلُ ۔ اَلسُّلْطَانُ : بادشاہ، جمع سَلَاطِيْنُ۔ اِبْنٌ : بیٹا، لڑکا، جمع اَبْنَاءُ۔ اَلْمِنْدِيْلُ : رومال، جمع مَنَادِيْلُ۔ صِرَاطٌ : راستہ، جمع صُرُطٌ۔

ترجمہ

اَلْعَبْدُ : بندہ۔ غُلَامٌ : غلام۔ وَلَدٌ : لڑکا۔ وَلِيْدَةٌ : لڑکی۔ اَلْبَحْرُ : سمندر۔ نَبِيْهٌ : ہوشیار۔ اَلدَّرَّاجَةُ : سائیکل۔ اَلسِّرْوَالُ : پاجامہ۔ جَالِسٌ : بیٹھنے والا۔ اَلسَّلْطَانُ : بادشاہ ۔ نَافِعٌ : فائدہ مند۔ اَلإِبْنُ : لڑکا۔ قَلَمُ الْحِبْرِ : فونٹن پن۔ اَلْمِنْدِيْلُ : رومال۔ اَلْوَسِخُ : گندہ، میلا۔ بَوَّابَةٌ : پھاٹک۔ اَلدَّقِيْقُ : آٹا۔ اَلشَّعِيْرُ : جو۔

سوال: عام طور پر ترکیب کرتے وقت کہا جاتا ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل کیا یہ صحیح ہے ؟

جواب: نہیں،کیوں کہ مضاف اور مضاف الیہ کا مجموعہ مرکب ہے جبکہ فاعل اسم ہوتا ہے اور اسم مفرد ہوتا ہے لیکن ابتدائی طلبہ کی آسانی کے لیے کہ دیا جاتا ہے کہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ غُلَامُ اسم مفرد مرفوع بضمہ فاعل ،مضاف اور زَیْدٍ مضاف الیہ،اسی طرح مفعول مطلق ،مفعول فیہ ،مفعول معہ ،تمییز،مستثنی ،حال،نائب فاعل وغیرہ جو معمولات،اسم کی قسم ہیں ان کی ترکیب بھی اسی طرح کی جائے گی ۔مثلاًضَرْبًا شَدِیْدًا میں صرف ضَرْبًا کو مفعول مطلق اور یَوْمَ الْجُمُعَۃِ میں صرف یوم کو مفعول فیہ کہا جائے گا۔(امام النحو مولانا سید غلام جیلانی میرٹھی ،بحوالہ نحو میر حاشیہ علامہ عبدالحکیم شرف قادری رحمۃ اللہ علیہ)۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	إِبْنُ زَیْدٍ غُلَامٌ	زید کالڑکا غلام ہے۔

(1)۔إِبْنُ زَیْدٍ غُلَامٌ: إِبْنُ مضاف،زَیْدٍ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،غُلَامٌ خبر، مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	عَبْدُ اللهِ عَالِمٌ	عبداللہ علم والا ہے۔

(2)۔عَبْدُ اللهِ عَالِمٌ: عَبْدُ اللهِ مبتدا،عَالِمٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر،اس میں هُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	عَبْدُ الرَّسُوْلِ نَبِیْہٌ	عبدالرسول ہوشیار ہے۔

(3)۔عَبْدُ الرَّسُوْلِ نَبِیْہٌ: عَبْدُ الرَّسُولِ مبتدا،نَبِیْہٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

4	مَاءُ الْبَحْرِ طَاھِرٌ	سمندر کا پانی پاک ہے۔

(4)۔مَاءُ الْبَحْرِ طَاھِرٌ: مَاءُ مضاف الْبَحْرِ مضاف الیہ،مضاف اپنے،مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،طَاھِرٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	دَرَّاجَۃُ بَکْرٍ جَدِیْدَۃٌ	بکر کی سائیکل نئی ہے۔

(5)۔دَرَّاجَۃُ بَکْرٍ جَدِیْدَۃٌ: دَرَّاجَۃُ مضاف،بَکْرٍ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،جَدِیْدَۃٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مؤنث،اس میں ھِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	سِرْوَالُ عَمْرٍو وَسِخٌ	عمرو کا پاجامہ میلا ہے۔

(6)۔سِرْوَالُ عَمْرٍو وَسِخٌ: سِرْوَالُ مضاف،عَمْرٍو مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،وَسِخٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	عَبْدُ السُّلْطَانِ جَمِیْلٌ	بادشاہ کا غلام خوب صورت ہے۔

(7)۔عَبْدُ السُّلْطَانِ جَمِیْلٌ: عَبْدُ مضاف ،اَلسَّلْطَانِ مضاف الیہ ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،جَمِیْلٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

8	مِنْدِیْلُ الْمَرْأَۃِ نَفِیْسٌ	عورت کا رومال نفیس ہے۔

(8)۔مِنْدِیْلُ المَرْأَۃِ نَفِیْسٌ: مِنْدِیْلُ مضاف،اَلمَرْأَۃِ مضاف الیہ ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،نَفِیْسٌ :صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

9	مِفْتَاحُ الْجَنَّۃِ الصَّلٰوۃُ	جنت کی کنجی نماز ہے۔

(9)۔مِفْتَاحُ الْجَنَّۃِ الصَّلٰوۃُ: مِفْتَاحُ مضاف،اَلْجَنَّۃِ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،اَلصَّلٰوۃُ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

10	مِفْتَاحُ الصَّلٰوۃِ وُضُوْءٌ	نماز کی کنجی وضو ہے۔

(10)۔مِفْتَاحُ الصَّلٰوۃِ وُضُوْءٌ: مِفْتَاحُ مضاف،اَلصَّلٰوۃِ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،وُضُوْءٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا

11	رَسُوْلُ اللّٰہِ رَءُوْفٌ ﷺ	اللہ کے رسول مہربان ہیں۔

(11)۔رَسُوْلُ اللّٰہِ رَءُوفٌ: رَسُوْلُ مضاف ،اللّٰہِ کلمہ جلالت مضاف الیہ ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،رَؤُوفٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

صَلیَّ اللّٰہُ تعالیٰ عَلَیہِ وَسَلَّمَ :(اللہ تعالی کا ان پر درود وسلام ہو)۔صَلیَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب،اَللّٰہُ کلمہ جلالت ذوالحال،تَعَالٰی فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُو کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال،ذوالحال اپنے حال سے مل کرفاعل،عَلَی حرف جارہ مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو،فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ۔واؤ حرف عطف سَلَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب، اس میں ھُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ فعلیہ معطوفہ معترضہ ہوا۔

12	قَلَمُ الْحِبْرِ جَدِیْدٌ	فونٹن پن نیا ہے۔

(12)۔قَلَمُ الْحِبْرِ جَدِیْدٌ: قَلَمُ الْحِبْرِ ترکیب اضافی ہوکر مبتدا،جَدِیْدٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکراس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

13	بَوَّابَۃُ الْمَدْرَسَۃِ مَفْتُوْحَۃٌ	مدرسہ کا پھاٹک کھلا ہے۔

(13)۔بَوَّابَۃُ المَدْرَسَۃِ مَفْتُوْحَۃٌ :بَوَّابَۃُ مضاف اَلمَدْرَسَۃِ مضاف الیہ ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،مَفْتُوْحَۃٌ اسم مفعول صیغہ واحد مؤنث،اس میں

هِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل ،اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

14	دَقِيْقُ الشَّعِيْرِ نَافِعٌ	جو کا آٹا فائدہ مند ہے۔

(14)۔دَقِيْقُ الشَّعِيْرِ نَافِعٌ :دَقِيْقُ مضاف ،اَلشَّعِيْرِ مضاف الیہ ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،نَافِعٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

15	وَلَدُ الْعَالِمِ جَالِسٌ	عالم کا لڑکا بیٹھا ہے۔

(15)۔وَلَدُ الْعَالِمِ جَالِسٌ :وَلَدُ مضاف ، اَلْعَالِمِ مضاف الیہ ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،جَالِسٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

16	وَلِيْدَةُ زَيْدٍ نَبِيْهَةٌ	زید کی لڑکی ہوشیار ہے۔

(16)۔وَلِيْدَةُ زَيْدٍ نَبِيْهَةٌ :وَلِيْدَةُ مضاف،زَيْدٍ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،نَبِيْهَةٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مؤنث اس میں هِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

17	سَاعَةُ خَالِدٍ ثَمِيْنَةٌ	خالد کی گھڑی قیمتی ہے۔

(17)۔سَاعَۃُ خَالِدٍ ثَمِیْنَۃٌ: سَاعَۃُ مضاف خَالِدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، ثَمِیْنَۃٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مؤنث اس میں ھِیَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو۔

18	وَلَدُ بکْرٍ صَبِیٌّ	بکر کا لڑکا بچہ ہے۔

(18)۔وَلَدُ بَکْرٍ صَبِیٌّ: وَلَدُ مضاف، بَکْرٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، صَبِیٌّ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

19	صِرَاطُ الدِّیْنِ قَوِیْمٌ	دین کا راستہ سیدھا ہے

(19)۔صِرَاطُ الدِّیْنِ قَوِیْمٌ: صِرَاطُ مضاف، اَلدِّیْنِ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، قَوِیْمٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

شمار	اردو	عربی
1	زید کا غلام ہوشیار ہے	غُلَامُ زَیْدٍ نَبِیْہٌ

2	خالد کی سائیکل قیمتی ہے	دَرَّاجَۃُ خَالِدٍ ثَمِیْنَۃٌ
3	بکر کی گھڑی بہترین ہے	سَاعَۃُ بَکْرٍ جَیِّدَۃٌ
4	عورت کا پاجامہ پاک ہے	سِرْوَالُ المَرْأَۃِ طَاھِرٌ
5	عبدالرسول خوب صورت ہے	عَبْدُالرَّسُوْلِ جَمِیْلٌ
6	فونٹین پن نفیس ہے	قَلَمُ الْحِبْرِ نَفِیْسٌ
7	جو کا آٹا نیا ہے	دَقِیْقُ الشَّعِیْرِ جَدِیْدٌ
8	مسجد کا پھاٹک کھلا ہے	بَوَّابَۃُ الْمَسْجِدِ مَفْتُوْحَۃٌ
9	لڑکی کا رومال میلا ہے	مِنْدِیْلُ الْبِنْتِ وَسِخٌ
10	سمندر کا پانی گرم ہے	مَاءُالْبَحْرِ حَمِیْمٌ
11	بادشاہ کا لڑکا عالم ہے	إِبْنُ السُّلْطَانِ عَالِمٌ
12	عبداللہ بیٹھا ہے	عَبْدُ اللّٰہِ جَالِسٌ
13	یہ چاول فائدہ مند ہے	ھٰذَا الأَرُزُّ نَافِعٌ
14	وہ بچہ خوب صورت ہے	ذٰلِکَ الصَّبِیُّ جَمِیْلٌ
15	یہ کنجی نئی ہے	ھٰذَا الْمِفْتَاحُ جَدِیْدٌ

سبق (۶) خبر بہ ترکیب اضافی

حل لغات: اَلشَّابُ: جوان، جمع شُبَّانٌ۔ اَللَّحْمُ: گوشت، جمع لُحُوْمٌ۔ اَلْجَامُوْسُ: بھینس، جمع جَوَامِیْسُ۔ اَللَّبَنُ: دودھ، جمع اَلْبَانٌ۔ اَلْقَرْیَۃُ: گاؤں، دیہات، جمع قُرِيٰ۔ حِنْطَۃٌ: گیہوں۔ سَمِیٌّ: ہم نام۔ عِمَادٌ: ستون، کھمبا، جمع عُمُدٌ۔ اَلشَّاۃُ: بکری، جمع شِیَاہٌ۔

1	زَیْدٌ وَلَدُ خَالِدٍ	زید خالد کا لڑکا ہے۔

(1)۔زَیْدٌوَلَدُخَالِدٍ:۔ زَیْدٌ مبتدا،وَلَدُ مضاف خَالِدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

2	هٰذَاالشَّابُ سَاكِنُ الْقَرْيَةِ	یہ جوان گاؤں کا رہنے والا ہے۔

(2)۔هٰذَا الشَّابُ سَاكِنُ الْقَرْيَةِ ۔هٰذَا اسم اشارہ،اَلشَّابُّ مشار الیہ،اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا،سَاكِنُ مضاف اَلْقَرْيَةِ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

3	ذٰلِكَ لَبَنُ الْبَقَرَةِ	وہ گائے کا دودھ ہے۔

(3)۔ذٰلِكَ لَبَنُ الْبَقَرَةِ۔ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا۔لَبَنُ_الْبَقَرَةِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

4	تِلْكَ بِنْتُ زَيْدٍ	وہ زید کی لڑکی ہے۔

(4)۔تِلْكَ بِنْتُ زَيْدٍ۔تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا ،بِنْتُ_زَیْدٍ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	هٰذَا لَحْمُ الْجَامُوْس	یہ بھینس کا گوشت ہے۔

(5)۔هٰذَا لَحْمُ الْجَامُوْسِ۔هٰذَا اسم اشارہ مبتدا،لَحْمُ الْجَامُوْسِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	هٰذِهِ الصَّبِيَّةُ بِنْتُ بِكْر	یہ بچی بکر کی بیٹی ہے۔

(6)۔ھٰذِہِ الصَّبِیَّۃُ بِنْتُ بَکْرٍ ۔ھٰذِہٖ اسم اشارہ،اَلصَّبِیَّۃُ مشار الیہ ،اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا،بِنْتُ بَکْرٍ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	عَمْرٌو صَاحِبُ الْمَالِ	عمرو مال والا ہے۔

(7)۔عَمْرٌو صَاحِبُ الْمَالِ ۔عَمْرٌو مبتدا،صَاحِبُ المَالِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

8	وَلَدُ الْعَالِمِ سَمِیُّ زَیْدٍ	عالم کا لڑکا زید کا ہمنام ہے۔

(8)۔وَلَدُ الْعَالِمِ سَمِیُّ زَیْدٍ ۔وَلَدُ الْعَالِمِ مرکب اضافی ہوکر مبتدا،سَمِیُّ زَیْدٍ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	ھٰذَا دَقِیْقُ الْحِنْطَۃِ	یہ گیہوں کا آٹا ہے۔

(9)۔ھٰذَا دَقِیْقُ الْحِنْطَۃِ ۔ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا،دَقِیْقُ الْحِنْطَۃِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	اَلدَّرَّاجَۃُ سَرِیْعَۃُ السَّیْرِ	سائیکل تیز رفتار ہے۔

(10)۔اَلدَّرَّاجَۃُ سَرِیْعَۃُ السَّیْرِ:اَلدَّرَّاجَۃُ مبتدا،سَرِیْعَۃُ السَّیْرِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

11	اَللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ	اللہ تعالی سارے عالم کا رب ہے۔

(11)۔اَللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ :اَللّٰہُ کلمہ جلالت مبتدا،رَبُّ_الْعَالَمِیْنَ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

1	محمدرَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه	محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں
2	وعلى آله وسلم	اللہ تعالیٰ کا ان پر اور ان کی آل پر درود وسلام ہو۔

(12)۔مُحَمَّدٌرَسُوْلُ اللّٰہِ۔مُحَمَّدٌ مبتدا،رَسُوْلُ اللّٰہِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَّعَلیٰ آلِہٖ وَسَلَّمَ۔صَلَّیَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب،اَللّٰہُ کَلمہ جلالت ذوالحال،تَعَالیٰ فعل ماضِی معروف،صیغہ واحد مذکرغائب اس میں ھُو کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال،ذوالحال اپنے حال سے مل کرفاعل ۔عَلَی حرف جار،ہِ مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف علیہ ،واو حرف عطف عَلیٰ حرف جار آلِہٖ مرکب اضافی ہوکر مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف ۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ظرف لغو صَلَّیَ فعل کا۔صَلَّیَ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر لفظاً جملہ خبریہ معنیً انشائیہ ہوکر معطوف علیہ ۔واو حرف عطف۔سَلَّمَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،فعل اپنے فاعل سے مل کر لفظاً خبریہ معنًی انشائیہ ہوکر معطوف ، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

13	اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْن	نماز دین کا ستون ہے۔

(13) اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ: اَلصَّلٰوۃُ مبتدا، عِمَادُ الدِّیْنِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

14	هٰذَانِ وَلَدَا خَالِد	یہ دو، خالد کے لڑکے ہیں۔

(14) هٰذَانِ وَلَدَا خَالِدٍ: هٰذَانِ اسم اشارہ مبتدا، وَلَدَا خَالِدٍ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

15	تَانِكَ بِنْتَا زَ یْدٍ	وہ دو زید کی بیٹیاں ہیں۔

(15)۔تَانِكَ بِنْتَا زَ یْدٍ: تَانِكَ اسم اشارہ مبتدا، بِنْتَا زَ یْدٍ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

16	هٰؤُلَاءِ مُتَعَلِّمُوا الْمَدْرَسَةِ	یہ سب مدرسہ کے طلبہ ہیں۔

(16)۔هٰؤُلَاءِ مُتَعَلِّمُوا المَدْرَسَةِ: هٰؤُلَاءِ_ اسم اشارہ مبتدا، مُتَعَلِّمُوا الْمَدْرَسَةِ_ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

17	أُوْلٰٓئِكَ الرِّجَالُ سَاكِنُوا الْبَلْدَةِ	وہ سب مرد شہر کے رہنے والے ہیں۔

(17)۔أُوْلٰٓئِكَ الرِّجَالُ سَاكِنُوا الْبَلْدَةِ: أُوْلٰٓئِكَ اسم اشارہ ،الرِّجَالُ مشار الیہ،اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا،سَاكِنُوا الْقَرْ يَةِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

18	هَاتَانِ المَرْأَتَانِ طَلِيْقَتَا الْوَجْهَيْنِ	یہ دو عورتیں ہنس مکھ ہیں۔

(18)۔هَاتَانِ اَلمَرْأَتَانِ طَلِيْقَتَا الْوَجْهَيْنِ :هَاتَانِ المَرْأَتَانِ مرکب اشاری ہوکر مبتدا،طَلِيْقَتَا الْوَجْهَيْنِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

19	اَلشَّاةُ غَيْرُ مَوْجُوْدَةٍ	بکری موجود نہیں ہے۔

(19)۔اَلشَّاةُ غَيْرُ مَوْجُوْدَةٍ:اَلشَّاةُ مبتدا،غَيْرُ مَوْجُوْدَةٍ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ: اس کتاب میں جہاں کہیں مرکب اشاری کہا جائے گا تو اس سے اسم اشارہ اور مشارالیہ کا مجموعہ مراد ہوگا، مرکب اضافی کی صورت میں مضاف اور مضاف الیہ کا مجموعہ، اور مرکب وصفی کی صورت میں موصوف وصفت کا مجموعہ مراد ہوگا، اختصار کے طور پر یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے آپ اسے الگ الگ بھی کرسکتے ہیں، اسی طرح مرکب اشاری میں هذَا کو پورا اسم اشارہ لکھا گیا ہے حالانکہ هَا حرف تنبیہ ذَا اسم اشارہ ہے آپ ترکیب کرتے وقت دونوں میں سے کوئی بھی طریقہ اختیار کرسکتے ہیں ۔اسی طرح ذٰلِكَ میں ”ذَا“اسم اشارہ ،”ل“حرف تبعید،”ك“حرف خطاب ہے ۔اس طرح کی کئی اور بھی مثالیں ہیں، مثلاً اِضْرِبْ فعل امر حاضر صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں أَنْتَ پوشیدہ جس میں أَنْ ضمیر فاعل تَا علامتِ خطاب ہے، لیکن اس کتاب سے استفادہ کرنے والوں سے گزارش ہے کہ طلبہ کو پڑھاتے وقت یہ تفصیل بیان نہ کریں بلکہ انھیں پورا اسم اشارہ وغیرہ بتائیں کیوں کہ یہ کتاب ابتدائی طلبہ کے لیے ہے ،ہاں جب انھیں دوسرا حصہ پڑھایا جائے یا کتاب مکمل ہوجائے تو اب اس کی طرف توجہ کرادی جائے، ترکیب کرتے وقت هَذَا سے شروع ہونے والے جملوں کی بعض مقامات پر اسی تفصیل سے ترکیب لکھ دی ہے باقی مقامات پر بھی یہی طریقہ اختیار کرسکتے ہیں۔

مشق
عربی میں ترجمہ کریں

شمار	اردو	عربی
1	وہ بھینس کا گوشت ہے	ذٰلِكَ لَحْمُ الْجَامُوْسِ
2	یہ بکری کا دودھ ہے	هٰذَا لَبَنُ الشَّاةِ
3	خالد بکر کا لڑکا ہے	خَالِدٌ وَلَدُ بَكْرٍ
4	گاؤں کا رہنے والا حاضر ہے	سَاكِنُ الْقَرْيَةِ حَاضِرٌ
5	بکر کا ہمنام مالدار ہے	سَمِيُّ بَكْرٍ غَنِيٌّ
6	یہ مرد تیز رفتار ہے	هٰذَا الرَّجُلُ سَرِيْعُ السَّيْرِ
7	مسجد کا ستون لمبا ہے	عِمَادُ الْمَسْجِدِ طَوِيْلٌ
8	گیہوں کا آٹا خراب ہے	دَقِيْقُ الْحِنْطَةِ رَدِيٌّ
9	یہ لڑکی زید کی بیٹی ہے	هٰذِهِ الْوَلِيْدَةُ بِنْتُ زَيْدٍ
10	یہ عبدالرسول ہے	هٰذَا عَبْدُ الرَّسُوْلِ
11	یہ دو بکر کی سائیکلیں ہیں	هَاتَانِ دَرَّاجَتَا بَكْرٍ
12	یہ عورتیں ہنس مکھ ہیں	هٰؤُلَاءِ النِّسَاءُ طَلِيْقَاتُ الْوُجُوْهِ

سبق (۷) مبتدا بہ ترکیب وصفی

حل لغات: اَلسِّکِّیْنُ: چھری، جمع سَکَاکِیْنُ۔ اَلسَّفِیْہُ: بے وقوف، جمع سُفَھَاءُ ۔ اَلْحَدِیْدُ: لوہا ، تیز۔ طَلِیْقُ الْوَجْہِ: ہنس مکھ ۔ نَبِیْہٌ: ہوشیار، جمع نُبَھَاءُ.

قاعدہ: مبتدا کے بعد خبر کی جگہ کوئی اسم صفت ہو تو وہ براہ راست خبر نہ ہوگا بلکہ اپنے فاعل یا نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوگا جیسے: اَللّٰہُ عَلِیْمٌ

ترکیب: اَللّٰہُ: اسمِ جلالت مبتدا، عَلِیْمٌ: صفت مشبہ، صیغہ واحد مذکر، اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (رہنمائے ترکیب: ص۲۱)

شمار	عبارت	ترجمہ
1	اَلعَالِمُ السُّنِّیُّ نَبِیْہٌ	سنی عالم ہوشیار ہے۔

(1)۔اَلْعَالِمُ السُّنِّيُّ نَبِيْهٌ: اَلْعَالِمُ موصوف، اَلسُّنِّیُّ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، نَبِیْہٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	اَلرَّجُلُ الْعَاقِلُ کَرِیْمٌ	عقل مند مرد شریف ہے۔

(2)۔اَلرَّجُلُ الْعَاقِلُ کَرِیْمٌ :اَلرَّجُلُ موصوف اَلْعَاقِلُ صفت ، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، کَرِیْمٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

3	اَلمَرْأَةُ المُسْلِمَةُ صَادِقَةٌ	مسلمان عورت سچی ہے۔

(3)۔اَلمَرْأَةُ المُسْلِمَةُ صَادِقَةٌ : اَلمَرْأَةُ موصوف ، اَلْمُسْلِمَةُ صفت ، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، صَادِقَةٌ اسم فاعل صیغہ واحد مؤنث، اس میں هِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

4	اَلطَّيَّارَةُ الْجَدِيْدَةُ نَفِيْسَةٌ	نیا ہوائی جہاز عمدہ ہے۔

(4)۔اَلطَّيَّارَةُ الْجَدِيْدَةُ نَفِيْسَةٌ: اَلطَّيَّارَةُ موصوف، اَلْجَدِيْدَةُ صفت ، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، نَفِيْسَةٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مؤنث اس میں هِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	اَلْمَاءُ النَّظِيْفُ بَارِدٌ	صاف پانی ٹھنڈا ہے۔

(5)۔اَلمَاءُ النَّظِيْفُ بَارِدٌ۔ اَلمَاءُ موصوف، اَلنَّظِيْفُ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، بَارِدٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر، اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	اَلسَّيَّارَةُ الْجَيِّدَةُ ثَمِيْنَةٌ	نیا موٹر قیمتی ہے۔

(6)۔اَلسَّیَّارَۃُ الْجَیِّدَۃُ ثَمِیْنَۃٌ .اَلسَّیَّارَۃُ موصوف اَلْجَیِّدَۃُ صفت ،موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا،ثَمِیْنَۃٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مؤنث اس میں ھِیَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	اَلرَّجُلُ الْجَاھِلُ سَفِیْہٌ	جاہل مرد بے وقوف ہے۔

(6)اَلرَّجُلُ الْجَاھِلُ سَفِیْہٌ.اَلرَّجُلُ موصوف،اَلْجَاھِلُ صفت ، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا،سَفِیْہٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

8	زَیدُ الْعَاقِلُ سُنِّیٌّ	عقل مند زید سنی ہے۔

(8)۔زَیدُ الْعَاقِلُ سُنِّیٌّ۔زَیْدٌ موصوف،اَلْعَاقِلُ صفت ،موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا،سُنِّیٌّ خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	ھٰذَا السِّکِّیْنُ حَدِیْدٌ	یہ چھری تیز ہے۔

(9)۔ھٰذَا السِّکِیْنُ حَدِیْدٌ ۔ھٰذَا اسم اشارہ،اَلسِّکِّیْنُ مشار الیہ،اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا،حَدِیْدٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	خَالِدٌ طَلِیْقُ الْوَجْہِ	خالد ہنس مکھ ہے۔

(10)۔خَالِدٌ طَلِيْقُ الْوَجْهِ۔ خَالِدٌ مبتدا، طَلِيْقُ الْوَجْهِ مرکب اضافی ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	تیز چھری قیمتی ہے	اَلسِّكِّيْنُ الْحَدِيْدُ ثَمِيْنٌ
2	ہوشیار عورت مسلمان ہے	اَلْمَرْأَةُ النَّبِيْهَةُ مُسْلِمَةٌ
3	نیا موٹر تیز رفتار ہے	اَلسَّيَّارَةُ الْجَدِيْدَةُ سَرِيْعَةُ السَّيْرِ
4	گرم پانی پاک ہے	اَلْمَاءُ الْحَمِيْمُ طَاهِرٌ
5	لمبا تولیہ میلا ہے	اَلْمِنْشَفُ الطَّوِيْلُ وَسِخٌ
6	یہ دو موٹر نئے ہیں	هَاتَانِ السَّيَّارَتَانِ جَدِيْدَتَانِ
7	وہ ہوائی جہاز خراب ہے	تِلْكَ الطَّيَّارَةُ رَدِيَّةٌ
8	بے وقوف مرد مالدار ہے	الرَّجُلُ السَّفِيْهُ غَنِيٌّ
9	وہ اسٹیمر تیز رفتار ہے	تِلْكَ الْبَاخِرَةُ سَرِيْعَةُ السَّيْرِ

سبق (۸) خبر بہ ترکیب وصفی

حل لغات: صَدِيْقٌ: دوست، جمع اَصْدِقَاءُ۔ طَبِيْبٌ: طبیب، حکیم، ڈاکٹر، جمع اَطِبَّاءُ۔ حَاذِقٌ: ماہر، تجربہ کار۔ صَمِيْمٌ: گہرا، خالص۔ رَفِيْقٌ: ساتھی، دوست، جمع رُفَقَاءُ۔ عَفِيْفٌ: پاک دامن، پارسا، جمع اَعِفَّةٌ وَ عِفُّوْنَ۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	هٰذَا الرَّجُلُ طَبِيْبٌ حَاذِقٌ	یہ مرد ماہر ڈاکٹر ہے۔

(1)۔هٰذَا الرَّجُلُ طَبِيْبٌ حَاذِقٌ۔هٰذَا اسم اشارہ،اَلرَّجُلُ مشار الیہ،اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا،طَبِيْبٌ موصوف،حَاذِقٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت،موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	خَالِدٌ صَدِيْقٌ صَمِيْمٌ	خالد گہرا دوست ہے۔

(2)۔خَالِدٌ صَدِيْقٌ صَمِيْمٌ ۔خَالِدٌ مبتدا،صَدِيْقٌ موصوف،صَمِيْمٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت،موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	زَيْدٌ وَلَدٌ سَعِيْدٌ	زید نیک لڑکا ہے۔

(3)۔زَيْدٌ وَلَدٌ سَعِيْدٌ .زَيْدٌ مبتدا،وَلَدٌ موصوف،سَعِيْدٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت،موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
4	اَلرَّجُلُ رَفِيْقٌ حَبِيْبٌ	مرد پیارا دوست ہے۔

(4) اَلرَّجُلُ رَفِیْقٌ حَبِیْبٌ ۔اَلرَّجُلُ مبتدا، رَفِیْقٌ موصوف، حَبِیْبٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	هٰذِهٖ بِنْتٌ عَفِیْفَةٌ	یہ پارسا لڑکی ہے۔

(5)۔هٰذِهٖ بِنْتٌ عَفِیْفَةٌ. هٰذِهٖ اسم اشارہ مبتدا، بِنْتٌ موصوف، عَفِیْفَةٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مؤنث اس میں هِیَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی

1	یہ طبیب شریف آدمی ہے	هٰذَا الطَّبِيْبُ رَجُلٌ كَرِيْمٌ
2	وہ عالم گہرا دوست ہے	ذٰلِكَ الْعَالِمُ صَدِيْقٌ صَمِيْمٌ
3	خالد پیارا لڑکا ہے	خَالِدٌ وَلَدٌ حَبِيبٌ
4	زید کی عورت پارسا ہے	زَوْجَةُ زَيْدٍ عَفِيْفَةٌ
5	وہ پختہ سڑک ہے	ذٰلِكَ شَارِعٌ مُعَبَّدٌ
6	یہ سیدھا راستہ ہے	هٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيْمٌ
7	وہ دو طبیب مسلمان ہیں	ذَانِكَ الطَّبِيْبَانِ مُسْلِمَانِ
8	وہ دو طالب علم پارسا ہیں	ذَانِكَ الطَّالِبَانِ عَفِيْفَانِ
9	وہ دو بچیاں خوب صورت ہیں	تَانِكَ الصَّبِيَّتَانِ جَمِيْلَتَانِ

سبق (۹) مبتدا بہ ضمیر

ضمیر: وہ اسم ہے جو متکلّم یا حاضر یا غائب کو بتانے کے لیے مقرر کیا گیا ہو۔ جیسے أَنَا (میں، مذکر و مؤنث واحد متکلّم دونوں کے لیے)۔ أَنْتَ (تو، واحد مذکر حاضر کے لیے ،أَنْتِ واحد مؤنث حاضر کے لیے)۔ هُوَ (وہ، واحد مذکر کے لیے)۔ نَحْنُ (ہم، ہم دو، ہم لوگ، مذکر و مؤنث کے لیے)۔ أَنْتُمْ (تم لوگ)۔

ترجمہ: هُوَ :وہ (مذکر)۔ هُمَا :وہ دو (تثنیہ مذکر)۔ هُم :وہ سب (جمع مذکر غائب) ۔هِيَ :وہ (مؤنث)۔ هُنَّ :وہ سب (جمع مؤنث غائب)۔ بَطَلٌ : بہادر، (جمع اَبْطَالٌ)۔ رَاقِدٌ: سونے والا۔

شمار	عبارت	ترجمہ

1	هُوَ رَجُلٌ	وہ مرد ہے۔

(1)۔هُوَ رَجُلٌ .هُوَ ضمیر مرفوع منفصل (برائے واحد مذکر) مبتدا، رَجُلٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

2	هُمَا مُسْلِمَانِ	وہ دو مسلمان ہیں۔

(2)۔هُمَا مُسْلِمَانِ. هُمَا ضمیر مرفوع منفصل (برائے تثنیہ مذکر غائب) مبتدا، مُسْلِمَانِ اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں هُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

3	هُمْ جَالِسُوْنَ	وہ (لوگ) بیٹھے ہیں۔

(3)۔هُمْ جَالِسُوْنَ. هُمْ ضمیر مرفوع منفصل (برائے جمع مذکر غائب) مبتدا ، جَالِسُوْنَ اسم فاعل صیغہ جمع مذکر، اس میں هُمْ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

4	هِيَ اِمْرَأَةٌ	وہ عورت ہے۔

(4)۔هِيَ اِمْرَأَةٌ. هِيَ ضمیر مرفوع منفصل (برائے واحد مؤنث) مبتدا، اِمْرَأَةٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	هُمَا مُؤْمِنَتَانِ	وہ دو مومنہ (عورتیں) ہیں۔

(5)۔هُمَا مُؤْمِنَتَانِ. هُمَا ضمیر مرفوع منفصل (برائے تثنیہ مؤنث غائب) مبتدا ،مُؤْمِنَتَانِ اسم فاعل صیغہ تثنیہ مؤنث اس میں هُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	هُنَّ جَاهِلَاتٌ	وہ سب (عورتیں) جاہل ہیں۔

(6)۔هُنَّ جَاهِلَاتٌ. هُنَّ ضمیر مرفوع منفصل (برائے جمع مؤنث غائب) مبتدا، جَاهِلَاتٌ اسم فاعل صیغہ جمع مؤنث اس میں هُنَّ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	أَنْتَ بَطَلٌ	تو بہادر ہے۔

(7)۔أَنْتَ بَطَلٌ. أَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل (برائے واحد مذکر حاضر) مبتدا، بَطَلٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں أَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

8	أَنْتِ رَاقِدَةٌ	تو سوئی ہے۔

(8)۔أَنْتِ رَاقِدَةٌ۔ أَنْتِ ضمیر مرفوع منفصل (برائے واحد مؤنث حاضر) مبتدا، رَاقِدَةٌ اسم فاعل صیغہ واحد مؤنث ،اس میں أَنْتِ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	أَنْتُمَا كَاتِبَانِ	تم دونوں کاتب ہو۔

(9)۔أَنْتُمَا كَاتِبَانِ. أَنْتُمَا ضمیر مرفوع منفصل (برائے تثنیہ مذکر حاضر) كَاتِبَانِ اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں أَنْتُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	أَنْتُمْ أَبْطَالٌ	تم سب بہادر ہو۔

(10)۔أَنْتُمْ أَبْطَالٌ. أَنْتُمْ ضمیر مرفوع منفصل (برائے جمع مذکر حاضر) مبتدا، أَبْطَالٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

11	أَنْتُنَّ مُؤْمِنَاتٌ	سب ایمان والی ہو۔

(11)۔أَنْتُنَّ مُؤْمِنَاتٌ. أَنْتُنَّ ضمیر مرفوع منفصل (برائے جمع مؤنث حاضر) مبتدا، مُؤْمِنَاتٌ اسم فاعل صیغہ جمع مؤنث اس میں أَنْتُنَّ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

12	أَنْتُمَا جَمِيْلَتَانِ	تم دونوں جمال والی ہو۔

(12)۔أَنْتُمَا جَمِيْلَتَانِ. أَنْتُمَا ضمیر مرفوع منفصل (برائے تثنیہ مؤنث حاضر) مبتدا، جَمِيْلَتَانِ صفت مشبہ صیغہ تثنیہ مؤنث اس میں أَنْتُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

13	أَنَا صَاحِبُ الْمَالِ	میں مال دار ہوں۔

(13)۔أَنَا صَاحِبُ المَالِ. أَنَا ضمیر مرفوع منفصل (برائے مذکر مؤنث واحد متکلّم) مبتدا، صَاحِبُ المَالِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

14	نَحْنُ أَهْلُ السُّنَّةِ	ہم سب اہل سنت ہیں۔

(14)۔نَحْنُ أَھْلِ السُّنَّۃِ. نَحْنُ ضمیر مرفوع منفصل (برائے جمع مذکر مؤنث و متکلّم)مبتدا،أَھْلُ السُّنَّۃِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

15	أَنْتَ شَافِعِيٌّ	توشافعی ہے۔

(15)۔أَنْتَ شَافِعِيٌّ۔أَنتَ ضمیر مرفوع منفصل (برائے واحد مذکر حاضر) مبتدا ،شَافِعِيٌّ. اسم منسوب اس میں أَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل،اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

16	أَنَا حَنَفِيٌّ	میں حنفی ہوں۔

(16)۔أنَا حَنَفِيٌّ. أَنَاضمیر مرفوع منفصل مبتدا،حَنَفِيٌّ اسم منسوب،اس میں أَنَاضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل ،اسم منسوب اپنے نائب سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

17	نَحْنُ مُتَعَلِّمَانِ	ہم دو طالب علم ہیں۔

(17)۔نَحْنُ مُتَعَلِّمَانِ. نَحْنُ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا،مُتَعَلِّمَانِ اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکراس میں نَحْنُ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

18	أَنْتُنَّ جَالِسَاتٌ	تم سب بیٹھی ہو۔

(18)۔أَنْتُنَّ جَالِسَاتٌ: أَنْتُنَّ ضمیر مرفوع منفصل (برائے جمع مؤنث حاضر) مبتدا، جَالِسَاتٌ اسم فاعل صیغہ جمع مؤنث اس میں أَنْتُنَّ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

19	هٰؤُلَاءِ الْوِلْدَانُ طَلِيْقُوْ الْوُجُوْهِ	یہ لڑکے ہنس مکھ ہیں۔

(19)۔هٰؤُلَاءِ الْوِلْدَانُ طَلِيْقُوا الْوُجُوْهِ. هٰؤُلَاءِ اسم اشارہ اَلْوِلْدَانُ مشار الیہ، اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا، طَلِيْقُو الْوُجُوْهِ مرکب اضافی ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	وہ سوئی ہے	هِيَ رَاقِدَةٌ
2	وہ بہادر ہے	هُوَ بَطَلٌ
3	وہ (لوگ) اہل سنت ہیں	هُمْ أَهْلُ السُّنَّةِ
4	تو ہوشیار ہے	أَنْتَ نَبِيْهٌ
5	تم سب علم والی ہو	أَنْتُنَّ عَالِمَاتٌ
6	ہم (لوگ) ہنس مکھ ہیں	نَحْنُ طَلِيْقُوا الْوُجُوْهِ
7	میں جمال والی ہوں	أَنَا جَمِيْلَةٌ

8	زید شافعی ہے	زَ یْدٌ شَافِعِیٌّ
9	وہ حنفی ہے	هُوَ حَنَفِيٌّ
10	وہ دو ریلوے انجن ہیں	هُمَا قَاطِرَتَانِ
11	میں سویا ہوں	أَنَا رَاقِدٌ
12	میں زید کی بیٹی ہوں	أَنَا بِنْتُ زَ یْدٍ
13	ہم سب گاؤں کی عورتیں ہیں	نَحْنُ نِسَاءُ الْقَرْ يَةِ
14	تو زید کی لڑکی ہے	أَنْتِ وَلِيْدَةُ زَ يْدٍ
15	تم دونوں بیٹھی ہو	أَنْتُمَا جَالِسَتَانِ
16	تم (لوگ) مسلمان ہو	أَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ
17	وہ طلبہ گاؤں کے رہنے والے ہیں	أُوْلَئِكَ الطُّلَّابُ سَاكِنُوا الْقَرْ يَةِ
18	زید کے دو لڑکے بیٹھے ہیں	وَلَدَا زَ يْدٍ جَالِسَانِ
19	خالد کی دو عورتیں ہنس مکھ ہیں	زَوْجَتَا خَالِدٍ طَلِيقَتَا الْوَجْهَيْنِ
20	ہم دو بہادر ہیں	نَحْنُ بَطَلَانِ

سبق (۱۰) جملہ فعلیہ

فاعل: وہ اسم ہے جو فعل کے بعد ہو اور اس سے فعل کا تعلق بطور قیام ہو، جیسے ضَرَبَ زَ یْدٌ یعنی مارا زید نے، اس مثال میں زَ یْدٌ فَاعل ہے۔

ترجمہ: اَلنَّاسُ: لوگ۔ رَكِبَ: وہ سوار ہوا۔ سَمِعَ: اس نے سنا۔ مَضْمَضَ: کلی کی۔ آمِنُوا: لوگ ایمان لائے۔ زَهَقَ: فنا ہوا، مٹا۔ نَصَرَ: اس نے مدد کی۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	آمَنَ النَّاسُ	ایمان لائے لوگ۔

(1)۔آمَنَ النَّاسُ: آمَنَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلنَّاسُ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	رَکِبَ زَیْدٌ	سوار ہوا زید۔

(2)۔رَکِبَ زَیْدٌ: رَکِبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،زَیْدٌ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	سَمِعَ الْوَلَدُ	سنا لڑکے نے۔

(3)۔سَمِعَ الْوَلَدُ: سَمِعَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،اَلْوَلَدُ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
4	نصَرَتْ بِنْتٌ	مدد کی ایک لڑکی نے۔

(4)۔نَصَرَتْ بِنْتٌ: نَصَرَتْ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب ، بِنْتٌ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
5	آمَنَتْ	ایمان لائی وہ۔

(5)۔آمَنَتْ: آمَنَتْ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اس میں ھِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
6	لَنْ یَرْکَبَ خَالِدٌ	ہرگز نہیں سوار ہوگا خالد۔

(6)۔لَنْ یَّرْکَبَ خَالِدٌ :لَنْ یَّرْکَبَ فعل نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف صیغہ واحد مذکر غائب خَالِدٌ فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	اِسْمَعُوا	سنو تم سب مذکر۔

(7)۔اِسْمَعُوا: اِسْمَعُوا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

8	مَضْمَضَ رَجُلٌ	کلی کی ایک مرد نے۔

(8)۔مَضْمَضَ رَجُلٌ: مَضْمَضَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،رَجُلٌ فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

9	زَھَقَ الْبَاطِلُ	مٹ گیا باطل۔

(9)۔زَھَقَ الْبَاطِلُ :زَھَقَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب،اَلْبَاطِلُ فاعل ،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

10	لَمْ یَرْکَبُوا	نہیں سوار ہوئے وہ لوگ۔

(10)۔لَمْ یَرْکَبُوا: لَمْ یَرْکَبُوا فعل نفی جحد بلم در فعل مستقبل معروف صیغہ جمع مذکر غائب،اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

11	سَمِعْنَا	سنا ہم نے۔

(11)۔سَمِعْنَا :سَمِعْنَا فعل ماضی معروف صیغہ جمع متکلّم نَا ضمیر مرفوع متّصل بارز فاعل ،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

12	اِرْكَبُوا	سوار ہو تم کئی مذکر۔

(12)۔اِرْكَبُوا: اِرْكَبُوا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر مرفوع بارز فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

13	اِسْمَعِيْ	سن تو ایک عورت۔

(13)۔اِسْمَعِيْ: اِسْمَعِي فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مؤنث حاضر اس میں یا ضمیر مرفوع بارز فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

اردو	عربی	اردو	عربی
ایمان لایا زید	آمَنَ زَيْدٌ	سنا انہوں نے	سَمِعُوا
کلی کی میں نے	مَضْمَضْتُ	سوار ہوئی وہ	رَكِبَتْ
مدد کی اس نے	نَصَرَتْ	ہر گز نہیں سنے گا بکر	لَنْ يَسْمَعَ بَكْرٌ
مارا لوگوں نے	ضَرَبَ النَّاسُ	نہیں سنا عمرو نے	لَمْ يَسْمَعْ عَمْرٌو
مدد کی ایک عورت نے	نَصَرَتْ اِمْرَأَةٌ	قیمتی تولیا نیا ہے	اَلْمِنْشَفُ الثَّمِيْنُ جَدِيْدٌ
میں ہنس مکھ ہوں		أَنَا طَلِيْقُ الْوَجْهِ	

سبق (۱۱) فاعل بہ ترکیب وصفی

حل لغات: تَرْجَمَ اس نے ترجمہ کیا، صیغہ واحد مذکر غائب (رباعی مجرد)۔ یَذْھَبُ :مضارع معروف ،واحد مذکر غائب وہ جاتا ہے یا جائے گا (فتح)۔ قَرَءَ :ماضِی معروف واحد مذکر غائب اس ایک مذکر نے پڑھا (فتح)۔ جَلَسَ: ماضِی معروف، واحد مذکر غائب وہ بیٹھا۔ ذَھِیْنٌ :ذہین ۔ غَبِيٌّ :کند ذہن، نابلد، جمع اَغْبِیَاءُ ۔ نَبِیْهٌ :ہوشیار عقل مند، جمع نُبَھَاءُ

شمار	عبارت	ترجمہ
1	قَرَأَ وَلَدَانِ سَعِیْدَانِ	پڑھا دو نیک بخت لڑکوں نے

(1)۔قَرَأَ وَلَدَانِ سَعِیْدَانِ : قَرَأَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب، وَلَدَانِ موصوف سَعِیْدَانِ صفت مشبہ صیغہ تثنیہ مذکر اس میں ھُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	تَرْجَمَ الْعَالِمُ النَّبِیْهُ	ہوشیار عالم نے ترجمہ کیا

(2)۔تَرَجَمَ الْعَالِمُ النَّبِیْهُ: تَرْجَمَ ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،اَلْعَالِمُ موصوف اَلنَّبِیْهُ صفت مشبہ اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	یَذْھَبُ الْمُسْلِمُوْنَ الصَّالِحُوْنَ	جاتے ہیں نیک مسلمان

(3)۔يَذْهَبُ الْمُسْلِمُوْنَ الصَّالِحُوْنَ :يَذْهَبُ مضارع معروف واحد مذکر غائب،اَلْمُسْلِمُوْنَ موصوف اَلصَّالِحُوْنَ اسم فاعل صیغہ جمع مذکر اس میں هُمْ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت،موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل،فعل معروف اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

4	يَقْرَأُ زَيْدُنِ الْغَبِيُّ	پڑھتا ہے کند ذہن لڑکا

(4)۔يَقْرَءُ زَيْدُ نِ الْغَبِّيُ .يَقْرَءُ مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،زَيْدٌ موصوف،اَلْغَبِيُّ صفت،موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

5	جَلَسَتِ الْمَرْأَتَانِ الْعَاقِلَتَانِ	بیٹھیں دو عقل مند عورتیں

(5)۔جَلَسَتِ الْمَرْأَتَانِ الْعَاقِلَتَانِ۔جَلَسَتْ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اَلْمَرْأَتَانِ موصوف،اَلْعَاقِلَتَانِ اسم فاعل اس کی هُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے سے مل شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت،موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	يَسْمَعُ وَلَدٌ ذَهِيْنٌ	سنتا ہے ذہین لڑکا

(6)۔يَسْمَعُ وَلَدٌ ذَهِينٌ.يَسْمَعُ مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب ، وَلَدٌ موصوف ذَهِيْنٌ صفت،موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل ،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	جَلَسَ صَبِيٌّ سَعِيْدٌ	بیٹھا نیک بخت بچہ

(7). جَلَسَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،صَبِیٌّ موصوف،سَعِیْدٌ صفت مشبہ اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

عربی	اردو	شمار
تَرْجَمَ الْوَلَدُ الذَّھِیْن	ترجمہ کیا ذہین لڑکے نے	1
تَقْرَأُ الْمَرْأَۃُ الْعَا قِلَۃُ	پڑھتی ہے عقلمند عورت	2
تَذْھَبُ النِّسَاءُ الْمُسْلِمَاتُ	جاتی ہیں مسلم عورتیں	3
یَذْھَبُ الْمُسْلِمُوْنَ الأَبْطَالُ	جائیں گے بہادر مسلمان	4
جَلَسَ وَلَدَانِ غَبِیَّانِ	بیٹھے دو کند ذہن لڑکے	5
رَکِبَ وَلَدٌ سَعِیْدٌ	سوار ہوا نیک بخت لڑکا	6
یَسْمَعُ عَالِمَانِ مُسْلِمَانِ	سنتے ہیں دو مسلمان عالم	7
قَرَأَتِ الْمَرْأَتَانِ الْمُؤْ مِنَتَانِ	پڑھا دو مومن عورتوں نے	8
یَنْصُرُ زَیْدُنِ النَّبِیْهُ	مدد کرے گا ہوشیار زید	9

سبق (۱۲) فاعل بہ ترکیب اضافی

حل لغات: أَمَرَ : حکم دیا اس نے ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (نصر) ۔یَضْحَكُ: ہنستا ہے یا ہنسے گا ایک مرد فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (سمع) ۔یَلْعَبُ :کھیلتا ہے یا کھیلے گا وہ ایک مرد۔ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (سمع)

۔اَلْوِلْدَانُ لڑکے۔واحدوَلَدٌ۔اَلزَّوْجَۃُ:بیوی۔یُتَرْجِمُ:ترجمہ کرتا ہے یاکرے گاوہ ایک مرد۔فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب(باب فعللۃ)

شمار	عبارت	ترجمہ
1	اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ	حکم دیااللہ کے رسول اللہ ﷺ نے۔

(1)۔أَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلَّمَ) .أَمَرَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب رَسُوْل مضاف،اَللّٰہِ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کرفاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کرجملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلَّمَ: اس جملہ کی ترکیب سبق(٦)جملہ نمبر(١٢)میں کردی گئی ہے وہاں سے دیکھ لیں۔

2	ذَھَبَ صَاحِبُ الْمَالِ	گیامالدار۔

(2)۔ذَھَبَ صَاحِبُ الْمَالِ: ذَھَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب صَاحِبُ مضاف اَلْمَالِ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کرفاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کرجملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

3	یَلْعَبُ وِلْدَانُ الْمَدْرَسَۃِ	کھیلتے ہیں مدرسہ کے لڑکے۔

(3).**يَلْعَبُ وِلْدَانُ المَدْرَسَةِ**:يَلْعَبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب وِلْدَانُ مضاف اَلْمَدْرَسَةِ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

4	تَرْجَمَ عُلَمَاءُ الْإِسْلَامِ	ترجمہ کیا اسلام کے علما نے۔

(4)۔**تَرْجَمَ عُلَمَاءُ الإِسْلَامِ**: تَرْجَمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب عُلَمَاءُ مضاف اَلاِسْلَامِ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

5	يُتَرْجِمُ عَمُّ خَالِدٍ	ترجمہ کرتے ہیں خالد کے چچا۔

(5)۔**يُتَرْجِمُ عَمُّ خَالِدٍ**:يُتَرْجِمُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب عَمُّ مضاف خَالِدٍ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	تَذْهَبُ نَسَاءُ الْقَرْيَةِ	جاتی ہیں گاؤں کی عورتیں۔

(6)۔**تَذْهَبُ نِسَاءُ الْقَرْيَةِ** : تَذْهَبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب نِسَاءُ مضاف اَلْقَرْيَةِ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	غَسَلَتْ زُوْجَةُ زَيْدٍ	دھویا زید کی بیوی نے۔

(7)۔غَسَلَتْ زَوْجَۃُ زَیْدٍ :غَسَلَتْ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب زَوْجَۃُ مضاف زَیْدٍ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

8	یَضْحَكُ عَبْدُ الرَّسُوْلِ	ہنستا ہے عبد الرسول۔

(8)۔یَضْحَكُ عَبْدُ الرَّسُوْلِ :یَضْحَكُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب عَبْدُ مضاف اَلرَّسُوْلِ مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

9	قَرَأَتْ بَنَاتُ بَكْرٍ	پڑھا بکر کی بیٹیوں نے

(9)۔قَرَأَتْ بَنَاتُ بَكْرٍ .قَرَأَتْ:فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب بَنَاتُ مضاف بَكْرٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	مدد کی اللہ کے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے	نَصَرَ رَسُوْلُ اللهِ

2	ترجمہ کیا زید کے لڑکے نے	تَرْجَمَ وَلَدُ زَيْدٍ
3	سنا خالد کی بیوی نے	سَمِعَتْ زَوْجَةُ خَالِدٍ
4	دھوتی ہیں گاؤں کی عورتیں	تَغْسِلُ نِسَاءُ الْقَرْيَةِ
5	پڑھتے ہیں بکر کے لڑکے	يَقْرَءُ وِلْدَانُ بَكْرٍ
6	سوار ہوے علماء اسلام	رَكِبَ عُلَمَاءُ الْإِسْلَامِ
7	ہنستی ہیں خالد کی لڑکیاں	تَضْحَكُ بَنَاتُ خَالِدٍ
8	کھیلتا ہے زید کا چچا	يَلْعَبُ عَمُّ زَيْدٍ
9	بکر کی بیٹی پارسا ہے	بِنْتُ بَكْرٍ عَفِيْفَةٌ
10	زید کی بیٹی ہنس مکھ ہے	بِنْتُ زَيْدٍ طَلِيْقَةُ الْوَجْهِ
11	یہ خالد کی کتاب ہے	هٰذَا كِتَابُ خَالِدٍ
12	سنتے ہیں مدرسہ کے طالب علم	يَسْمَعُ مُتَعَلِّمُوْا الْمَدْرَسَةِ
13	پڑھا خالد کی دو بیویوں نے	قَرَأَتْ زَوْجَتَا خَالِدٍ

سبق (۱۳) فاعل بہ ترکیب اشارہ و مشار الیہ

حل لغات: اَقْرَأَ : پڑھایا ۔ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (افعال)۔ فَهَّمَ: سمجھایا۔ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (تفعیل)۔ عَلَّمَ: تعلیم دی۔ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (تفعیل)۔ اَلْمَوْلَوِيُّ :مولوی ۔ اَلمُقَاتَلَةُ :جنگ کرنا ۔(مصدر مفاعلۃ)۔ اَلمُنَاظَرَۃُ: مناظرہ کرنا (مصدر، مفاعلۃ)

شمار	عبارت	ترجمہ
1	أَقْرَأَ هٰذَا الْمَوْلَوِيُّ	پڑھایا اس مولوی نے۔

(1)۔**أَقْرَأَ هٰذَا الْمَوْلَوِيُّ** : أَقْرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب هٰذَا اسم اشارہ اَلْمَوْلَوِيُّ مشار الیہ ،اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	عَلَّمَتْ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ	تعلیم دی اس عورت نے۔

(2)۔**عَلَّمَتْ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ** :**عَلَّمَتْ** فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب هٰذِهِ اسم اشارہ اَلْمَرْأَةُ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کرفاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	تَقْرَأُ تِلْكَ الصَّبِيَّةُ	پڑھتی ہے وہ بچی۔

(3)۔**تَقْرَأُ تِلْكَ الصَّبِيَّةُ** :تَقْرَأُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب تِلْكَ اسم اشارہ اَلصَّبِيَّةُ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کرفاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
4	قَاتَلَ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ	جنگ کیا ان مردوں نے۔

(4)۔**قَاتَلَ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ** : قَاتَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب هٰؤُلَاءِ اسم اشارہ اَلرِّجَالُ مشار الیہ ۔اسم اشارہ اپنے مشار سے مل کر فاعل ۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
5	نَاظَرَ تِلْكَ الْعُلَمَاءُ	مناظرہ کیا ان علماء نے۔

(5)۔نَاظَرَ تِلْكَ الْعُلَمَاءُ: نَاظَرَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب تِلْكَ اسم اشارہ اَلْعُلَمَاءُ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	فَهَّمَ ذٰلِكَ السُّنِّيُّ	سمجھایا اس سنی نے۔

(6)۔فَهَّمَ ذٰلِكَ السُّنِّيُّ: فَهَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ذٰلِكَ اسم اشارہ اَلسُّنِّيُّ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	ذَهَبَتْ هٰذِهِ الْبَنَاتُ	گئیں یہ لڑکیاں۔

(7)۔ذَهَبَتْ هٰذِهِ الْبَنَاتُ: ذَهَبَتْ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب هٰذِهِ اسم اشارہ اَلْبَنَاتُ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

8	قَرَأَ هٰذَانِ الْوَلَدَانِ	پڑھا ان دو لڑکوں نے۔

(8)۔قَرَأَ هٰذَانِ الْوَلَدَانِ: قَرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب هٰذَانِ اسم اشارہ اَلْوَلَدَانِ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی

1	پڑھتا ہے وہ لڑکا	يَقْرَأُ ذٰلِكَ الْوَلَدُ
2	سمجھائے گا وہ عالم	يُفَهِّمُ ذٰلِكَ الْعَالِمُ
3	پڑھاتی ہے وہ عورت	تُقْرِأُ تِلْكَ الْمَرْأَةُ
4	مناظرہ کیا مدرسہ کے لڑکوں نے	نَاظَرَ وِلْدَانُ الْمَدْرَسَةِ
5	جنگ کریں گے یہ طلبہ	يُقَاتِلُ هٰؤُلَاءِ الطُّلَّابُ
6	ہنستے ہیں یہ لڑکے	يَضْحَكُ هٰؤُلَاءِ الْوِلْدَانُ
7	سنا ان دو مَردوں نے	سَمِعَ ذَانِكَ الرِّجُلَانِ
8	پڑھیں گی یہ لڑکیاں	تَقْرَأُ هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ
9	سمجھایا ان علما نے	فَهَّمَ تِلْكَ الْعُلَمَاءُ
10	مولوی کا لڑکا معلم ہے	وَلَدُ الْمُوْلَوِيِّ مُعَلِّمٌ
11	زید کے دو قلم نیے ہیں	قَلَمَا زَيْدٍ جَدِيْدَانِ
12	تعلیم دی شہر کے دو عالموں نے	عَلَّمَ عَالِمَا الْبَلَدِ

سبق (۱۴) خبر بہ ترکیب فعل و فاعل

حل لغات: اَسْلَمَ: اسلام لایا۔ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (افعال) ۔اَعْلَنَ: اعلان کیا۔ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (افعال)۔ اَلدَّوْلَةُ: حکومت ۔اَلْكَافِرُ: کافر۔ خَطَبَ: تقریر کیا۔ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (نصر)۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	زَيْدٌ ضَرَبَ	زید نے مارا۔

(1)۔زَ یْدٌ ضَرَبَ :زَ یْدٌ مبتدا،ضَرَ بَ **فعل ماضی** معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔**فعل** اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

2	الْكَا فِرُ أَسْلَمَ	کافر اسلام لایا۔

(2)۔اَلْكَافِرُ اَسْلَمَ :اَلْكَافِرُ مبتدا۔اَسْلَمَ **فعل ماضی** معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔**فعل** اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

3	الرِّجَا لُ قَاتَلُوْا	مردوں نے جنگ کی۔

(3)۔اَلرِّجَالُ قَاتَلُوا :اَلرِّجَالُ مبتدا۔قَاتَلُوا **فعل ماضی** معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل **فعل** اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

4	الدَّوْلَةُ الْهِنْدِيَّةُ أَعْلَنَتْ	ہندوستانی حکومت نے اعلان کیا۔

(4)۔اَلدَّوْلَةُ الْهِنْدِيَّةُ اَعْلَنَتْ: اَلدَّوْلَةُ موصوف۔ اَلْهِنْدِيَّةُ صفت ،موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا ۔اَعْلَنَتْ **فعل ماضی** معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اس میں ھِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔**فعل** اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	الدَّوْلَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ طَالَبَتْ	پاکستانی حکومت نے مطالبہ کیا

(5)۔اَلدَّوْلَۃُ الْبَاکِسْتَانِیَّۃُ طَالَبَتْ: اَلدَّوْلَۃُ موصوف اَلْبَاکِسْتَانِیَّۃُ صفت ۔موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا۔طَالَبَتْ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اس میں ھِیَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر،مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	ھٰؤُلَاءِ الْعُلَمَاءُ أَعْلَنُوا	ان علماء نے اعلان کیا۔

(6)۔ھٰؤُلَاءِ الْعُلَمَاءُ اَعْلَنُوا: ھٰؤُلَاءِ اسم اشارہ اَلْعُلَمَاءُ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا۔اَعْلَنُوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر مرفوع بارز فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	وِلْدَانُ الْمَدْرَسَةِ خَطَبُوا	مدرسہ کے لڑکوں نے تقریر کی۔

(7)۔وِلْدَانُ المَدْرَسَۃِ خَطَبُوا: وِلْدَانُ مضاف اَلْمَدْرَسَۃِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔خَطَبُوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

8	اَلمُسْلِمُوْنَ نَصَرُوا	مسلمانوں نے مدد کی۔

(8)۔اَلمُسْلِمُوْنَ نَصَرُوا: اَلمُسْلِمُوْنَ مبتدا۔نَصَرُوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	اَلمَرْأَۃُ ضَرَبَتْ	عورت نے مارا۔

(9)۔اَلمَرْأَۃُ ضَرَبَتْ: اَلمَرْأَۃُ مبتدا ۔ضَرَبَتْ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اس میں ھِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	اَلصَّبِيُّ قَرَأَ	بچہ نے پڑھا۔

(10)۔اَلصَّبِيُّ قَرَأَ : اَلصَّبِيُّ مبتدا۔ قَرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

11	اَلنَّاسُ یَخْطُبُوْنَ	لوگ تقریر کرتے ہیں۔

(11)۔اَلنَّاسُ یَخْطُبُوْنَ : اَلنَّاسُ مبتدا۔یَخْطُبُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

12	اَلنِّسَاءُ یَعْلَمْنَ	عورتیں جانتی ہیں۔

(12)۔اَلنِّسَاءُ یَعْلَمْنَ: اَلنِّسَاءُ مبتدا ۔یَعْلَمْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مؤنث غائب اس میں نون ضمیر بارز مرفوع فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

13	اَلْمُتَعَلِّمُوْنَ یَذْھَبُوْنَ	طلبہ جاتے ہیں۔

(13)۔**اَلمُتَعَلِّمُوْنَ یَذْھَبُوْنَ** : اَلمُتَعَلِّمُوْنَ مبتدا ۔یَذْھَبُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

14	مُسْلِمُو بَمْبِیءِ ذَھَبُوا	بمبئی کے مسلمان گئے۔

(14)۔**مُسْلِمُوْ بَمْبِیءِ ذَھَبُوا** :مُسْلِمُوا مضاف ۔بَمبیءِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ذَھَبُوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

15	مَوْلَوِیَّا الْبَلْدَۃِ جَلَسَا	شہر کے دو مولوی بیٹھے۔

(15)۔**مَوْلَوِیَّا الْبَلْدَۃِ جَلَسَا**:مَوْلَوِیَّا مضاف ۔اَلْبَلَدَۃِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔جلَسَا فعل ماضی معروف صیغہ تثنیہ مذکر غائب اس میں الف ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	زید کے لڑکے جائیں گے	وِلْدَانُ زَیْدٍ یَذْھَبُوْنَ
2	طلبہ نے مناظرہ کیا	نَاظَرَ الْمُتَعَلِّمُوْنَ
3	مدرسے کے لڑکے تقریر کریں گے	وِلْدَانُ الْمَدْرَسَۃِ یَخْطُبُوْنَ

4	ہندوستانی حکومت مطالبہ نہیں کرے گی	الدَّوْلَۃُ الْھِنْدِیَّۃُ لَا تُطَالِبُ
5	پاکستانی حکومت اعلان کرتی ہے	الدَّوْلَۃُ الْبَاکِسْتَانِیَّۃُ تُعْلِنُ
6	دو عالموں نے تقریر کی	الْعَالِمَانِ خَطَبَا
7	طالب علم پڑھتے ہیں	اَلطُّلَّابُ یَقْرَءُوْنَ

سبق (۱۵) جملہ اسمیہ استفہامیہ

اسم استفہام: وہ اسم ہے جس کے ذریعہ کسی چیز کو پوچھا جائے۔

حل لغات: مَا: کیا ۔ مَنْ: کون ۔ کَیْفَ: کیسا۔ مَتیٰ: کب۔ أَیْنَ: کہاں: اَلمِزَاجُ: طبیعت۔ کَمْ: کتنا۔ اَلسَّاعَۃُ: گھڑی، ٹائم۔ اَلذَّھَابُ: جانا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	مَا ھٰذَا ؟	یہ کیا ہے؟

(1)۔مَا ھٰذَا ؟ مَا اسم استفہام خبر مقدم۔ ھٰذَا اسم اشارہ مبتداے مؤخر۔ خبر مقدم اپنی مبتداے مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

2	ھٰذَا قَلَمٌ	یہ قلم ہے۔

(2)۔ھٰذَا قَلَمٌ: ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا۔ قَلَمٌ خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

3	مَنْ أَنْتَ ؟	تو کون ہے؟

(3)۔مَنْ أَنْتَ؟ مَنْ اسم استفہام خبر مقدم۔أَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا ے مؤخر۔ خبر مقدم اپنی مبتدا ے مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

4	أَنَا زَ يْدٌ	میں زید ہوں۔

(4)۔**أَنَا زَ يْدٌ**: أَنَا ضمیر مرفوع منفصل مبتدا۔زَ یدٌ خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	مَنْ ضَرَبَ؟	کس نے مارا؟

(5)۔**مَنْ ضَرَبَ** :مَنْ اسم استفہام مبتدا۔ضَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

6	ضَرَبَ خَالِدٌ	خالد نے مارا۔

(6)۔**ضَرَبَ خَالِدٌ**: ضَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب خَالِدٌ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	مَتیٰ ذَهَابُ زَ يْدٍ؟	زید کا جانا کب ہے؟

(7)۔**مَتیٰ ذَهَابُ زَ يْدٍ ؟** مَتیٰ اسم استفہامیہ خبر مقدم ۔ذَهَابُ مصدر مضاف زَ يْدٍ مضاف الیہ۔ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا ے مؤخر۔ خبر مقدم اپنی مبتدا ے مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

8	کَیْفَ مِزَاجُ عَمْرٍو؟	عمرو کی طبیعت کیسی ہے؟

(8)۔کَیْفَ مِزَاجُ عَمْرٍو؟ کَیْفَ اسم استفہام خبر مقدم۔ مِزَاجُ ۔مضاف عَمْرٍو۔ مضاف الیہ ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداے مؤخر۔ خبر مقدم اپنی مبتداے مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

9	أَیْنَ السِّکِّیْنُ ؟	چھری کہاں ہے؟

(9۔أَیْنَ السِّکِیْنُ :أَیْنَ اسم استفہام خبر مقدم ۔اَلسِّکِیْنُ ۔ مبتداے مؤخر۔ خبر مقدم اپنی مبتداے مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا

10	کَمْ مَالُ زَ یْدٍ؟	زید کا مال کتنا ہے؟

(10)۔کَمْ مَالُ زَ یْدٍ؟کَمْ استفہامیہ خبر مقدم ۔مَالُ مضاف ۔زَ یْدٍ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداے مؤخر۔ خبر مقدم اپنی مبتداے مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

11	کَمِ السَّاعَۃُ؟	کتنے بجے ہیں؟

(11)۔کَمِ السَّاعَۃُ:کَمْ استفہامیہ خبر مقدم ۔اَلسَّاعَۃُ مبتداے مؤخر۔ خبر مقدم اپنی مبتداے مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

اردو	عربی	اردو	عربی
	مَا ذٰلِكَ ؟	وہ دودھ ہے	ذٰلِكَ لَبَنٌ
یہ کون ہے ؟		میں کون ہو؟	
کس نے دھویا؟	مَنْ غَسَلَ ؟	زید کی طبیعت کیسی ہے ؟	كَيْفَ مِزَاجُ زَيْدٍ؟
کون پڑھتا ہے ؟	مَنْ يَّقْرَأُ؟	بکر کا علم کتنا ہے ؟	كَمْ عِلْمُ بَكْرٍ ؟
سائیکل کہاں ہے ؟	اَيْنَ الدَّرَّاجَةُ؟	خالد کی بیوی کہاں ہے ؟	اَيْنَ زَوْجَةُ خَالِدٍ؟
زید کا ہمنام کون ہے ؟		من سَمِيُّ زَيْدٍ؟	

سبق (۱۶) فعل مجہول

فعلِ معروف: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر کیا جائے جیسے قَتَلَ رَجُلٌ یعنی قتل کیا ایک مرد نے، اس مثال میں قَتَلَ فعل معروف ہے۔

فعلِ مجہول: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر نہ کیا جائے، جیسے قُتِلَ زَيْدٌ یعنی قتل کیا گیا زید، اس مثال میں قُتِلَ فعلِ مجہول ہے۔

نائب فاعل: وہ اسم ہے جو فعلِ مجہول کے بعد فاعل کی جگہ پر لایا جائے جیسے قُتِلَ زَيْدٌ میں زَيْدٌ نائب فاعل ہے۔

حل لغات: فُتِحَ کھولا گیا۔ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب (فتح) ۔ مَثَلٌ: مثل ۔جمع اَمْثَالٌ۔ ثَوْبٌ: کپڑا، جمع اَثْوَابٌ۔ صَوْتٌ: آواز، جمع اَصْوَاتٌ ۔ اُكْرِمَ: تعظیم کی گئی ۔ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب (افعال)۔ اَلْبَابُ: دروازہ جمع اَبْوَابٌ ۔ لُبِسَ

: پہنا گیا، فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب (سمع)۔ جُرِحَ : زخمی کیا گیا۔ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب (ف)۔ اَلسِّرْوَالُ: پائجامہ، جمع سَرَاوِیْلُ۔ لَوْحٌ: تختی، جمع اَلْوَاحٌ۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	فُتِحَ الْبَابُ ؟	کھولا گیا دروازہ۔

(1)۔فُتِحَ الْبَابُ: فُتِحَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَلْبَابُ نائب فاعل ، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	ضُرِبَ مَثَلٌ	بیان کی گئی ایک مثل۔

(2)۔**ضُرِبَ مَثَلٌ:** ضُرِبَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب مَثَلٌ نائب فاعل ، فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	غُسِلَ الثَّوْبُ	دھویا گیا کپڑا۔

(3)۔غُسِلَ الثَّوْبُ : غُسِلَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَلثَّوْبُ نائب فاعل۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
4	رُفِعَ الصَّوْتُ	بلند کی گئی آواز۔

(4)۔رُفِعَ الصَّوْتُ : رُفِعَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب۔ اَلصَّوْتُ نائب فاعل۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
5	قُطِعَ الثَّوْبُ	کاٹا گیا کپڑا۔

(5)۔قُطِعَ الثَّوْبُ :قُطِعَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَلثَّوْبُ ۔نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	أُكْرِمَ الْعَالِمُ	تعظیم کی گئی عالم کی۔

(6)۔أُكْرِمَ الْعَالِمُ:أَكْرِمَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَلْعَالِمُ نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	لُبِسَ السِّرْوَالُ	پہنا گیا پائجامہ۔

(7)۔لُبِسَ السِّرْوَالُ:لُبِسَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَلسِّرْوَالُ نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

8	جُرِحَ الْوَجْهُ	زخمی کیا گیا چہرہ۔

(8)۔جُرِحَ الْوَجْهُ :جُرِحَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَلْوَجْهُ نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

9	قُرِئَ الْقُرْآنُ	پڑھا گیا قرآن۔

(10)۔قُرِءَ الْقُرْآنُ:قُرِءَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَلْقُرْآنُ نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

11	اَلنَّاسُ قُتِلُوا	لوگ قتل کیے گئے۔

(11)۔اَلنَّاسُ قُتِلُوا :اَلنَّاسُ مبتدا۔قُتِلُوا فعل ماضِی مجہول صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر مرفوع بارز نائب فاعل۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

12	اَلنِّسَاءُ ضُرِبْنَ	عورتیں ماری گئیں۔

(12)۔اَلنِّسَّاءُ ضُرِبْنَ :اَلنِّسَاءُ مبتدا۔ضُرِبْنَ فعل ماضِی مجہول صیغہ جمع مؤنث غائب اس میں نون ضمیر بارز نائب فاعل۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

13	کُسِرَ اللَّوْحُ	توڑی گئی تختی۔

(13)۔کُسِرَ اللَّوْحُ :کُسِرَ فعل ماضِی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَللَّوْحُ نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

اردو	عربی	اردو	عربی
دھوئی گئی تختی	غُسِلَ اللَّوْحُ	زخمی کیا گیا زید	جُرِحَ زَیْدٌ
پڑھی گئی کتاب	قُرِأَ الْکِتَابُ	سنا گیا قرآن	سُمِعَ الْقُرْآنُ
لڑکے مارے گیے	اَلْوِلْدَانُ ضُرِبُوا	دروازہ توڑا گیا	کُسِرَ الْبَابُ
زید کی مدد کی گئی	نُصِرَ زَیْدٌ	طلبہ پڑھائے گئے	اَلْمُتَعَلِّمُوْنَ اُقْرِؤُوْا
عورتوں کو تعلیم دی گئی	اَلنِّسَاءُ عُلِّمْنَ	کون مارا گیا	مَنْ ضُرِبَ

قرآن کا ترجمہ کیا گیا	تُرْجِمَ الْقُرْآنُ	دو مثل بیان کی گئی	اَلمَثَلَانِ ضُرِبَا
زید نے مار کھائی		ضُرِبَ زَیدٌ	

نائب فاعل بہ ترکیب وصفی، اضافی اور اشاری

حل لغات: شُرِبَ: پیا گیا۔ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب (سمع)۔ زَیْتُ الْغَارِ: مٹی کا تیل۔ اُکِلَ: کھایا گیا۔ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب (نصر)۔ اَلمَائِدَۃُ: دستر خوان۔ جمع مَوَائدُ۔ اَلاِفْرَاغُ: انڈیلنا۔ (افعال)۔ نُوِّمَ: سلایا گیا۔ فعل ماضی مجہول، صیغہ واحد مذکر غائب (تفعیل)۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	وُجِدَ المَاءُ الْبَارِدُ	پایا گیا ٹھنڈا پانی۔

(1)۔وُجِدَ المَاءُ الْبَارِدُ: وُجِدَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَلْمَاءُ۔ موصوف اَلْبَارِدُ اسم فاعل اس میں ھُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر نائب فاعل۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	شُرِبَ المَاءُ الْحَمِیْمُ	پیا گیا گرم پانی۔

(2)۔شُرِبَ الْمَاءُ الْحَمِیْمُ: شُرِبَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَلْمَاءُ موصوف۔ اَلْحَمِیْمُ صفت مشبہ اس میں ھُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ صفت مشبہ اپنے

فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر نائب فاعل۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

3	عُجِنَ دَقِيْقُ الْحِنْطَةِ	گوندھا گیا گیہوں کا آٹا۔

(3)۔عُجِنَ دَقِيْقُ الْحِنْطَةِ : عُجِنَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب دَقِيْقُ مضاف ۔اَلْحِنْطَةِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر نائب فاعل۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

4	أُكِلَ هٰذَا الاَرُزُّ	کھایا گیا یہ چاول۔

(4)۔أُكِلَ هٰذَا الأَرُزُّ : أَكِلَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب هٰذَا اسم اشارہ ۔اَلْأَرُزُّ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر نائب فاعل۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

5	أُفْرِغَ زَيْتُ الْغَار	انڈیلا گیا مٹی کا تیل۔

(5)۔أُفْرِغَ زَيْتُ الْغَارِ: أُفْرِغَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب زَيْتُ مضاف ۔اَلْغَارِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر نائب فاعل۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	بُسِطَتِ الْمَائِدَةُ	بچھایا گیا دسترخوان۔

(6)۔بُسِطَتِ الْمَائِدَةُ : بَسِطَتْ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مؤنث غائب اَلْمَائِدَةُ نائب فاعل۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	نُوِّمَ عَبْدُ اللّٰہِ	سلایا گیا عبداللہ۔

(7)۔نُوِّمَ عَبْدُ اللّٰہِ: نُوِّمَ فعل ماضِی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب عَبْدُ ۔مضاف اَللّٰہِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

8	جُرِحَ وَجْہُ الصَّبِیِّ	زخمی کیا گیا بچہ کا چہرہ۔

(8)۔جُرِحَ وَجْہُ الصَّبِیِّ: جُرِحَ فعل ماضِی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب وَجْہُ مضاف ۔اَلصَّبِیِّ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

9	غُسِلَ ثَوْبُ الْمَرْأَۃِ	دھویا گیا عورت کا کپڑا۔

(9)۔غُسِلَ ثَوْبُ الْمَرْأَۃِ: غُسِلَ فعل ماضِی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب ۔ثَوْبُ مضاف ۔اَلْمَرْأَۃِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

10	أُقْرِئَ عَبْدُ النَّبِیِّ	پڑھایا گیا عبدالنبی۔

(10)۔أُقْرِئَ عَبْدُ النَّبِیِّ: أُقْرِئَ فعل ماضِی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب عَبْدُ مضاف اَلنَّبِیِّ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

11	قُرِعَتْ ھٰذِہِ الْبَوَّابَۃُ	کھٹکھٹایا گیا یہ پھاٹک۔

(11)۔**قُرِعَتْ هٰذِهِ الْبَوَّابَةُ:** قُرِعَتْ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مؤنث غائب هٰذِهِ اسم اشارہ اَلْبَوَّابَةُ مشار الیہ ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر نائب فاعل۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

12	تِلْكَ الْقَعَّادَةُ وُضِعَتْ	وہ چارپائی بچھائی گئی۔

(12)۔**تِلْكَ الْقَعَّادَةُ وُضِعَتْ:** تِلْكَ اسم اشارہ ۔اَلْقَعَّادَةُ مشار الیہ،اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتد ۔وُضِعَتْ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مؤنث غائب ۔اس میں هِيَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

13	سُمِعَ صَوْتُ النَّاسِ	سنی گئی لوگوں کی آواز۔

(13)۔**سُمِعَ صَوْتُ النَّاسِ :** سُمِعَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب صَوْتُ مضاف اَلنَّاسِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر نائب فاعل ۔فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	کھائی گئی وہ روٹی	اُكِلَ ذٰلِكَ الْخُبْزُ
2	آٹا گوندھا گیا	عُجِنَ الدَّقِيْقُ
3	بچھایا گیا پاکیزہ رومال	بُسِطَ الْمِنْدِيْلُ النَّفِيْسُ
4	کھٹکھٹایا گیا مدرسے کا پھاٹک	قُرِعَتْ بَوَّابَةُ الْمَدْرَسَةِ
5	پیا گیا پانی	شُرِبَ الْمَاءُ
6	مار ڈالا گیا جاہل مرد	قُتِلَ الرَّجُلُ الْجَاهِلُ
7	پڑھایا گیا نیک بخت لڑکا	أُقْرِأَ الْوَلَدُ السَّعِيْدُ
8	خوبصورت بچی سلائی گئی	نُوِّمَتِ الصَّبِيَّةُ الْجَمِيْلَةُ
9	پایا گیا مٹی کا تیل	وُجِدَ زَيْتُ الْغَارِ
10	ٹھنڈا پانی انڈیلا گیا	أُفْرِغَ الْمَاءُ الْبَارِدُ
11	خالد کی چارپائی بچھائی گئی	بُسِطَتْ قَعَّادَةُ خَالِدٍ
12	زید کا کلام سنایا گیا	أُسْمِعَ كَلَامُ زَيْدٍ
13	زید کی لڑکیاں پڑھائی گئیں	أُقْرِأَتْ بَنَاتُ زَيْدٍ
14	دسترخوان کہاں ہے؟	أَيْنَ الْمَائِدَةُ؟
15	مسجد کا دروازہ نیا ہے	بَابُ الْمَسْجِدِ جَدِيْدٌ
16	خالد کی دو تختیاں دھوئی گئی	غُسِلَ لَوْحَا خَالِدٍ

سبق (۱۷) منصوبات

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یا الف یا یا آئے جیسے اَلمُسْلِمَ . اَلآیَاتِ . اَخَا زَ یْدٍ . اَلمُسْلِمَیْنِ . اَلمُسْلِمِیْنَ .

مفعول بہ: وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے قَتَلْتُ زَ یْدًا اس مثال میں زَ یْدًا مفعول بہ ہے کیوں کہ فاعل کا فعل زید پر واقع ہوا ہے۔

حل لغات: آیَۃٌ ایک آیت۔ سُوْ رَ ۃٌ: ایک سورہ، جمع سُوَرٌ۔ رَ أَیْتُ میں نے دیکھا فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم (فتح)۔ اَلکَلْبُ کتا، جمع کِلَابٌ۔ اَلدَّرْسُ : سبق ، جمع دُرُوْسٌ ۔ اَلمُلْحِدُ بے دین۔ خُبْزٌ: روٹی، جمع اَخبَازٌ۔ فِیْلٌ: ہاتھی، جمع اَفْیَالٌ ۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	قَتَلَ زَ یْدٌ فِیْلًا	زید نے ایک ہاتھی کو مار ڈالا۔

(1)۔قَتَلَ زَ یْدٌ فِیْلًا : قَتَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَ یْدٌ فاعل ۔فِیلًا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	سَمِعْتُ آیَۃً	میں نے ایک آیت سنی۔

(۲)۔سَمِعْتُ آیَۃً : سَمِعْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ آیَۃً مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	قَرَأَ الْعَالِمُ سُوْرَ ۃً	عالم نے ایک سورۃ پڑھی۔

(3)۔قَرَأَ الْعَالِمُ سُوْرَ ۃً : قَرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلْعَالِمُ فاعل ۔سُوْرَ ۃً مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

4	رَأَیْتُ الطَّیَّارَۃَ	میں نے ہوائی جہاز دیکھا۔

(4)۔رَأَیْتُ الطَّیَّارَۃَ : رَأَیْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز فاعل۔اَلطَّیَّارَۃَ مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

5	بَکْرٌ أَذْہَبَ السَّیَّارَۃَ	بکر موٹر لے گیا۔

(5)۔بَکْرٌ اَذْہَبَ السَّیَّارَۃَ: بَکْرٌ مبتدا أَذْہَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل اَلسَّیَّارَۃَ مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	قَرَأْتُ آیَاتٍ	میں نے کئی آیتیں پڑھیں۔

(6)۔قَرَأْتُ آیَاتٍ : قَرَأْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔آیَاتٍ مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	اَلصَّبِیَّۃُ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ	بچی قرآن پڑھتی ہے۔

(7)۔اَلصَّبِیَّۃُ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ : اَلصَّبِیَّۃُ مبتدا۔تَقْرَأُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اس میں ھِیَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْقُرْآنَ مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

8	أَکَلْتُ الْخُبْزَ	میں نے روٹی کھائی۔

(8)۔اَکَلْتُ الْخُبْزَ: أَکَلْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔اَلْخُبْزَ مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

9	زَ یْدٌ قَرَأَ الدَّرْسَ	زید نے سبق پڑھا۔

(9)۔زَ یْدٌ قَرَأَ الدَّرْسَ : زَ یْدٌ مبتدا۔قَرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اَلدَّرْسَ مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	لَا تَضْرِبِ الْکَلْبَ	تو کتے کو مت مار۔

(10)۔لَا تَضْرِبِ الْکَلْبَ : لَا تَضْرِبْ فعل نہی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں أَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔اَلْکَلْبَ مفعول بہ۔فعل نہی اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

11	عَلَّمَ أَبُوْ زَ یْدٍ خَالِدًا	زید کے باپ نے خالد کو سکھایا۔

(11)۔عَلَّمَ اَبُوْ زَ یْدٍ خَالِدًا : عَلَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَبُوْ مَضاف زَ یْدٍ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل ۔خَالِدًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

12	اَلْوِلْدَانُ یَقْرَؤُونَ الدَّرْسَ	لڑکے سبق پڑھتے ہیں۔

(12)۔اَلْوِلْدَانُ یَقْرَءُوْنَ الدَّرْسَ: اَلْوِلْدَانُ مبتدا۔ یَقْرَءُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل اَلدَّرْسَ مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

13	اُكْتُبْ كِتَابًا	تو ایک خط لکھ۔

(13)۔اُكْتُبْ كِتَابًا: اُكْتُبْ فعل امر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں أَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ کِتَابًا مفعول بہ۔ فعل امر اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

14	نَاظَرْتُ المُلْحِدِيْنَ	میں نے بے دینوں سے مناظرہ کیا۔

(14)۔نَاظَرْتُ الْمُلْحِدِيْنَ: نَاظَرْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ اَلْمَلْحِدِيْنَ: مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

15	بَكْرٌ يُقْرِئُ الْمُسْلِمِيْنَ	بکر مسلمانوں کو پڑھاتا ہے۔

(15)۔بَكْرٌ يُقْرِئُ الْمُسْلِمِيْنَ: بَکْرٌ مبتدا۔ یُقْرِئُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل اَلْمُسْلِمِيْنَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

16	اَلرِّجَالُ شَرِبُو المَاءَ	لوگوں نے پانی پیا۔

(16)۔اَلرِّجَالُ شَرِبُوا الْمَاءَ: اَلرِّجَالُ مبتدا۔ شَرِبُو افعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل۔ اَلْمَاءَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

17	اِعْمَلُوا الصَّالِحَاتِ	تم لوگ نیک عمل کرو۔

(17)۔اِعْمَلُوا الصَّالِحَاتِ : اِعْمَلُوا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل ۔اَلصَّالِحَاتِ اسم فاعل اس میں ھُنَّ ضمیر پوشیدہ فاعل ۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ۔الأَعْمَالَ موصوف مقدر کی ۔اَلأَعْمَالَ موصوف مقدر اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ۔فعل امر اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	مرد نے زید کو پڑھایا	اَقْرَأَ الرَّجُلُ زَیْدًا
2	ہاتھی نے بکر کو مار ڈالا	قَتَلَ فِیْلٌ بَکْرًا
3	تم زید کو نہ مارو	لَا تَضْرِبْ زَیْدًا
4	میں سبق پڑھتا ہوں	اَقْرَأُ الدَّرْسَ
5	عورتیں بکر کو مارتی ہیں	اَلنِّسَاءُ یَضْرِبْنَ بَکْرًا
6	میں نے ایک خط لکھا	کَتَبْتُ کِتَابًا
7	لوگوں نے بے دینوں سے جنگ کی	قَاتَلَ النَّاسُ اَلْمُلْحِدِیْنَ
8	زید نے مسلمانوں کی مدد کی	نَصَرَ زَیْدٌ اَلْمُسْلِمِیْنَ
9	میں ایک سورۃ پڑھوں گا	اَقْرَأُ سُوْرَۃً

10	بکر نے لڑکیوں کو پڑھایا	بَکْرٌ اَقْرَأَ الْبَنَا تِ

سبق (۱۸) مفعول بہ بہ ترکیب وصفی، اشاری واضافی

حل لغات: اَلشُّجَاعُ بہادر ۔ اَلْقَرِیْحُ : خالص ۔ اَلْهِنْدُوْكِي : ہندو۔ اَلسَّمَنُ گھی۔ یَکْرَہُ ناپسند کرتا ہے یا ناپسند کرے گا۔ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب۔ (سمع)۔ حَرَّمَ: حرام کیا۔ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (تفعیل)۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	أَقَتَلْتَ الرَّجُلَ الشُّجَاعَ	کیا تم نے بہادر مرد کو مار ڈالا۔

(1)۔أَقَتَلْتَ الرَّجُلَ الشُّجَاعَ : أَ ہمزہ استفہام قَتَلْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع فاعل اَلرَّجُلَ موصوف ۔اَلشُّجَاعَ صفت ۔موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

2	شَرِبْتُ الْمَاءَ الْحَمِيْمَ	میں نے گرم پانی پیا۔

(2)۔شَرِبْتُ الْمَاءَ الْحَمِيْمَ: شَرِبْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل اَلْمَاءَ موصوف ۔اَلْحَمِيْمَ صفت مشبہ اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ۔موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

3	اَلرِّجَالُ أَكَلُوا السَّمَنَ الْقَرِيْحَ	لوگوں نے خالص گھی کھایا۔

(3)۔اَلرِّجَالُ اَكَلُوا السَّمَنَ الْقَرِ يْحَ : اَلرِّجَالُ مبتدا ۔اَكَلُوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔ اَلسَّمَنَ موصوف اَلْقَرِ يْحَ صفت ۔موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

4	اَلنَّاسُ يَشْرَبُوْنَ لَبَنَ الشَّاةِ	لوگ بکری کا دودھ پیتے ہیں ۔

(4)۔اَلنَّاسُ يَشْرَبُوْنَ لَبَنَ الشَّاةِ: اَلنَّاسُ مبتدا ۔يَشْرَبُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔لَبَنَ مضاف ۔اَلشَّاةِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	رَأَيْتُ هِنْدُوْكِيًّا	میں نے ایک ہندو کو دیکھا۔

(5)۔رَأَيْتُ هِنْدُوْكِيًّا : رَأَيْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔هِنْدُوْكِيًّا مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	اَلْهَنَادِكُ لَا يَاكُلُوْنَ لَحْمَ الْبَقَرَةِ .	ہندو گائے کا گوشت نہیں کھاتے ہیں۔

(6)۔اَلْهَنَادِكُ لَا يَاكُلُوْنَ لَحْمَ الْبَقَرَةِ: اَلْهَنَادِكُ مبتدا۔لَا يَاكُلُوْنَ فعل مضارع منفی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔لَحْمَ مضاف اَلْبَقَرَةِ

مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	حَرَّمَ اللّٰہُ لَحْمَ الْخِنْزِیْرِ	تعالی نے سور کا گوشت حرام کیا۔

(7)۔حَرَّمَ اللّٰہُ لَحْمَ الْخِنْزِیْرِ: حَرَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَللّٰہُ اسم جلالت فاعل ۔لَحْمَ مضاف اَلْخِنْزِیْرِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

8	زَ یْدٌ لَا یَلْبَسُ سِرْوَالًا وَسِخًا	زید میلا پائجامہ نہیں پہنتا ہے۔

(8)۔زَ یْدٌ لَا یَلْبَسُ سِرْوَالًا وَسِخًا : زَ یْدٌ مبتدا۔لَا یَلْبَسُ فعل مضارع منفی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔سِرْوَالًا موصوف وَسِخًا صفت مشبہ اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل۔صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ۔موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	اَلصَّبِیُّ شَرِبَ ھٰذَا الْمَاءَ	بچہ نے یہ پانی پیا۔

(9)۔اَلصَّبِیُّ شَرِبَ ھٰذَا الماءَ : اَلصَّبِیُّ مبتدا۔شَرِبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل. ھٰذَا اسم اشارہ اَلْمَاءَ مشار الیہ۔اسم

اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	ضَرَبْتُ هٰذَيْنِ الْوَلَدَيْنِ	میں نے اِن دو لڑکوں کو مارا۔

(10)۔ضَرَبْتُ هٰذَيْنِ الْوَلَدَيْنِ: ضَرَبْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل هٰذَيْنِ اسم اشارہ اَلْوَلَدَيْنِ مشار الیہ۔ اسم اشارہ اپنے مشارالیہ سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

11	أَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ	میں عربی زبان سیکھتا ہوں۔

(11)۔اَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ : اَتَعَلَّمُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں اَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل اَللُّغَةَ موصوف اَلْعَرَبِيَّةَ صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

12	اَعْرِفُ أَخَا بَكْرٍ	میں بکر کے بھائی کو پہچانتا ہوں۔

(12)۔اَعْرِفُ اَخَا بَكْرٍ : اَعْرِفُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں اَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل اَخَا مضاف بَكْرٍ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

13	عَلَّمَ زَيْدٌ هٰذَا اللِّسَانَ	زید نے یہ زبان سکھائی۔

(13)۔عَلَّمَ زَ یْدٌ ھٰذَا اللِّسَانَ : عَلَّمَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَ یْدٌ فاعل ھٰذَا اسم اشارہ اَللِّسَانَ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

14	یُقْرِئُ أَبُوْ خَالِدٍ أَبَا زَ یْدٍ	خالد کے باپ زید کے باپ کو پڑھاتے ہیں۔

(14)۔یُقْرِئُ اَبُوْ خَالِدٍ اَبَا زَ یْدٍ : یُقْرِئُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَبُوْ مضاف خَالِدٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل۔اَبَا مضاف زَ یْدٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

15	یَکْرَہُ ذُو الْمَالِ بَکْرًا	مال والا بکر کو ناپسند کرتا ہے۔

(15)۔یَکْرَہُ ذُوْ الْمَالِ بَکْرًا: یَکْرَہُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب ذُوْ مضاف اَلْمَالِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل۔بَکْرًا مفعول بہ ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

16	أَعَظِّمُ ذَا الْعِلْمِ	میں علم والے کی تعظیم کرتا ہوں۔

(16)۔أُعَظِّمُ ذَا الْعِلْمِ: اُعَظِّمُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں اَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ذَا مضاف۔اَلْعِلْمِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

17	عَبْدُ الرَّسُوْلِ يَعْلَمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ	عبدالرسول عربی زبان جانتا ہے۔

(17)۔عَبْدُ الرَّسُوْلِ يَعْلَمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ : عَبْدُ مضاف الرَّسُوْلِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا ۔یَعْلَمُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل اَللُّغَةَ موصوف اَلْعَرَبِيَّةَ صفت ۔موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

18	اَلْكُفَّارُ يُكَذِّبُوْنَ آيَاتِ الْقُرْآنِ	کفار قرآن کی آیتوں کو جھٹلاتے ہیں۔

(18)۔اَلْكُفَّارُ يُكَذِّبُوْنَ آيَاتِ الْقُرْآنِ: اَلْكُفَّارُ مبتدا۔يُكَذِّبُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤضمیر بارز مرفوع فاعل ۔آيَاتِ مضاف اَلْقُرْآنِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

19	ضَرَبَ عَمُّ بَكْرٍ أَخَا عَمْرٍو	بکر کے چچانے عمرو کے بھائی کو مارا۔

(19)۔ضَرَبَ عَمُّ بَكْرٍ أَخَا عَمْرٍو : ضَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب عَمُّ مضاف بَكْرٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کرفاعل۔أَخَا مضاف عَمْرٍو مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

20	أَخُوْزَيْدٍ يَشْرَبُ الْمَاءَ الْبَارِدَ	زید کا بھائی ٹھنڈا پانی پیے گا۔

(20)۔أَخُوْزَ یْدٍ یَشْرَبُ الْمَاءَ الْبَارِدَ :اَخُوْ مضاف زَ یْدٍ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔یَشْرَ بُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل اَلْمَاءَ موصوف اَلْبَارِدَ اسم فاعل اس میں ھُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ۔موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	کیاتم نے ابوالحسن کو دیکھا؟	أَرَأَیْتَ اَبَا الْحَسَنِ
2	میں عربی زبان سکھاتا ہوں	أُعَلِّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِیَّةَ
3	زید نے ایک بہادر مرد کو مار ڈالا	قَتَلَ زَیْدٌ رَجُلًا شُجَاعًا
4	ہندو گائے کا دودھ پیتے ہیں	اَلْھَنَادِكُ یَشْرَبُوْنَ لَبَنَ الْبَقَرَةِ
5	میں میلے کپڑے سے نفرت کرتا ہوں	أَکْرَهُ ثَوْبًا وَسِخًا
6	میں اس تختی کو دھوؤں گا	أَغْسِلُ ھٰذَا اللَّوْحَ

7	ہم نے زید کے بھائی کو مارا	ضَرَبْنَا أَخَا زَيْدٍ
8	خالد کے باپ نے بکر کو تعلیم دی	عَلَّمَ اَبُوْ خَالِدٍ بَكْرًا
9	میں نے ان دو لڑکیوں کو پڑھایا	أَقْرَأْتُ هَاتَيْنِ الْبِنْتَيْنِ
10	زید کا باپ خالد کا ہمنام ہے	اَبُو زَيْدٍ سَمِيُّ خَالِدٍ
11	قرآن کی دو سورتیں پڑھی گئیں	قُرِأَتْ سُوْرَتَا الْقُرْآنِ
12	شہر کے دو ہندو مسلمان ہوئے	أَسْلَمَ هِنْدُوْكِيَّا الْبَلَدَةِ
13	یہ سڑک پختہ کی گئی	عُبِّدَ هٰذَا الشَّارِعُ

سبق (۱۹) مفعول بہ بہ ضمیر

حل لغات: هٗ اس کو (واحد مذکر غائب کے لیے)۔ هُمَا ۔ ان دونوں کو (تثنیہ مذکر مؤنث غائب کے لیے)۔ هُمْ: ان سب کو (جمع مذکر غائب کے لیے)۔ نِي مجھ کو (واحد متکلّم مذکر و مؤنث کے لیے)۔ نَا ہم کو (جمع متکلّم مذکر و مؤنث کے لیے)۔ كَ تجھ کو (واحد مذکر حاضر کے لیے)۔ اِيَّاهُ: اس کو (واحد مذکر غائب کے لیے)۔ اِيَّاكَ: تجھ کو (واحد مذکر حاضر کے لیے)۔ اَلاِرْسَالُ بھیجنا۔ (مصدر، افعال)۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	زَيْدٌ ضَرَبَهٗ	زید نے اُس کو مارا۔

(1)۔ زَيْدٌ ضَرَبَهٗ: زَيْدٌ مبتدا ۔ ضَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل هٗ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

2	ضَرَبَ زَیْدٌ إِیَّاہُ	زید نے مارا اس کو۔

(2)۔ضَرَبَ زَیْدٌ اِیَّاہُ: ضَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَیْدٌ فاعل ۔اِیَّاہُ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

3	قَتَلْتُھُمَا	میں نے ان دو کو مار ڈالا۔

(3)۔قَتَلْتُھُمَا :قَتَلْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع متّصل فاعل ھُمَا ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

4	نَصَرْتَھُنَّ	تو نے اُن کئی (مؤنثوں) کی مدد کی۔

(4)۔نَصَرْتَھُنَّ :نَصَرْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ھُنَّ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

5	نَنْصُرُھُمْ	ہم ان لوگوں کی مدد کریں گے۔

(5)۔نَنْصُرُھُمْ: نَنْصُرُ فعل مضارع معروف صیغہ جمع متکلّم اس میں نَحْنُ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ھُمْ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	اَشْرَ بَهَا	اس نے اُس (مؤنث) کو پلایا۔

(6)۔اَشْرَبَهَا: اَشْرَبَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ھَا ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	خَالِدٌ أَكْرَمَنَا	خالد نے ہماری تعظیم کی۔

(7)۔خَالِدٌ اَکْرَمَنَا: خَالِدٌ مبتدا۔اَکْرَمَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل نَا ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

8	أَخُو زَ يْدٍ أَقْرَأَنِيْ	زید کے بھائی نے مجھے پڑھایا۔

(8)۔أَخُوْ زَ يْدٍ اَقْرَأَنِيْ: أَخُوْ مضاف زَ يْدٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔اَقْرَأَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، ن وقایہ کی یَ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	اَللّٰہُ خَلَقَکُمْ	اللہ نے تم لوگوں کو پیدا کیا۔

(9)۔اَللّٰہُ خَلَقَکُمْ: اَللّٰہُ کلمۂ جلالت مبتدا۔خَلَقَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔کُمْ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ فعل اپنے

فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	يُكْرِمُ زَيْدٌ إِيَّايَ	زید تعظیم کرتا ہے میری۔

(10)۔يُكْرِمُ زَيْدٌ اِيَّايَ :يُكْرِمُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَيْدٌ فاعل۔اِيَّايَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

11	طَلَبَكَ خَالِدٌ	خالد نے تمہیں بلایا۔

(11)۔طَلَبَكَ خَالِدٌ:طَلَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب كَ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔خَالِدٌ فاعل۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

12	طَلبَ زَيْدٌ إِيَّايَ	زید نے بلایا مجھ کو۔

(12)۔طَلَبَ زَيْدٌ اِيَّايَ : طَلَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَيْدٌ فاعل۔اِيَّايَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

13	أَكْرَمْتُكُمَا	میں نے تم دو کی تعظیم کی۔

(13)۔اَكْرَمْتُكُمَا: اَكْرَمْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل كُمَا ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

14	زَ یْدٌ أَخْرَ جَکُنَّ	زید نے تم کئی (مؤنثوں) کو نکالا۔

(14)۔زَ یْدٌ اَخْرَ جَکُنَّ :زَ یْدٌ مبتدا ۔اَخْرَ جَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔کُنَّ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

15	مَدَحْتُكَ	میں نے تیری تعریف کی۔

(15)۔مَدَحْتُكَ: مَدَحْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔كَ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

16	إِيَّاكَ عَلَّمَ بَكْرٌ	تجھ کو بکر نے تعلیم دی۔

(16)۔عَلَّمَ بَكْرٌ اِيَّاكَ :عَلَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب بَكْرٌ فاعل ۔اِيَّاكَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

17	عَلَّمَكَ بَكْرٌ	بکر نے تجھ کو تعلیم دی۔

(17)۔**عَلَّمَكَ بَكْرٌ**:عَلَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب كَ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔بَكْرٌ فاعل۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

18	أَرْسَلَ النَّاسُ إِيَّاهُمْ	لوگوں نے بھیجا ان سب کو۔

(18)۔اَرْسَلَ النَّاسُ اِیَّاھُمْ: اَرْسَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلنَّاسُ فاعل۔اِیَّاھُمْ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

19	غَسَلْتُ لَوْحَی زَیْدٍ	میں نے زید کی دو تختیاں دھوئیں

(19)۔غَسَلْتُ لَوْحَی زَیْدٍ : غَسَلْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔لَوْحَیَ مضاف زَیْدٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

20	لَوْحَا زَیْدٍ مَغْسُوْلَانِ	زید کی دو تختیاں دُھلی ہیں۔

(20)۔لَوْحَا زَیْدٍ مَغْسُوْلَانِ : لَوْحَا مضاف زَیْدٍ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔مَغْسُوْلَانِ اسم مفعول اس میں ھُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل۔اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

21	نَصَرْتُ مُسْلِمِیْ بَمبَیءِ	میں نے بمبئی کے مسلمانوں کی مدد کی۔

(21)۔نَصَرْتُ مُسْلِمِیْ بَمبَیءِ : نَصَرْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔مُسْلِمِیْ مضاف بَمبِیْ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

22	ذٰلِكَ الْوَلَدُ قَرَأَ سُوْرَتَیِ	اُس لڑکے نے قرآن کی دو سورتیں

	اَلْقُرْآنِ	پڑھیں۔

(22)۔ذٰلِكَ الْوَلَدُ قَرَأَ سُوْرَتَيِ الْقُرْآنِ: ذٰلِكَ اسم اشارہ ۔اَلْوَلَدُ مشار الیہ ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا۔قَرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔سُوْرَتَيِ مضاف اَلْقُرْآنِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	کسی شخص نے اس کو مار ڈالا	قَتَلَهٗ رَجُلٌ
2	ان دو کی میں نے مدد کی	نَصَرْتُهُمَا
3	تم نے اس (مؤنث) کو مارا	ضَرَبْتَهَا
4	لوگ ہماری تعظیم کرتے ہیں	يُكْرِمُنَا النَّاسُ
5	میں نے تجھ (مؤنث) کو نکالا	أَخْرَجْتُكِ
6	لوگوں نے ان کئی (مؤنثوں) کو مار ڈالا	قَتَلَهُنَّ النَّاسُ
7	خالد نے بھیجا مجھ کو	اَرْسَلَ خَالِدٌ إِيَّايَ
8	زید ہم کو نہیں پہچانتا ہے	زَيْدٌ لَا يَعْرِفُنَا
9	زید تم لوگوں کو پڑھائے گا	يُقْرِئُكُمْ زَيْدٌ
10	ہم نے تیری تعظیم کی	اَكْرَمْنَاكَ
11	زید نے ہم کو پلایا	زَيْدٌ اَشْرَبَنَا

12	ان سب کی خالد مدد کرے گا	خَالِدٌ يَنْصُرُهُمْ
13	میں زید کا دو موٹر لے جاؤں گا	أُذْهِبُ سَيَّارَتَي زَيْدٍ
14	ہم نے مسلمانان بمبئی کو دیکھا ہے	قَدْ رَأَيْنَا مُسْلِمِيْ بَمْبِئ

سبق (۲۰) مفعول فیہ

مفعول فیہ: وہ اسم ہے جس کا مصداق فاعل کے فعل کے لیے وقت یا جگہ واقع ہو، جیسے اَلْوَلَدُ دَخَلَ اَلمَدْرَسَةَ: اِغْتَسَلْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: ان مثالوں میں اَلمَدْرَسَةَ اور يَوْمَ الْجُمُعَةِ مفعول فیہ ہے۔ ترکیب میں مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں۔

حل لغات: يَسْكُنُ رہتا ہے یا رہے گا۔ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب (نصر)۔ اَلْيَوْمُ آج۔ غَدًا آئندہ کل۔ اَمْسِ: گزشتہ کل۔ قَبْلُ پہلے۔ بَعْدُ بعد۔ تَحْتُ نیچے۔ فَوْقُ اوپر۔ ثَمَّ وہاں۔ خَلْفُ: پیچھے۔ اَلْحَصِيْرُ: چٹائی، جمع حُصُرٌ۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	زَيْدٌ يَسْكُنُ الْقَرْيَةَ	زید گاؤں میں رہتا ہے۔

(1)۔زَيْدٌ يَسْكُنُ الْقَرْيَةَ : زَيْدٌ مبتدا۔ يَسْكُنُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل اَلْقَرْيَةَ مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

2	ضَرَبْتَ الْيَوْمَ	تو نے آج مارا۔

(2)۔ضَرَبْتَ الْیَوْمَ : ضَرَبْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔اَلْیَوْمَ مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

3	اَلرَّجُلُ یَذْھَبُ غَدًا	مرد کل جائے گا۔

(3)۔اَلرَّجُلُ یَذْھَبُ غَدًا :اَلرَّجُلُ مبتدا۔یَذْھَبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔غَدًا مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

4	قَرَأْتُ أَمْسِ	میں نے کل پڑھا۔

(4)۔قَرَأْتُ أَمْسِ: قَرَأْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔أَمْسِ مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

5	أَکَلَ النَّاسُ قَبْلَ الْکِتَابَۃ	لوگوں نے لکھنے سے پہلے کھایا۔

(5)۔أَکَلَ النَّاسُ قَبْلَ الْکِتَابَۃِ: أَکَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلنَّاسُ فاعل۔قَبْلَ مضاف اَلْکِتَابَۃِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	دَفَنْتُ المَالَ تَحْتَ الأَرْضِ	میں نے زمین کے نیچے مال دفن کیا۔

(6)۔دَفَنْتُ الْمَالَ تَحْتَ الأَرْضِ : دَفَنْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔اَلْمَالَ مفعول بہ۔تَحْتَ مضاف اَلأَرْضِ

مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	جَلَسْتُ فَوْقَ السَّیَّارَۃِ.	میں موٹر کے اوپر بیٹھا۔

(7)۔جَلَسْتُ فَوْقَ السَّیَّارَۃِ : جَلَسْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ فَوْقَ مضاف اَلسَّیَّارَۃِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	قَتَلَ زَیْدٌ خَلْفَ الدَّارِ	زید نے گھر کے پیچھے قتل کیا۔

(8)۔قَتَلَ زَیْدٌ خَلْفَ الدَّارِ: قَتَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَیْدٌ فاعل۔ خَلْفَ مضاف اَلدَّارِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

9	لَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّکْرٰی	یاد آنے کے بعد مت بیٹھ۔

(9)۔لَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّکْرٰي : لَا تَقْعُدْ: فعل نہی حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ بَعْدَ مضاف۔ اَلذِّکْرٰی مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

10	وَقَفَ الرَّجُلُ قُدَّامَ السَّیَّارَۃِ .	مرد موٹر کے آگے کھڑا ہوا۔

(10)۔وَقَفَ الرَّجُلُ قُدَّامَ السَّیَّارَۃِ: وَقَفَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلرَّجُلُ فاعل ۔قُدَّامَ مضاف السَّیَّارَۃِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

11	لَا تَکْتُبْ بَعْدَ الْعَصْرِ	عصر کے بعد مت لکھ۔

(11)۔لَا تَکْتُبْ بَعْدَ الْعَصْرِ : لَا تَکْتُبْ: فعل نہی حاضر معروف صیغہ واحد مذکرحاضر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔بَعْدَ مضاف اَلْعَصْرِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

12	زَیْدٌ قَرَأَ الْقُرْآنَ عِنْدَ خَالِدٍ	زید نے خالد کے پاس قرآن پڑھا

(12)۔زَیْدٌ قَرَأَ الْقُرْآنَ عِنْدَ خَالِدٍ : زَیْدٌ مبتدا۔قَرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحدمذکرغائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل اَلْقُرْآنَ مفعول بہ۔عِنْدَ مضاف خَالِدٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کرجملہ فعلیہ خبر یہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

13	بُسِطَ الْحَصِیْرُ أَمَامَ زَیْدٍ	چٹائی زید کے آگے بچھائی گئی۔

(13)۔بُسِطَ الْحَصِیْرُ اَمَامَ زَیْدٍ: بُسِطَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَلْحَصِیْرُ نائب فاعل ۔اَمَامَ مضاف زَیْدٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

14	ذَهَبَ عَمْرٌو بَعْدَ الْعِشَاءِ	عمرو عشا کے بعد گیا۔

(14)۔ذَهَبَ عَمْرٌو بَعْدَ الْعِشَاءِ: ذَهَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب عَمْرٌو فاعل۔بَعْدَ مضاف اَلْعِشَاءِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

15	أَبُوْكَ أَكَلَ الطَّعَامَ هٰهُنَا	تیرے باپ نے یہاں کھانا کھایا۔

(15)۔اَبُوْكَ أَكَلَ الطَّعَامَ هٰهُنَا : اَبُو مضاف كَ ضمیر مجرور مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔أَكَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اَلطَّعَامَ مفعول بہ۔هٰهُنَا مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

16	اِجْلِسْ ثَمَّ	تو وہاں بیٹھ۔

(16)۔اِجْلِسْ ثَمَّ : اِجْلِسْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ثَمَّ مفعول فیہ۔فعل امر اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

17	أَيْنَ قَلَمُكَ ؟	تیرا قلم کہاں ہے؟

(17)۔أَيْنَ قَلَمُكَ: اَيْنَ اسم استفہام مبتدا۔قَلَمُ مضاف كَ ضمیر مجرور مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	میں آج لکھوں گا	اَكْتُبُ الْيَوْمَ
2	تم کل جاؤ گے	تَذْهَبُ غَدًا
3	لوگ کل گئے	ذَهَبَ النَّاسُ أَمْسِ
4	میں نے لکھنے سے پہلے کھایا	اَكَلْتُ قَبْلَ الْكِتَابَةِ
5	میں یہاں بیٹھوں گا	أَجْلِسُ هٰهُنَا
6	یہ مرد گاؤں میں رہتا ہے	هٰذَا الرَّجُلُ يَسْكُنُ الْقَرْ يَةَ
7	میں نے چٹائی کے نیچے خط پایا	وَجدتُّ كِتَابًا تَحْتَ الْحَصِيْرِ
8	زید نے چارپائی کے اوپر سلایا	نَوَّمَ زَ يْدٌ فَوْقَ الْقَعَّادَةِ
9	زید کے لڑکے آج مارے گئے	ضُرِبَ وِلْدَانُ زَ يْدٍ اَلْيَوْمَ
10	ایک عورت بکر کے پاس بیٹھی ہے	قَدْ جَلَسَتْ اِمْرَأَةٌ عِنْدَ بَكْرٍ
11	خالد کو عشا کے بعد سلاؤ	نَوِّمْ خَالِدًا بَعْدَ الْعِشَاءِ
12	میں زید کے آگے موٹر لے گیا	اَذْهَبْتُ السَّيَّارَةَ قُدَّامَ زَ يدٍ
13	تم زید کو خالد کے سامنے پڑھاؤ	اَقْرِأْ زَ يْدًا أَمَامَ خَالِدٍ
14	مسجد کا دروازہ کھولو	اِفْتَحْ بَابَ الْمَسْجِدِ
15	تو نے مجھے طلب کیا	طَلَبْتَنِيْ
16	زید وہاں نہیں پڑھے گا	لَا يَقْرَأُ زَ يْدٌ ثَمَّ

سبق (۲۱) مفعول مطلق و مفعول لہ

مفعول مطلق: وہ مصدر ہے جس سے پہلے کوئی فعل اسی مصدر کے معنی میں ہو جیسے جَلَسْتُ جَلْسَۃً۔ اس مثال میں جَلْسَۃً مفعول مطلق ہے۔

مفعول لہ: وہ اسم ہے جو فاعل کے فعل کا سبب ہو جیسے قَتَلْتُ غَضَبًا اس مثال میں غَضَبًا مفعول لہ ہے۔

حل لغات: ہِدَایَۃً ہدایت دینا۔ (مصدر، ضرب)۔ تَادِیْبًا: ادب دینا (مصدر ، تفعیل)۔ جَہَالَۃٌ نہ جاننا (مصدر ، سمع)۔ سَئَلْتُ میں نے مانگا۔ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم (فتح)۔ اَلتَّسْلِیْمُ سلام کرنا (مصدر، تفعیل)۔ اَلْخَالُ ماموں ۔ اَلْقِرْطَاسُ : کاغذ، جمع قَرَاطِیْس.

شمار	عبارت	ترجمہ
1	أَرْسَلَ اللهُ الأَنْبِيَاءَ هِدَايَةً	اللہ تعالی نے انبیا کو ہدایت دینے کے لیے بھیجا۔

(1)۔اَرْسَلَ اللهُ الأَنْبِيَاءَ هِدَايَةً: اَرْسَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَللهُ اسم جلالت فاعل۔ اَلأَنْبِيَاءَ مفعول بہ۔ هِدَايَةً مفعول لہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	لَا تَقْتُلْ غَضَبًا	تو غصہ کی وجہ سے قتل مت کر۔

(2)۔لَا تَقْتُلْ غَضَبًا: لَا تَقْتُلْ: فعل نہی اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ غَضَبًا مفعول لہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

3	سَلِّمُوا تَسْلِیْمًا	خوب سلام بھیجو۔

(3)۔سَلِّمُوا تَسْلِیْمًا: سَلِّمُوا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤضمیر بارز مرفوع فاعل۔تَسْلِیْمًا مفعول مطلق۔فعل امر اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

4	جَلَسْتُ جِلْسَۃَ الْعَالِمِ	میں عالم کے بیٹھنے کی طرح بیٹھا۔

(4)۔جَلَسْتُ جِلْسَۃَ الْعَالِمِ: جَلَسْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز فاعل جِلْسَۃَ مصدر مضاف الْعَالِمِ مضاف الیہ۔مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول مطلق۔فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

5	ضَرَبَ زَیْدٌ ضَرْبَۃً	زید نے ایک بار مارا۔

(5)۔ضَرَبَ زَیْدٌ ضَرْبَۃً: ضَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَیْدٌ فاعل۔ضَرْبَۃً مفعول مطلق۔فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	فَعَلُوا جَھَالَۃً	انہوں نے نادانی کی وجہ سے کیا۔

(6)۔فَعَلُوا جَھَالَۃً: فَعَلُوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤضمیر بارز مرفوع فاعل۔جَھَالَۃً مفعول لہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	سَئَلَ زَ يْدٌ إِيَّايَ الْقِرْ طَاسَ	زید نے مجھ سے کاغذ مانگا۔

(7)۔سَئَلَ زَ يْدٌ اِيَّايَ الْقِرْطَاسَ :سَئَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَ يْدٌ فاعل اِيَّايَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ اول۔اَلْقِرْ طَاسَ مفعول بہ ثانی۔فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

8	قَرَأَ خَالِدٌ كِتَابَ اللهِ	خالد نے اللہ کی کتاب پڑھی۔

(8)۔قَرَأَ خَالِدٌ كِتَابَ اللهِ: قَرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب خَالِدٌ فاعل ۔كِتَابَ مضاف اَللهِ اسم جلالت مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

9	ضَرَبَنِيْ أَخُوْ بَكْرٍ تَأْدِيْبًا	بکر کے بھائی نے مجھے ادب دینے کے لیے مارا۔

(9)۔ضَرَبَنِيْ اَخُو بَكْرٍ تَادِيْبًا: ضَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نَ وقایہ يَ ضمیر متکلّم مفعول بہ۔اَخُو مضاف بَكْرٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل۔تَادِيْبًا مفعول لہ۔فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

10	مَنْ أَقْرَأَ وَلَدَكَ ؟	کس نے تیرے لڑکے کو پڑھایا؟

(10)۔مَنْ أَقْرَأَ وَلَدَكَ؟ **مَنْ** اسم استفہام مبتدا۔اَقْرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔وَلَدَ مضاف كَ ضمیر مجرور مضاف الیہ

۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

11	أَبُوْكَ خَالِيْ	تیرا باپ میرا ماموں ہے۔

(11)۔اَبُوْكَ خَالِيْ : اَبُو مضاف كَ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ خَالُ مضاف ي ضمیر متکلّم مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

12	اَلْخَالُ أَخُوْ الأُمِّ .	ماموں ماں کا بھائی ہے۔

(12)۔اَلْخَالُ اَخُو الأُمِّ : اَلْخَالُ مبتدا۔ اَخُو مضاف اَلاُمِّ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

شمار	اردو	عربی
1	لوگ علما کے بیٹھنے کی طرح بیٹھے	جَلَسَ النَّاسُ جِلْسَةَ الْعُلَمَاءِ
2	میں نے زید کے بھائی کو ایک بار مارا	ضَرَبْتُ اَخَا زَيْدٍ ضَرْبَةً
3	تو نے نادانی کی وجہ سے کیا	فَعَلْتَ جَهَالَةً
4	زید کے باپ نے بکر کو غصہ کی وجہ سے قتل کیا	قَتَلَ اَبُوْ زَيْدٍ بَكْرًا غَضَبًا
5	ہم نے خالد کو ادب دینے کے لیے مارا	ضَرَبْنَا خَالِدًا تَادِيْبًا

6	ہم نے زید سے ایک کتاب مانگی	سَئَلْنَا زَ يْدًا كِتَابًا
7	جمعہ کے دن زید یہاں قرآن پڑھے گا	زَ يْدٌ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ هٰهُنَا

سبق (۲۲) مفعول بہ اسمائے استفہام

شمار	عبارت	ترجمہ
1	مَنْ ضَرَبْتَ ؟	تونے کس کو مارا؟

(1)۔مَنْ ضَرَبْتَ؟ مَنْ اسم استفہام مفعول بہ مقدم۔ضَرَبْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَا ضمیر بارز مرفوع فاعل۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

2	مَا سَئَلْتَ ؟	تونے کیا مانگا؟

(2)۔مَا سَئَلْتَ: ما اسم استفہام مفعول بہ مقدم ۔سَئَلْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

3	مَتیٰ ذَهَبَ زَ يْدٌ ؟	زید کب گیا؟

(3)۔مَتیٰ ذَهَبَ زَ يْدٌ؟ مَتیٰ اسم استفہام مفعول فیہ مقدم ذَهَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَ يْدٌ فاعل۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

4	كَيْفَ نَسْمَعُ ؟	ہم کیسے سنیں گے؟

(4)۔كَيْفَ نَسْمَعُ ؟ كَيْفَ اسم استفہام حال مقدم ۔نَسْمَعُ فعل مضارع معروف صیغہ تثنیہ جمع متکلّم اس میں نَحْنُ ضمیر مرفوع پوشیدہ ذوالحال ۔ذوالحال اپنے حال مقدم سے مل کرفاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

5	أَيْنَ يَسْكُنُ خَالُ زَ يْدٍ ؟	زید کاماموں کہاں رہتاہے ؟

(5)۔أَيْنَ يَسْكُنُ خَالُ زَ يْدٍ ؟أَيْنَ اسم استفہام مفعول فیہ مقدم يَسْكُنُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب خَالُ مضاف زَ يْدٍ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کرفاعل۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

6	هُوَ يَسْكُنُ الْبَلْدَةَ.	وہ شہر میں رہتاہے۔

(6)۔هُوَ يَسْكُنُ الْبَلْدَةَ؟ هُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا ۔يَسْكُنُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔اَلْبَلْدَةَ مفعول فیہ ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدااپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	كَمْ أَخَذْتَ ؟	تونے کتنالیا؟

(7)۔كَمْ أَخَذْتَ ؟كَمْ اسم استفہام مفعول بہ مقدم اَخَذْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

قاعدہ: کَمْ استفہامیہ ہو یا خبریہ محلّاً منصوب ہو گا جبکہ اس کے بعد کوئی فعل ہو اور وہ فعل اس کی ضمیر یا متعلق میں عمل کرنے کی وجہ سے اس سے اعراض نہ کر رہا ہو جیسے: کَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَ وَکَمْ غُلَامٍ مَلَکْتُ کَمْ اپنی تمیز سے مل کر مفعول بہ بنے گا اور کَمْ یَوْمًا سِرْتَ وَکَمْ یَوْمٍ صُمْتُ میں کَمْ مع تمیز کے مفعول فیہ ہو گا اور کَمْ سے پہلے حرف جار یا مضاف ہو تو کَمْ محلًّا مجرور ہو گا جیسے: بِکَمْ رَجُلًا مَرَرْتَ، مَالُ کَمْ رَجُلٍ سَلَبْتُ (درایۃ النحو: ص:۱۷۶)۔

8	أَخَذْتُ نِصْفَ الرُّوْبِیَۃِ	میں نے آدھا روپیہ لیا۔

(8)۔أَخَذْتُ نِصْفَ الرُّوْبِیَۃِ : أَخَذْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔نِصْفَ مضاف اَلرُّوْبِیَۃِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۔

9	کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ ؟	تیرے رب نے کیسا کیا؟

(9)۔کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ ؟ کَیْفَ اسم استفہام حال مقدم فَعَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب رَبُّ مضاف کَ ضمیر مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال ۔ذوالحال اپنے حال مقدم سے مل کر فاعل ،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

قاعدہ: کَیْفَ کے بعد اگر کوئی اسم ہو تو کَیْفَ خبریت کی بنا پر محل رفع میں ہو گا اور اگر کَیْفَ کے بعد فعل ہو تو کَیْفَ مفعول مطلق یا حالیت کی بنا پر محل نصب میں ہو گا جیسے: کَیْفَ

جاءَ زَ یْدٌ،زَ یْدٌ ذوالحال ہے اور کَیْفَ حال اسی طرح کَیْفَ قَدَّرَ کَیْفَ خُلِقَتْ میں ضمیر ذوالحال ہے اور کَیْفَ حال ہے یعنی عَلیٰ اَیِّ حَالٍ ۔(المعجم المفصل:ج:۳)۔

10	مَتیٰ تَقْرَأُ الصَّبِیَّةُ ؟	بچی کب پڑھتی ہے ؟

(10)۔مَتیٰ تَقْرَأُ الصَّبِیَّةُ ؟ مَتیٰ اسم استفہام مفعول فیہ مقدم۔ تَقْرَأُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اَلصَّبِیَّةُ فاعل۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

11	مَا أَكْتُبُ ؟	میں کیا لکھوں ؟

(11)۔مَا اَكْتُبُ ؟ مَا اسم استفہام مفعول بہ مقدم۔اَكْتُبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

12	أُكْتُبْ دَرْسَكَ ؟	تو اپنا سبق لکھ۔

(12)۔أُكْتُبْ دَرْسَكَ: أُكْتُبْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں أَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔دَرْسَ مضاف كَ ضمیر مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

13	مَا اسْمُكَ ؟	تیرا نام کیا ہے ؟

(13)۔مَا اسْمُكَ؟ مَا اسم استفہام مبتدا۔اِسمُ مضاف كَ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

14	اِسْمِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْقَادِرِيُّ	میرا نام عبد الرحمن قادری ہے۔

(14)۔اِسْمِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْقَادِرِيُّ : اِسْمُ مضاف يَ ضمیر مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔عَبْدُ مضاف اَلرَّحْمٰنِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف۔اَلْقَادِرِيُّ اسم منسوب اس میں هُوَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل۔اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت۔موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

15	اِسْمُ عَمِّ خَالِدٍ أَبُوْ بَكْرٍ .	خالد کے چچا کا نام ابوبکر ہے۔

(15)۔اِسْمُ عَمِّ خَالِدٍ اَبُوْ بَكْرٍ : اِسْمُ مضاف عَمِّ مضاف الیہ مضاف۔خَالِدٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا اِسْمُ مضاف کا اِسْمُ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔اَبُو مضاف بَكْرٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

16	هَلْ رَأَيْتَ أَبَابَكْرٍ ؟	کیا تونے ابوبکر کو دیکھا؟

(16)۔هَلْ رَأَيْتَ اَبَا بَكْرٍ ؟ هَلْ حرف استفہام رَأَيْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔اَبَا مضاف بَكْرٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

1	مَارَأَيْتُهٗ	میں نے اسے نہیں دیکھا۔

(17)۔مَا رَأَیْتُہٗ: مَا رَأَیْتُ فعل ماضی منفی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل ہٗ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	ہاتھی کو کس نے مار ڈالا؟	مَنْ قَتَلَ فِیْلًا؟
2	زید نے کیا پڑھا؟	مَا قَرَأَ زَیْدٌ ؟
3	کیا زید نے پڑھا؟	هَلْ قَرَأَ زَیْدٌ ؟
4	لوگوں نے ابوبکر کو کب مارا؟	مَتیٰ ضَرَبَ النَّاسُ اَبَا بَکْرٍ ؟
5	خالد کیسے پڑھے گا؟	کَیْفَ یَقْرَأُ خَالِدٌ؟
6	تو نے یہ روپیہ کہاں پایا؟	أَیْنَ وَجَدتَّ هٰذِهِ الرُّوْبِیَۃَ ؟
7	میں کس سے مانگوں گا؟	مَنْ أَسْئَلُ ؟
8	تم کیا کھاؤ گے ؟	مَا تَأْکُلُ ؟
9	مدرسے کے لڑکے کب پڑھیں گے ؟	مَتیٰ یَقْرَأُ وِلْدَانُ الْمَدْرَسَۃِ؟
10	زید کے ماموں کا نام کیا ہے ؟	مَا اِسْمُ خَالِ زَیْدٍ؟
11	اس بچے نے کتنا پڑھا؟	کَمْ قَرَأَ هٰذَا الصَّبِیُّ؟
12	میں نے آدھی کتاب پڑھی	قَرَأتُ نِصْفَ الْکِتَابِ

سبق (۲۳) حال، ذوالحال

حال: وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول بہ کی حالت بیان کرے۔

ذوالحال: وہ فاعل یا مفعول بہ ہے جس کی حالت بیان کی گئی ہو جیسے ذَھَبَ زَیْدٌ رَاکِبًا یعنی زید سوار ہوکر آیا، اس مثال میں زَیْدٌ فاعل اور ذوالحال ہے، رَاکِبًا حال ہے۔ اور جیسے ضَرَبْتُ زَیْدًا مَشْدُوْدًا، میں نے زید کو باندھ کر مارا، اس مثال میں زَیْدًا مفعول بہ اور ذوالحال اور مَشْدُوْدًا اس کا حال ہے۔

حل لغات: نَاظِرًا: دیکھ کر۔ ضَاحِکًا ہنستا ہوا۔ جَاھِرًا زور سے۔ قَدِمَ آیا۔ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب (سمع)۔ شَاھِدًا حاضرو ناظر (مفاعلت)۔ سَالِمًا بخیریت۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	قَدِمَ زَیْدٌ ضَاحِکًا	زید ہنستا ہوا آیا۔

(1)۔قَدِمَ زَیْدٌ ضَاحِکًا: قَدِمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَیْدٌ ذوالحال۔ ضَاحِکًا اسم فاعل اس میں ھُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	یَقْرَأُ خَالِدٌ جَاھِرًا	خالد زور سے پڑھتا ہے۔

(2)۔یَقْرَأُ خَالِدٌ جَاهِرًا: یَقْرَأُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب خَالِدٌ ذو الحال جَاهِرًا اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال۔ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

3	كَتَبَ الرَّجُلَانِ جَالِسَيْنِ	دو مردوں نے بیٹھ کر لکھا۔

(3)۔كَتَبَ الرَّجُلَانِ جَالِسَيْنِ: كَتَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلرَّجُلَانِ ذوالحال۔جَالِسَيْنِ اسم فاعل اس میں هُمَا کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال۔ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

4	ضَرَبَ زَيْدٌ أَخَاهُ مَشْدُوْدًا	زید نے اپنے بھائی کو باندھ کر مارا۔

(4)۔ضَرَبَ زَيْدٌ اَخَاهُ مَشْدُوْدًا: ضَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَيْدٌ فاعل۔اَخَا مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال مَشْدُوْدًا اسم مفعول اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل۔اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال۔ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

5	اَلطَّلَبَةُ ذَهَبُوا رَاكِبِيْنَ	طلبہ سوار ہوکر گئے۔

(5)۔اَلطَّلَبَةُ ذَهَبُوا رَاكِبِيْنَ : اَلطَّلَبَةُ مبتدا۔ذَهَبُوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز ذوالحال۔رَاكِبِيْنَ اسم فاعل اس میں هُم ضمیر مرفوع پوشیدہ

فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	وَجَدتُ خَالِدًا وَهُوَ يَكْتُبُ	میں نے خالد کو لکھتے ہوئے پایا۔

(6)۔وَجَدْتُّ خَالِدًا وَهُوَ يَكْتُبُ: وَجَدْتُّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ خَالِدًا ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا۔ يَكْتُبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	أَرْسَلَ اللهُ نَبِيَّنَا شَاهِدًا	اللہ نے ہمارے نبی کو حاضر بنا کر بھیجا

(7)۔اَرْسَلَ اللهُ نَبِيَّنَا شَاهِدًا: اَرْسَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَللهُ کلمہ جلالت فاعل۔ نَبِيَّ مضاف نَا ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال۔ شَاهِدًا اسم فاعل اس میں هُوَ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

8	جَلَسَ الْمُلْحِدُ سَاكِتًا	بے دین چپ ہو کر بیٹھا۔

(8)۔جَلَسَ الْمُلْحِدُ سَاكِتًا: جَلَسَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلْمُلْحِدُ ذوالحال سَاكِتًا اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال۔ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

9	رَجَعَ السُّنِّيُّ سَالِمًا	سنی بخیریت لوٹا۔

(9)۔رَجَعَ السُّنِّيُّ سَالِمًا: رَجَعَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلسُّنِّيُّ ذوالحال۔سَالِمًا اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال۔ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

10	أَخْطُبُ بَعْدَ الأَكْلِ	میں کھاکر تقریر کروں گا۔

(10)۔اَخْطُبُ بَعْدَ الأَكْلِ: اَخْطُبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔بَعْدَ مضاف اَلأَكْلِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

11	رَأَيْتُ عَمَّتِيْ حَزِيْنَةً	میں نے اپنی پھوپھی کو غمگین دیکھا۔

(11)۔رَأَيْتُ عَمَّتِيْ حَزِيْنَةً: رَأَيْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔عَمَّةَ مضاف يِ ضمیر متکلّم مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال۔حَزِيْنَةً صفت مشبہ اس میں هِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔صفت مشبہ

اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

12	جَلَسْنَا مُتَأَدِّبِیْنَ عِنْدَ أُسْتَاذِنَا	ہم اپنے استاذ کے پاس ادب سے بیٹھے۔

(12)۔جَلَسْنَا مُتَأَدِّبِیْنَ عِنْدَ أُسْتَاذِنَا: جَلَسْنَا فعل ماضی معروف صیغہ جمع متکلّم اس میں نَا ضمیر بارز ذوالحال۔ مُتَأَدِّبِیْنَ اسم فاعل اس میں نَحْنُ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ عِنْدَ مضاف أُسْتَاذِ مضاف الیہ مضاف۔ نَا ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا عِنْدَ مضاف کا۔ عِنْدَ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

13	قَرَأْتُ نَاظِرًا	میں نے دیکھ کر پڑھا۔

(13)۔قَرَأْتُ نَاظِرًا : قَرَأْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع ذوالحال۔ نَاظِرًا اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

عربی	اردو	شمار
اَرْسَلْنٰكَ حَاضِرًا	ہم نے تمہیں حاضر بناکر بھیجا	1
قَدِمَ وِلْدَانُ زَيْدٍ ضَاحِكِيْنَ	زید کے لڑکے ہنستے ہوئے آئے	2
قَرَأَ الطُّلَّابُ نَاظِرِيْنَ	طلبہ نے دیکھ کر پڑھا	3
قَرَأَ الْمُتَعَلِّمَانِ جَاهِرِيْن	دو طالب علموں نے زور سے پڑھا	4
وَجَدَ زَيْدٌ بَكْرًا وَهُوَ يَقْرَأُ	زید نے بکر کو پڑھتے ہوئے پایا	5
رَجَعَ اَبُوْ خَالِدٍ سَالِمًا	خالد کا باپ بخیریت لوٹا	6
ضَرَبَ النَّاسُ اِيَّايَ مَشْدُوْدًا	لوگوں نے مجھ کو باندھ کر مارا	7
يَقْرَأُ زَيْدٌ جَالِسًا	زید بیٹھ کر پڑھے گا	8
يَقْرَأُ الْوِلْدَانُ بَعْدَ الأَكْل	لڑکے کھاکر پڑھیں گے	9
جَلَسَتْ زَوْجَةُ زَيْدٍ حَزِيْنَةً	زید کی بیوی غمگین ہوکر بیٹھی	10

سبق (۲۴)۔ تمیز

تمیز: وہ اسم ہے جو پوشیدگی دور کرے۔

ممیز: وہ اسم ہے جس میں ابہام اور پوشیدگی ہو جیسے: زَيْدٌ أَحْسَنُ وَجْهًا . اس مثال میں أَحْسَنُ ممیز اور وَجْهًا اس کی تمیز ہے۔

حل لغات: اَلسِّنُّ عمر۔ اَكْثَرُ زیادہ۔ عَقِيدَةً عقیدہ۔ نَفْسًا: طبیعت۔ اَسْبَقُ: آگے۔ اَلتَّصَلُّبُ سخت ہونا، ٹھوس ہونا، پختہ ہونا۔ (مصدر، تفعل)۔

ترجمہ	عبارت	شمار

زید عمر میں بڑا ہے۔	زَ یْدٌ أَکْبَرُ سِنًّا	1

(1)۔زَ یْدٌ اَکْبَرُ سِنًّا: زَ یْدٌ مبتدا۔اَکْبَرُ اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔سِنًّا تمیز نسبت۔اسم تفضیل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

میں زیادہ مال والا ہوں۔	أَنَا أَکْثَرُ مَالًا	2

(2)۔أَنَا أَکْثَرُ مَالًا: أَنَا ضمیر مرفوع منفصل مبتدا۔اَکْثَرُ اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔مَالًا تمیز نسبت۔اسم تفضیل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(2)۔أَنَا:ضمیر،مرفوع منفصل مبتدا۔اَکْثَرُ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع متّصل مستتر راجع بسوئے مبتدا اس کا فاعل،اسم تفضیل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر،مَالًا مبتدا اور خبر کے درمیان نسبت کی تمیز۔مبتدا اپنی خبر اور نسبت کے درمیان تمیز سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔(الترکیب ص:162)

یہ مرد پاکیزہ طبیعت والا ہے۔	ھٰذَا الرَّجُلُ أَطْیَبُ نَفْسًا	3

(3)۔ھٰذَا الرَّجُلُ اَطْیَبُ نَفْسًا: ھٰذَا اسم اشارہ۔اَلرَّجُلُ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا۔اَطْیَبُ اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔نَفْسًا تمیز نسبت۔اسم تفضیل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سنی عقیدہ میں پختہ ہے۔	اَلسُّنِّیُّ مُتَصَلِّبٌ اِعْتِقَادًا	4

(4)۔اَلسَّنِيُّ مُتَصَلِّبٌ اعْتِقَادًا : اَلسُّنِيُّ مبتدا۔مُتَصَلِّبٌ ۔اسم فاعل اسم میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اِعْتِقَادًا تمیز نسبت۔اسم فاعل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	أَخُو بَكْرٍ صَغِيْرٌ سِنًّا	بکر کا بھائی عمر میں چھوٹا ہے۔

(5)۔اَخُو بَكْرٍ صَغِيْرٌ سِنًّا : اَخُو مضاف بَكْرٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔صَغِيْرٌ صفت مشبہ اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔سِنًّا تمیز نسبت۔صفت مشبہ اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	رَأَيْتُ عِشْرِيْنَ قَلَمًا	میں نے بیس قلم دیکھے۔

(6)۔رَأَيْتُ عِشْرِيْنَ قَلَمًا: رَأَيْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔عِشْرِيْنَ ممیّز قَلَمًا تمیز۔ممیّز اپنی تمیز سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	هُوَ كَامِلٌ إِيْمَانًا	وہ ایمان میں کامل ہے۔

(7)۔هُوَ كَامِلٌ اِيْمَانًا: هُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا۔كَامِلٌ اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اِيْمَانًا تمیز نسبت۔اسم فاعل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

8	نَحْنُ أَهْلُ السُّنَّةِ عَقِيْدَةً	ہم عقیدہ میں اہل سنت ہیں۔

(8)۔نَحْنُ اَهْلُ السُّنَّةِ عَقِيْدَةً: نَحْنُ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا۔اَهْلُ مضاف۔ اَلسُّنَّةِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ممیّز عَقِيْدَةً تمیز نسبت۔ممیّز اپنی تمیز نسبت سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

9	زَ يْدٌ أَفْضَلُ عِلْمًا	زید علم میں افضل ہے۔

(9)۔زَ يْدٌ اَفْضَلُ عِلْمًا : زَ يْدٌ مبتدا۔اَفْضَلُ اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔عِلْمًا تمیز نسبت۔اسم تفضیل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

10	هٰذَا الْوَلَدُ أَسْبَقُ قِرَائَةً	یہ لڑکا پڑھنے میں آگے ہے۔

(10)۔هٰذَا الْوَلَدُ اَسْبَقُ قِرَاءَةً: هٰذَا اسم اشارہ۔اَلْوَلَدُ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا۔اَسْبَقُ اسم تفضیل صیغہ واحد مذکر اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔قِرَاءَةً تمیز نسبت۔اسم تفضیل اپنے فاعل اور تمیز نسبت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

شمار	اردو	عربی
1	زید پاکیزہ طبیعت والا ہے	زَ يْدٌ اَطْيَبُ نَفْسًا
2	ابو بکر زیادہ روپے والا ہے	اَبُوْ بَكْرٍ اَكْثَرُ رُوْ بِيَةً
3	خالد کا بچہ عقیدے میں پختہ ہے	عَمُّ خَالِدٍ مُتَصَلِّبٌ اِعْتِقَادًا

4	میں عمر میں چھوٹا ہوں	أَنَا صَغِيْرٌ سِنًّا
5	خالد کا باپ لکھنے میں آگے ہے	اَبُوْ خَالِدٍ اَسْبَقُ كِتَابَةً
6	نیا موٹر میں لے جاؤں گا	أُذْهِبُ السَّيَّارَةَ الْجَدِيْدَةَ
7	میں گائے کا دودھ نہیں پیوں گا	لَا اَشْرَبُ لَبَنَ الْبَقَرَةِ
8	مسجد کا ستون لمبا ہے	عِمَادُ الْمَسْجِدِ طَوِيْلٌ
9	زید کا باپ خالد کا بھائی ہے	اَبُوْ زَيْدٍ اَخُوْ خَالِدٍ
10	میں نے تیرے ماموں کو لکھتے ہوئے دیکھا	رَأَيْتُ خَالَكَ وَهُوَ يَكْتُبُ
11	زید نے تمھاری پھوپھی کو کھاتے ہوئے پایا	وَجَدَ زَيْدٌ عَمَّتَكَ وَهِيَ تَأْكُلُ
12	بکر کا چچا تیرا باپ ہے	عَمُّ بَكْرٍ اَبُوْكَ؟
13	نماز کی کنجی کیا ہے؟	مَا مِفْتَاحُ الصَّلٰوةِ؟
14	تیرا لڑکا کون ہے؟	مَنْ وَلَدُكَ؟
15	ہوشیار لڑکا قرآن پڑھتا ہے	اَلْوَلَدُ النَّبِيْهُ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ
16	میری ماں قرآن دیکھ کر پڑھتی ہے	اُمِّيْ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ نَاظِرَةً

سبق (۲۵) منادٰی

منادٰی: وہ اسم ہے جس پر حرف ندا داخل ہو جیسے یَا رَجُلُ یعنی اے آدمی، اس مثال میں رَجُلُ منادٰی ہے۔

نداء: وہ حرف ہے جس کو پکارنے کے لیے وضع کیا گیا ہو جیسے یَا۔

حل لغات: اُرْزُقْ: تو عطا کر۔ فعل امر واحد مذکر حاضر (ن)۔ اُنْظُر: تو دیکھ فعل امر واحد مذکر حاضر (ن)۔ اَلتَّثْبِیْتُ: ثابت رکھنا۔ (مصدر، تفعیل)۔ اَلاَقْدَامُ پیروں ۔ واحد قَدَمٌ۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	یَا اَللّٰہُ	اے اللہ!

(1)۔ یَا اَللّٰہُ : یَا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کا، اَدْعُو فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں اَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اَللّٰہُ اسم جلالت منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	اُنْصُرِ الْمُسْلِمِیْنَ	تو مسلمانوں کی مدد فرما۔

(2)۔ اُنْصُرِ الْمُسْلِمِیْنَ: اُنْصُرْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں أَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل۔ اَلْمُسْلِمِیْنَ اسم فاعل اس میں ھُمْ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	یَا زَیْدُ !	اے زید!

(3)۔ یَا زَیْدُ : یَا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کا۔ اَدْعُو فعل مضارع اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ زَیْدُ منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

4	لَا تَظْلِمْ أَخَاكَ	تو اپنے بھائی پر ظلم مت کر۔

(4)۔لَا تَظْلِمْ أَخَاكَ: لَا تَظْلِمْ: فعل نہی حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اَخَا مضاف كَ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

5	اَللّٰھُمَّ	اے اللہ!

(5)۔اَللّٰھُمَّ: اَللهُ اسم جلالت منادی محلًا مفعول بہ مقدم، مَ حرف ندا یا کے عوض قائم مقام اَدْعُو فعل مضارع محذوف کا۔ اَدْعُو فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں اَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

قاعدہ:(۲)۔مقام دعا میں اکثر یَا اَللهُ سے، حذفِ حرف نداء کے بعد اسم جلالت کے آخر میں میم مشدد بڑھا دیتے ہیں جیسے: اَللّٰھُمَّ اس کی ترکیب یَا اَللهُ والی ہی کی جائے گی ۔(الترکیب: سبق ۱۵، ص: ۷۹)

6	اُرْزُقْنَا الْجَنَّةَ	تو ہمیں جنت عطا کر۔

(6)۔اُرْزُقْنَا الْجَنَّةَ: اُرْزُقْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ نَا ضمیر مفعول بہ۔ اَلْجَنَّةَ مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

7	یَا رَسُوْلَ اللهِ	اے اللہ کے رسول!

(7)۔یَا رَسُوْلَ اللهِ: یَا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کا۔ اَدْعُو فعل مضارع اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ رَسُوْلَ مضاف اَللهِ اسم جلالت مضاف الیہ۔ مضاف اپنے

مضاف الیہ سے مل کر منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

8	اُنْظُرْ حَالَنَا	آپ ہمارے حال پر نظر فرمائیے

(8)۔اُنْظُرْ حَالَنَا: اُنْظُرْ فعل امر حاضر صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل ۔حَالَ مضاف نَا ضمیر مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

9	یَا رَبَّنَا	اے ہمارے رب!

(9)۔یَا رَبَّنَا : یَا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کا ۔اَدْعُو فعل مضارع صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔رَبَّ مضاف نَا ضمیر مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

10	ثَبِّتْ أَقْدَامَنَا	ہمارے پیروں کو ثابت رکھ

(10)۔ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا: ثَبِّتْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔اَقْدَامَ مضاف ۔نَا ضمیر مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

11	یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ	اے سارے جہان کے پروردگار!

(11)۔یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ : یَا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کا ۔اَدْعُو فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔ رَبَّ مضاف اَلْعَالَمِیْنَ

مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

12	أَصْلِحِ الْمُسْلِمِيْنَ	مسلمانوں کی اصلاح فرما۔

(12)۔اَصْلِحِ المُسْلِمِيْنَ :اَصْلِحْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں أَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔اَلمُسْلِمِيْنَ اسم فاعل اس میں هُمْ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

13	اِشْفَعْ	شفاعت کیجیے

(13)۔اِشْفَعْ :اِشْفَعْ: فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

14	يَا نَبِيَّ اللهِ	اے اللہ کے نبی!

(14)۔يَا نَبِيَّ اللهِ: يَا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کا۔اَدْعُو فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں اَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔نَبِيَّ مضاف اللهِ اسم جلالت مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

15	يَا رَجُلُ !	اے شخص!

(15)۔یَا رَجُلُ: یَا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کا۔اَدْعُو فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں اَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔رَجُلُ منادی مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

16	لَا تَقْتُلْ زَیْدًا	تو زید کو مت قتل کر۔

(16)۔لَا تَقْتُلْ زَیْدًا: لَا تَقْتُلْ فعل نہی حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔زَیْدًا منادی مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

17	یَا رَبِّیْ	اے میرے رب!

(۱۷)۔یَا رَبِّیْ: یَا حَرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کا۔اَدْعُو فعل مضارع صیغہ واحد متکلّم اس میں اَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔رَبَّ مضاف۔یَ ضمیر متکلّم مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

18	تَقَبَّلْ دُعَائِیْ	میری دعا قبول فرما۔

(18)۔تَقَبَّلْ دُعَائِیْ: تَقَبَّلْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں أَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔دُعَا مضاف۔یَ ضمیر متکلّم مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

19	یَا عَبْدَ الرَّسُوْلِ	اے عبد الرسول!

(19)۔یَا عَبْدَ الرَّسُوْلِ :یَا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کا۔ اَدْعُو فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔عَبْدَ مضاف اَلرَّسُوْلِ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر منادی مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

20	تَعَلَّمِ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ	توعربی زبان سیکھ۔

(20)۔تَعَلَّمِ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ :تَعَلَّمْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اَللُّغَةَ موصوف اَلْعَرَبِيَّةَ صفت۔موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

شمار	اردو	عربی
1	اے اللہ!توہمیں علم نصیب کر	اَللّٰهُمَّ اُرْزُقْنَا الْعِلْمَ
2	اے خالد!توایک خط لکھ	يَا خَالِدُ! اُكْتُبْ كِتَابًا
3	اے شخص!زور سے قرآن پڑھ	يَا رَجُلُ !اِقْرَءِ الْقُرْآنَ جَاهِرًا
4	اے عبداللہ!اپنے بھائی کی تعظیم کرو	يا عَبْدَ اللهِ !اَكْرِمْ اَخَاكَ
5	اے عبدالرسول!تم زید کا کپڑادھو	يَا عَبْدَ الرَّسُوْلِ !اِغْسِلْ ثَوْبَ زَيْدٍ
6	میں اردوزبان سیکھتاہوں	اَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ

7	اے میرے رب! میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں	یَا رَبِّیْ! اَسْئَلُكَ الْجَنَّۃَ

سبق (۲۶) حروف مشبہ بہ فعل

حرف مشبہ: وہ حرف ہے جو جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو منصوب اور خبر کو مرفوع کرے۔ جیسے: إِنَّ وغیرہ۔

حل لغات: إِنَّ أَنَّ بے شک۔ واقعی۔ کَأَنَّ گویا کہ۔ لَیْتَ کاشکہ۔ لٰکِنَّ لیکن۔ لَعَلَّ شاید کہ۔ اَلْقُعُوْدُ کھڑے سے بیٹھنا (ن، مصدر)۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	إِنَّ اللہَ عَلِیْمٌ	بے شک اللہ جانتا ہے۔

(1)۔**إِنَّ اللہَ عَلِیْمٌ:** إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَللہَ اسم جلالت اس کا اسم۔ عَلِیْمٌ صفت مشبہ اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

2	إِنَّ اللہَ عَالِمُ الْغَیْبِ	بے شک اللہ غیب کا جاننے والا ہے۔

(2)۔**إِنَّ اللہَ عَالِمُ الْغَیْبِ:** إِنَّ حرف مشبہ بالفعل۔ اَللہَ اسم جلالت اس کا اسم۔ عَالِمُ اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اَلْغَیْبِ مضاف الیہ۔ اسم فاعل اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ إِنَّ حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

3	إِنَّ اللهَ عَلَّمَ النَّبِيَّ الْغَيْبَ	بے شک اللہ نے نبی کو غیب (کا علم) سکھایا ہے۔

(3)۔إِنَّ اللهَ عَلَّمَ النَّبِيَّ الْغَيْبَ :إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اللهَ اسم جلالت اس کا اسم عَلَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل اَلنَبِيَّ مفعول بہ اول اَلْغَيْبَ مفعول بہ ثانی۔فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔إِنَّ حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

4	إِنَّ الْغَيْبَ مَعْلُوْمُ النَّبِيِّ	بے شک غیب (کا علم) نبی کو معلوم ہے۔

(4)۔إِنَّ الْغَيْبَ مَعْلُوْمُ النَبِيِّ :إِنَّ حرف مشبہ بالفعل ۔ اَلْغَيْبَ اس کا اسم ۔مَعلُوْمُ اسم مفعول مضاف ۔اَلنَبِيِّ نائب فاعل مضاف الیہ ۔ اسم مفعول مضاف اپنے نائب فاعل مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

5	اِعْلَمْ أَنَّ زَ يْدًا حَنَفِيٌّ	تم جان لو کہ زید حنفی ہے۔

(5)۔اِعَلَمْ أَنَّ زَ يْدًا حَنَفِيٌّ : اِعْلَمْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔أَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی ۔زَ يْدًا اس کا اسم ۔حَنَفِيٌّ اسم منسوب صیغہ واحد مذکر اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل ۔اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔اِنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر جملہ

اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہوکر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

6	كَأَنَّ عَمْرًوا عَالِمٌ	عمرو گویا کہ عالم ہے۔

(6)۔ كَأَنَّ عَمْرًوا عَالِمٌ: كَأَنَّ حرف مشبہ بفعل عَمْرًوا اس کا اسم عَالِمٌ اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ كَأَنَ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	إِنِّيْ سُنِّيٌّ	بے شک میں سنی ہوں۔

(7)۔ إِنِّي سُنِّيٌّ: إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل يَ ضمیر متکلّم اس کا اسم سُنِّيٌّ۔ اسم منسوب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل۔ اسم منسوب اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

8	إِنَّنِيْ أَقْرَأُ الْقُرْآنَ	بے شک میں قرآن پڑھتا ہوں۔

(8)۔ إِنَّنِيْ اَقْرَأُ الْقُرْآنَ: إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل نَ وقایہ کی يَ ضمیر متکلّم اس کا اسم اَقْرَأُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اَلْقُرْآنَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر۔ إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	إِنَّا أَصْحَابُ الْمَالِ	بے شک ہم مالدار ہیں۔

(9)۔إِنَّا اَصْحَابُ الْمَالِ: إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل نَا ضمیر منصوب متّصل اس کا اسم ۔اَصْحَابُ مضاف اَلْمَالِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔اِنَّ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

10	إِنَّنَا مُسْلِمُوْنَ	بے شک ہم مسلمان ہیں۔

(10)۔إِنَّنَا مُسْلِمُوْنَ: إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل نَا ضمیر منصوب متّصل اس کا اسم ۔اَلمُسْلِمُوْنَ اسم فاعل صیغہ جمع مذکر اس میں نَحْنُ ضمیر پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

11	لَیْتَ بَکْرًا نَبِیْهٌ .	کاش کہ بکر ہوشیار رہتا۔

(11)۔لَیْتَ بَکْرًا نَبِیْهٌ : لَیْتَ حرف مشبہ بہ فعل ۔بَکْرًا اس کا اسم ۔ نَبِیْهٌ صفت مشبہ اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔لَیْتَ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

12	إِنَّ بَکْرًا لَمْ یَقْدَمْ	بے شک بکر نہیں آیا

(12)۔إِنَّ بَکْرًا لَمْ یَقْدَمْ: إِنَّ حرف مشبہ بفعل بَکْرًا اس کا اسم ۔ لَمْ یَقْدَمْ فعل نفی جحد بلم صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔

13	لٰکِنَّ صَدِیْقَهٗ حَاضِرٌ	لیکن اس کا دوست حاضر ہے۔

(13)۔لٰکِنَّ صَدِیْقَہٗ حَاضِرٌ :لٰکِنَّ حرف مشبہ بہ فعل صَدِیْقَ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کراس کا اسم۔حَاضِرٌ اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔لٰکِنَّ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

14	لَعَلَّ عَمْرًوا یَقْرَأُ	شاید عمرو پڑھتا ہے۔

(14)۔لَعَلَّ عَمْرًو یقْرَأُ :لَعَّلَ حرف مشبہ بہ فعل عَمْرًوا اس کا اسم۔یَقْرَأُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔لَعَّلَ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

15	إِنَّہٗ جَالِسٌ .	بے شک وہ بیٹھا ہے۔

(15)۔إِنَّہٗ جَالِسٌ: إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل ۔ہٗ ضمیر منصوب متّصل اس کا اسم ۔جَالِسٌ اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

16	إِنَّكِ قَاعِدَۃٌ	واقعی تو بیٹھی ہے۔

(16)۔إِنَّكِ قَاعِدَۃٌ: إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل كِ ضمیر اس کا اسم قَاعِدَۃٌ اسم فاعل صیغہ واحد مؤنث اس میں اَنْتِ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نظیر: اَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا [الأحزاب:۴۵:۳۳] ہم نے تمہیں حاضر و ناظر بنا کر بھیجا (فعل فاعل، مفعول بہ ذوالحال، شبہ جملہ حال)

ترکیب: "اَرْسَلْنَا" فعل ماضی معروف صیغہ جمع متکلّم اس میں "نَا" ضمیر بارز فاعل، "كَ" ضمیر منصوب متّصل ذوالحال، "شَاهِدًا" صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر، اس میں أَنْتَ" ضمیر پوشیدہ فاعل، راجع بسوے ذوالحال، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل ماضی معروف اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ **(رہنمائے ترکیب: ص۱۶۴)**

قاعدہ اگر اسمائے صفات (یعنی اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل وغیرہ) سے پہلے حاضر، یا متکلّم کی ضمیر مرفوع منفصل آجائے تو اب ان صیغوں میں غائب کی ضمیر مستتر نہ ہوگی بلکہ اسی حاضر و متکلّم کی ضمیر کو مستتر مانیں گے۔

:أَنَا طَالِبٌ اور أَنْتَ كَرِيْمٌ یہاں طَالِبٌ میں أَنَا اور كَرِيْمٌ میں أَنْتَ ضمیر مستتر مانی جائے گی۔ لیکن یہ ضمائر ماقبل کی جانب راجع نہیں ہوں گی، بلکہ فقط مابعد کے ماقبل سے مربوط ہونے کو ظاہر کریں گی۔ (الترکیب: ص:۳۵)۔

17	إِنَّ المُنَافِقِيْنَ كَاذِبُوْنَ	منافقین ضرور جھوٹے ہیں۔

(17)۔إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ كَاذِبُوْنَ : إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل اَلمُنَافِقِيْنَ اس کا اسم ۔كَاذِبُوْنَ اسم فاعل صیغہ جمع مذکر اس میں هُمْ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

18	إِنَّ هٰذِهٖ بِنْتُ خَالِدٍ	بے شک یہ خالد کی بیٹی ہے۔

(18)۔إِنَّ هٰذِهٖ بِنْتُ خَالِدٍ : إِنَّ حرف مشبہ بالفعل ۔هٰذِهٖ اسم اشارہ اس کا اسم۔ بِنْتُ مضاف خَالِدٍ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

19	أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ (صَلىَّ اللهُ تَعَالىٰ عَلَيْهِ وَعَلىٰ آلِهٖ وَسَلَّمَ .)	میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں (اللہ کا ان پر اور ان کی آل پر درود وسلام ہو)۔

(19)۔اَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ: اَشْهَدُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔أَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی ۔مُحَمَّدًا اس کا اسم ۔رَسُوْلُ مضاف ۔اللهِ کلمہ جلالت مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔إِنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہوکر مفعول بہ ۔اَشْهَدُ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ:صَلىَّ اللهُ تَعَالىٰ عَلَيْهِ وَعَلىٰ آلِهٖ وَسَلَّمَ: اس جملہ کی ترکیب سبق (٦) جملہ نمبر (١٢) میں کردی گئی ہے وہاں سے دیکھ لیں۔

20	سَمِعْتُ أَنَّكُمْ قَتَلْتُمُ الْفِيْلَ	میں نے سنا ہے کہ تم لوگوں نے ہاتھی کو مار ڈالا ہے۔

(20)۔سَمِعْتُ أَنَّكُمْ قَتَلْتُمُ الْفِيْلَ : سَمِعْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم ۔اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔أَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی ۔كُمْ ضمیر اس کا

اسم۔ قَتَلْتُمْ فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں تُمْ ضمیر مرفوع بارز فاعل۔ اَلْفِيْلَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر۔ أَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واقعی ابوبکر بیمار ہے۔	إِنَّ أَبَابَكْرٍ عَلِيْلٌ	21

(21)۔ **إِنَّ أَبَا بَكْرٍ عَلِيْلٌ:** إِنَّ حرف مشبہ بالفعل أَبَا مضاف بَكْرٍ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اس کا اسم۔ عَلِيْلٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بے شک نیکیاں برائیوں کو لے جاتی ہیں۔	إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّآتِ	22

(22)۔ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ: إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلْحَسَنَاتِ اس کا اسم۔ يُذْهِبْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مؤنث غائب اس میں نون ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ اَلسَّيِّئَاتِ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ إِنَّ حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

عربی	اردو	شمار

1	بے شک اللہ یکتا ہے	إِنَّ اللّٰهَ أَحَدٌ
2	بے شک نبی کو غیب بتایا گیا	إِنَّ النَّبِيَّ عُلِّمَ الْغَيْبَ
3	تم جان لو کہ زید نے مارا	اِعْلَمْ أَنَّ زَ يْدًا ضَرَ بَ
4	زید گویا کہ عقلمند ہے	كَأَنَّ زَ يْدًا عَاقِلٌ
5	کاش کہ بکر مالدار ہوتا	لَيْتَ بَكْرًا صَاحِبُ الْمَالِ
6	شاید بکر جائے	لَعَلَّ بَكْرًا يَذْهَبُ
7	بے شک خالد بیوقوف ہے لیکن اس کا لڑکا ہوشیار ہے	إِنَّ خَالِدًا سَفِيْهٌ لٰكِنْ وَلَدَهٗ نَبِيْهٌ
8	میں جانتا ہوں کہ زید جھوٹا ہے	اَعْلَمُ أَنَّ زَ يْدًا كَاذِبٌ
9	ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ پروردگار ہے	نَشْهَدُ أَنَّ اللّٰهَ رَ بٌّ
10	لوگوں نے سنا کہ زید کا بھائی بیمار ہے	سَمِعَ النَّاسُ أَنَّ اَخَا زَ يْدٍ عَلِيْلٌ
11	بے شک تم دونوں مسلمان ہو	إِنَّكُمَا مُسْلِمَانِ
12	میں نے سنا کہ زید کی ماں رنجیدہ ہو گئی	سَمِعْتُ أَنَّ أُمَّ زَ يْدٍ ذَهَبَتْ حَزِ يْنَةً
13	بے شک گاؤں کے رہنے والے ہوشیار ہیں	إِنَّ سَاكِنِي الْقَرْ يَةِ نَبِيْهُوْ نَ
14	ابوالحسن ضرور بہادر ہے	إِنَّ اَبَا الْحَسَنِ بَطَلٌ
15	واقعی تم سنی ہو	إِنَّكَ سُنِّيٌّ

سبق (۲۷) افعالِ ناقصہ

فعلِ ناقص: وہ فعل ہے جو جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرے جیسے: کَانَ وغیرہ۔

حل لغات: کَانَ تھا۔ صَارَ ہوگیا۔ لَیْسَ نہیں ۔ غَنِيٌّ مالدار۔ مَلِكٌ بادشاہ ۔اَلْعَجُوْزُ بوڑھی۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	کَانَ زَ یْدٌ فَقِیْرًا	زید فقیر تھا۔

(1)۔کَانَ زَ یْدٌ فَقِیْرًا : کَانَ **فعل ناقص** زَ یْدٌ اس کا اسم ۔فَقِیْرًا **صفت مشبہ صیغہ** واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	صَارَ أَبُوْ بَكْرٍ مَلِكًا	ابوبکر بادشاہ ہوگیا۔

(2)۔صَارَ اَبُوْ بَكْرٍ مَلِكًا: صَارَ **فعل ناقص** اَبُو **مضاف** ۔بَكْرٍ **مضاف الیہ** ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر صَارَ کا اسم مَلِكًا صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
3	لَيْسَ عَمْرٌو غَنِيًّا	عمرو مالدار نہیں ہے۔

(3)۔لَيْسَ عَمْرٌو غَنِيًّا: لَيْسَ **فعل ناقص** عَمْرٌو اس کا اسم ۔غَنِيًّا **صفت مشبہ** صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
4	صَارَ هٰذَانِ الرَّجُلَانِ عَالِمَيْنِ	یہ دونوں مرد عالم ہوگئے۔

(4)۔صَارَ هٰذَانِ الرَّجُلَانِ عَالِمَيْنِ: صَارَ فعل ناقص هٰذَانِ اسم اشارہ اَلرَّجُلَانِ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر اسم۔عَالِمَيْنِ اسم فاعل صیغہ تثنیہ مذکر اس میں هُمَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

5	كَانَ الْعَالِمُ يَكْتُبُ	عالم لکھتا تھا۔

(5)۔كَانَ الْعَالِمُ يَكْتُبُ : كَانَ فعل ناقص۔اَلْعَالِمُ اس کا اسم۔يَكْتُبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	كَانَ خَالِدٌ قَرَأَ	خالد نے پڑھا تھا۔

(6)۔كَانَ خَالِدٌ قَرَأَ : كَانَ فعل ناقص: خَالِدٌ اس کا اسم۔قَرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

7	كَانَتْ زَوْجَةُ زَيْدٍ ضَاحِكَةً	زید کی بیوی ہنس رہی تھی۔

(7)۔كَانَتْ زَوْجَةُ زَيْدٍ ضَاحِكَةً: كَانَتْ فعل ناقص صیغہ واحد مؤنث غائب۔ زَوْجَةُ مضاف۔زَيْدٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم۔ضَاحِكَةً اسم فاعل صیغہ واحد مؤنث اس میں هِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

8	أَخُو زَيْدٍ كَانَ أَكَلَ	زید کے بھائی نے کھایا تھا۔

(8)۔اَخُوْ زَ یْدٍ کَانَ اَکَلَ : اَخُو مضاف زَ یْدٍ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ کَانَ فعل ناقص اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ اس کا اسم۔ اَکَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ کَانَ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

9	لَیْسَ عَمْرٌو قَاتِلًا	عمرو قاتل نہیں ہے۔

(9)۔لَیْسَ عَمْرٌو قَاتِلًا : لَیْسَ فعل ناقص عَمْرٌو اس کا اسم۔ قَاتِلًا اسم فاعل صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوِ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

10	اِنَّ عَمَّۃَ بَکْرٍ صَارَتْ عَجُوْزًا	بے شک بکر کی پھوپھی بوڑھی ہوگئی۔

(10)۔اِنَّ عَمَّۃَ بَکْرٍ صَارَتْ عَجُوْزًا: اِنَّ حرف مشبہ بہ فعل۔ عَمَّۃَ مضاف۔ بَکْرٍ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اِنَّ کا اسم۔ صَارَتْ فعل ناقص صیغہ واحد مؤنث غائب اس میں ھِیَ ضمیر مرفوع پوشیدہ اس کا اسم۔ عَجُوْزًا خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

11	لَیسَتْ بِنْتُ خَالِدٍ خَالَۃَ زَ یْدٍ	خالد کی لڑکی زید کی خالہ نہیں ہے۔

(11)۔لَیْسَتْ بِنْتُ خَالِدٍ خَالَۃَ زَ یْدٍ: لَیْسَتْ فعل ناقص صیغہ واحد مؤنث غائب بِنْتُ مضاف۔ خَالِدٍ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اس کا اسم

۔خَالَۃَ مضاف ۔زَ یْدٍ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

مشق

عربی بنائیں

عربی	اردو	شمار
صَارَ بَكْرٌ سُنِّيًّا	بکر سنی ہو گیا	1
لَيْسَ الرَّجُلُ جَالِسًا	مرد بیٹھا نہیں ہے	2
كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ غَنِيًّا	ابو بکر مالدار تھا	3
كَانَ بَكْرٌ خَطَبَ	بکر نے تقریر کی تھی	4
كَانَ زَ يْدٌ يَسْمَعُ	زید سنتا تھا	5
إِنَّ خَالَتِيْ أُمُّ زَ يْدٍ	بے شک میری خالہ زید کی ماں ہے	6
كَانَ مِسْوَاكِيْ طَوِ يْلًا	میری مسواک لمبی ہے	7
أَرَأَيْتَ كَانَ خَالِدٌ يَذْهَبُ	کیا تم نے دیکھا کہ خالد جا رہا تھا	8
وَجَدتُّ عَمْرًوا لٰكِنَّهٗ مَا ضَرَبْتُ	میں نے عمرو کو پایا لیکن اس کو میں نے مارا نہیں	9

سبق (۲۸) مجرورات

مجرور: وہ اسم ہے جس پر حرف جار داخل ہو یا جو مضاف الیہ ہو۔

جار: وہ حرف ہے جس کی وجہ سے اسم پر کسرہ یا فتحہ یا یاء آئے، جیسے عَلیٰ زَ یْدٍ اس مثال میں زَ یْدٍ مجرور عَلیٰ حرف جار ہے اور مثلاً إِلیٰ مَکَّۃَ میں إِلیٰ حرف جار اور مَکَّۃَ مجرور ہے اور جیسے عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ، اس مثال میں اَلمُسْلِمِیْنَ مجرور ہے۔

حل لغات: إِلیٰ تک۔ عَلیٰ پر۔ مِنْ سے۔ فِيْ میں۔ لِ لیے۔ سَافَرَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس نے سفر کیا۔ (مفاعلۃ)۔ بِ سے۔ حَتیّٰ یہاں تک کہ ۔ اَلْمَحطّۃُ اسٹیشن۔

شمار	عبارت	ترجمہ
1	زَ یدٌ تَرْ جَمَ الْقُرْآنَ بِالأُرْدِیَّۃِ	زید نے قرآن کا اردو میں ترجمہ کیا۔

(1)۔ زَ یْدٌ تَرْ جَمَ الْقُرْآنَ بِالأُرْدِیَّۃِ: زَ یْدٌ مبتدا۔ تَرْ جَمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔ اَلْقُرْآنَ مفعول بہ ۔ بَ حرف جار اَلأُرْدِیَّۃِ مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	اَلطَّلَبَۃُ یُتَرْجِمُوْنَ الْعَرَبِیَّۃَ بِاللُّغَۃِ الاِنْجِلِیْزِیَّۃِ	طلبہ عربی کا انگریزی زبان میں ترجمہ کرتے ہیں۔

(2)۔ اَلطَّلَبَۃُ یُتَرْجِمُوْنَ الْعَرَبِیَّۃَ بِاللُّغَۃِ الاِنْجِلِیزِیَّۃِ: اَلطَّلَبَۃُ مبتدا۔ یُتَرْجِمُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔ اَلْعَرَبِیَّۃَ مفعول بہ۔ بَ حرف جار۔ اَللُّغَۃِ موصوف اَلاِنْجِلِیْزِیَّۃِ صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

3	سَلَّمَ زَ يْدٌ عَلٰى خَالِدٍ	زید نے خالد کو سلام کیا۔

(3)۔سَلَّمَ زَ يْدٌ عَلٰى خَالِدٍ: سَلَّمَ **فعل** ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَ يْدٌ فاعل ۔عَلٰى حرف جار۔خَالِدٍ مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔**فعل** اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

4	ذَهَبَ الزَّعِيْمُ إِلٰى لَنْدَنَ	لیڈر لندن گیا۔

(4)۔ذَهَبَ الزَّعِيْمُ إِلٰى لَنْدَنَ: ذَهَبَ **فعل** ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب۔ اَلزَّعِيْمُ فاعل۔إِلٰى حرف جار۔لَنْدَنَ مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔**فعل** اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

5	اَذْهَبُ غَدًا إِلٰى بَمْبِى	میں کل بمبئی جاؤں گا۔

(5)۔اَذْهَبُ غَدًا إِلٰى بَمْبِىءِ : اَذْهَبُ **فعل** مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں اَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔غَدًا مفعول فیہ ۔إِلٰى حرف جار ۔بَمْبِىءَ مجرور ۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔**فعل** اپنے فاعل مفعول فیہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

6	اَلنَّاسُ يُسَافِرُوْنَ بِالطَّيَّارَةِ	لوگ ہوائی جہاز سے سفر کرتے ہیں ۔

(6)۔اَلنَّاسُ يُسَافِرُوْنَ بِالطَّيَّارَةِ : اَلنَّاسُ مبتدا ۔يُسَافِرُوْنَ **فعل** مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واوٗ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔بِ حرف جار اَلطَّيَّارَةِ مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔**فعل** اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

7	تَذْھَبُ المَرْأَۃُ إِلیَ السُّوْقِ	عورت بازار جارہی ہے۔

(7)۔تَذْھَبُ المَرْأَۃُ إِلیٰ السُّوْقِ: تَذْھَبُ **فعل** مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اَلمَرْأَۃُ فاعل ۔إِلیٰ حرف جار ۔اَلسُّوْقِ مجرور ۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔**فعل** اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبریہ ہوا۔

8	یَدْخُلُوْنَ فِيْ دِیْنِ اللہِ	وہ سب اللہ کے دین میں داخل ہوتے ہیں

(8)۔یَدْخُلُوْنَ فِيْ دِیْنِ اللہِ: یَدْخُلُوْنَ **فعل** مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔فِيْ حرف جار ۔دِیْنِ مضاف اَللہِ کلمہ جلالت مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔**فعل** اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

9	إِلیٰ أَیْنَ ذَھَبْتَ ؟	تم کہاں تک گئے ؟

(9)۔إِلیٰ أَیْنَ ذَھَبْتَ ؟ إِلیٰ حرف جار أَیْنَ اسم استفہام مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو مقدم ۔ذَھَبْتَ **فعل** ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَا ضمیر بارز مرفوع فاعل۔**فعل** اپنے فاعل اور ظرف لغو مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

10	قَدِمْتُ بِالدَّرَّاجَۃِ	میں سائیکل سے آیا۔

(10)۔قَدِمْتُ بِالدَّرَّاجَۃِ: قَدِمْتُ **فعل** ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تَ ضمیر مرفوع بارز فاعل ۔بَ حرف جار ۔اَلدَّرَّاجَۃِ: مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔**فعل** اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

11	عَرَّ بْتُ هٰذِهِ الْجُمْلَةَ	میں نے اس جملہ کی عربی بنائی۔

(11)۔عَرَّ بْتُ هٰذِهِ الْجُمْلَةَ : عَرَّ بْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ هٰذِهِ اسم اشارہ۔ اَلْجُمْلَةَ مشار الیہ۔اسم اشارہ اپنے مشار سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

12	عَبَرْتُ النَّهْرَ بِالْبَاخِرَةِ	میں نے نہر کو اسٹیمر سے پار کیا۔

(12)۔عَبَرْتُ النَّهْرَ بِالبَاخِرَةِ: عَبَرْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔اَلنَّهْرَ مفعول بہ۔بَ حرف جار اَلْبَاخِرَةِ مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

13	أَنَا جَالِسٌ فِي الْمَدْرَسَةِ	میں مدرسہ میں بیٹھا ہوں۔

(13)۔أَنَا جَالِسٌ فِي الْمَدْرَسَةِ: أَنَا ضمیر مرفوع منفصل مبتدا۔جَالِسٌ اسم فاعل اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔فِيْ حرف جار۔اَلمَدْرَسَةِ: مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

14	رَقَدَ أَبُوْ زَ يْدٍ حَتَّى الصَّبَاحِ	زید کا باپ صبح تک سویا۔

(14)۔رَقَدَ اَبُوْ زَ يْدٍ حَتَّى الصَّبَاحِ: رَقَدَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَبُو مضاف۔زَ يْدٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل۔حَتّٰى حرف جار

۔اَلصَّبَاحِ مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

15	اَلنَّاسُ ذَهَبُوا مِنَ السُّوْقِ إِلَى الْمَحَطَّةِ	لوگ بازار سے اسٹیشن گئے۔

(15)۔اَلنَّاسُ ذَهَبُوا مِنَ السُّوْقِ إِلَى الْمَحَطَّةِ: اَلنَّاسُ مبتدا۔ذَهَبُوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر مرفوع فاعل۔ مِنْ حرف جار۔اَلسُّوْقِ مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو اول۔ إِلٰى حرف جار۔اَلْمَحَطَّةِ: مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ثانی۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

16	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	تمام تعریف اللہ تعالی کے لیے ہے۔

(16)۔اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ: اَلْحَمْدُ مبتدا۔لِ حرف جار اَللّٰهِ اسم جلالت مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ اسم فاعل مقدر کا ۔ثَابِتٌ اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

17	آمَنْتُ بِاللّٰهِ	میں اللہ پر ایمان لایا۔

(17)۔آمَنْتُ بِاللّٰهِ: آمَنْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔ بَ حرف جار۔اَللّٰهِ اسم جلالت مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

18	اَلصَّلَاۃُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ	درود نازل ہو اللہ کے رسول پر۔

(18)۔اَلصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ: اَلصَّلٰوۃُ مبتدا۔عَلٰی حرف جار۔رَسُوْلِ مضاف۔اَللّٰہِ اسم جلالت مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا نَازِلَۃٌ اسم فاعل کا۔نَازِلَۃٌ اسم فاعل اس میں ھِيَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

19	سَلَّمْتُ عَلٰی أَخِيْ زَيْدٍ	میں نے زید کے بھائی کو سلام کیا۔

(19)۔سَلَّمْتُ عَلٰی اَخِيْ زَيْدٍ: سَلَّمْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔عَلٰی حرف جار۔اَخِيْ مضاف۔زَيْدٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

20	قَالَ اللّٰہُ جَلَّ شَأْنُہٗ	اللہ جل شانہ نے فرمایا:

(20)۔قَالَ اللّٰہُ جَلَّ شَانُہٗ: قَالَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب۔اَللّٰہُ کلمہ جلالت ذو الحال۔جَلَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب شَانُ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال۔ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔

21	لَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ	تم اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے نہ قتل کرو

(21)۔لَا تَقْتُلُوا اَوْلَادَکُمْ خَشْیَۃَ اِمْلَاقٍ: لَا تَقْتُلُوا : فعل نہی حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر۔اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع فاعل۔اَوْلَادَ مضاف۔کُمْ ضمیر مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔خَشْیَۃَ مضاف۔اِمْلَاقٍ مضاف الیہ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول لہ۔فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولۂ اول قَالَ فعل کا۔

22	نَحْنُ نَرْزُقُکُمْ وَاِیَّاھُمْ	ہم ہی تمہیں اور انہیں روزی دیتے ہیں۔

(22)۔نَحْنُ نَرْزُقُکُمْ وَاِیَّاھُمْ : نَحْنُ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا۔نَرْزُقُ فعل مضارع معروف صیغہ جمع متکلّم اس میں نَحْنُ کی ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔کُمْ ضمیر معطوف علیہ۔واؤ حرف عطف اِیَّاھُمْ معطوف۔معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولۂ ثانی ہوا قَالَ فعل کا۔قَالَ فعل اپنے فاعل اور دونوں مقولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مشق

عربی بنائیں

اردو	عربی
تم علما کو سلام کرو	سَلِّمُوا عَلَی الْعُلَمَاءِ
ہم مسجد جائیں گے	نَذْھَبُ إِلَی الْمَسْجِد
ابوبکر نے اردو کی عربی بنائی	عَرَّبَ اَبُوْ بَکْر بِالأُرْدِیَّۃِ
میں نے عربی کی اردو بنائی	اَرَّدْتُ بِالْعَرَبِیَّۃِ
یہ لڑکے انگریزی زبان	ھٰؤُلَاءِ الْوِلْدَانُ یَتَعَلَّمُوْنَ اللُّغَۃَ

سیکھتے ہیں	الإِنْجِلِيْزِيَةَ
خالد کے باپ نے دریا کو اسٹیمر سے پار کیا	عَبَرَ اَبُوْ خَالِدٍ النَّهْرَ بِالْبَاخِرَةِ
میں موٹر میں بیٹھا ہوں	أَنَا جَالِسٌ فِي السَّيَّارَةِ
وہ شخص کہاں گیا؟	أَيْنَ ذَهَبَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ ؟
زید کی عورت بازار کب جائے گی؟	مَتىٰ تَذْهَبُ اِمْرَأَةُ زَيْدٍ إِلَى السُّوْقِ ؟
زید کل بمبئی سے دہلی گیا	ذَهَبَ زَيْدٌ أَمْسِ مِنْ مُمْبِي إِلَىٰ دِهْلِيْ
دو لیڈر کل بمبئی جائیں گے	يَذْهَبُ الزَّعِيْمَانِ غَدًا اِلَى مُمْبِي
اے زید! تم اس جملے کی عربی بناؤ	يَا زَيْدُ! عَرِّبْ هٰذِهِ الْجُمْلَةَ
طلبہ مدرسہ میں تقریر کرتے ہیں	اَلطَّلَبَةُ يَخْطُبُوْنَ فِي الْمَدْرَسَةِ
میں زید کے ماموں کو سلام کروں گا	اُسَلِّمُ عَلىٰ خَالِ زَيْدٍ
خالد کا باپ عصر تک لکھتا تھا	كَانَ اَبُوْ خَالِدٍ يَكْتُبُ حَتّٰى الْعَصْرِ
میں نے تمھارے باپ کو سلام کیا	سَلَّمْتُ عَلىٰ اَبِيْكَ

حل لغات: وَ حرف جار برائے قسم۔ كَ آپ ، تجھ۔ عَنْ سے۔ اَلِاظْهَارُ عَلىٰ قابو دینا۔ اَلسُّوَالُ عَنْ پوچھنا۔ اَلتَّمَكُّنُ مِنْ سکنا۔ جَعَلَ: **فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب** بنایا (ف)۔

ترجمہ	عبارت	شمار
خدا کی قسم میں ضرور قرآن پڑھوں گا	وَاللهِ لَأَقْرَأَنَّ الْقُرْآنَ	1

(1)۔وَاللهِ لَأَقْرَأَنَّ الْقُرْآنَ : واؤ حرف جار برائے قسم۔ اَللهِ کلمۂ جلالت مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا اُقْسِمُ فعل کا۔ اُقْسِمُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد

متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

لَأَقْرَأَنَّ الْقُرْآنَ: لَأَقْرَأَنَّ لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔اَلْقُرْآنَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ جواب قسم ہوا۔

زید بہادری میں شیر کی طرح ہے۔	زَ یْدٌ کَالأَسَدِ فِي الشُّجاعَۃِ	2

(2)۔زَ یْدٌ کَالأَسَدِ فِي الشُّجاعَۃِ: زَ یْدٌ مبتدا۔ کَ حرف جار۔ اَلأَسْدِ مجرور ۔جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر اول ہوا ثَابِتٌ اسم فاعل کا۔ ثَابِتٌ اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔فِيْ حرف جار۔ اَلشُّجاعَۃِ مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ثانی ہوا ثَابِتٌ اسم فاعل کا۔ ثَابِتٌ اسم فاعل اپنے فاعل اور دونوں ظرف مستقر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

میں نے زید سے وہابیوں کے بارے میں پوچھا۔	سَئَلْتُ زَ یْدًا عَنِ الوَھَابِیِّیْنَ	3

(3)۔سَئَلْتُ زَ یْدًا عَنِ الْوَھَابِیِّیْنَ: سَئَلْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع فاعل ۔زَ یْدًا مفعول بہ ۔عَنْ حرف جار ۔اَلْوَھَابِیِّیْنَ مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بے شک اللہ نے ہمارے رسول	إِنَّ اللهَ جَعَلَ رَسُوْلَنَا (صَلیَّ	4

	اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) خَاتَمَ الأَنْبِیَاءِ	ﷺ کوآخری نبی بنایا۔

(4)۔إِنَّ اللّٰہَ جَعَلَ رَسُوْلَنَا (صَلیٰ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) خَاتَمَ الأَنْبِیَاءِ

: إِنَّ حرف مشبہ بالفعل ۔اَللّٰہ کلمۂ جلالت اس کا اسم ۔جَعَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ۔رَسُوْلَ مضاف ۔نَا ضمیر مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ اول ۔خَاتَمَ مضاف ۔اَلأَنْبِیَاءِ مضاف الیہ ۔مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ثانی ۔فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔إِنَّ حرف مشبہ بہ فعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ :صَلیَّ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی ترکیب سبق(۵) جملہ (۱۱)میں کردی ہے وہاں سے دیکھ لیں۔

5	مَامَعْنیٰ خَاتَمِ الأَنْبِیَاءِ ؟	خاتم الانبیاء کامعنی کیاہے؟

12	پھر وہ مسلمان ہو گیا	ثُمَّ صَارَ مُسْلِمًا
13	کل مدرسہ کا پھاٹک کھولا جائے گا	تُفْتَحُ بَوَّابَةُ الْمَدْرَسَةِ غَدًا
14	پاک پانی سے کلی کرو	مَضْمِضُوا بِالْمَاءِ الطَّاهِرِ
15	خالد یہاں سے مسکراتے ہوئے بازار گیا ہے	ذَهَبَ خَالِدٌ مُبْتَسِمًا إِلَى السُّوْقِ هٰهُنَا.
16	زید کی بیوی نے اپنے باپ کی مدد کی	نَصَرَ زَوْجَةُ زَيْدٍ اَبَاهَا.
17	علمائے اسلام بخیریت واپس آئے	رَجَعَ عُلَمَاءُ الإِسْلَامِ سَالِمِيْنَ.
18	اے اللہ! ہمیں قرآن وحدیث کا علم عطا فرما	اَللّٰهُمَّ! اُرْزُقْنَا عِلْمَ الْقُرْآنِ وَالْحَدِيْثِ.
19	اے اللہ کے رسول! آپ پر درود وسلام ہو	يَا رَسُوْلَ اللهِ! عَلَيْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ.
20	حمد ہے اللہ کے لیے جو سارے جہاں کا مالک ہے	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

حل لغات: اَلْحَادِثُ:نوپید، نئی چیز جمع حَوَادِثُ ۔اَلإِيْجَادُ : پیدا کرنا ،بنانا۔ أَمَّا:رہا۔شَاءَ:ماضی معروف واحد مذکر غائب چاہا(فتح)۔ اَلشُّعَاعُ : کرن، چمک، پرتو، جمع اَشِعَّةٌ۔بِأَنْ: یوں اس طرح کہ۔اَلآنَ:اب۔بِأَبِيْ أَنْتَ وَ اُمِّيْ: میرے ماں باپ حضور پر قربان۔عِدَّةُ أَجْزَاءٍ:کئی حصے۔جَعَلَ يَدُوْرُ :دورہ کرتا رہا۔اَلْبِدَايَةُ :آغاز۔اَلنِّهَايَةُ :اخیر۔أُرِيْدُ:میں چاہتا ہوں۔

ترجمہ اَلْحَدِيْثُ النُّورِي

شمار	عبارت	ترجمہ
1	اِعْلَمْ أَنَّ اللهَ جَلَّ شَأنُهٗ أَزَلِيٌّ أَبَدِيٌّ	جان لو کہ اللہ تعالی (اس کی ذات بزرگ ہے) ازلی اور ابدی ہے۔

(1) .**اِعْلَمْ أَنَّ اللهَ جَلَّ شَأنُهٗ أَزَلِيٌّ وَأَبَدِيٌّ**. اِعْلَمْ فعل امر واحد مذکر حاضر اس میں أَنْتَ ضمیر مرفوع متّصل پوشیدہ فاعل،أَنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمہ جلالت أَنَّ کا اسم اَزَلِيٌّ معطوف علیہ واو حرف عطف اَبَدِيٌّ معطوف، معطوف علیہ معطوف سے مل کر أَنَّ کی خبر ،اَنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر بتاول مفرد ہوکر مفعول بہ اِعْلَمْ فعل کا ،فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

جَلَّ فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب ،شَانُہٗ مرکب اضافی ہوکر فاعل ،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ معترضہ ہوا۔

شمار	عبارت	ترجمہ
2	لَيْسَ لِوُجُوْدِهٖ بِدَايَةٌ وَلَا نِهَايَةٌ	اس کے وجود کے لیے نہ ابتدا ہے اور نہ انتہا۔

(2). **لَیْسَ لِوُجُوْدِہٖ بِدَایَۃٌ وَّلَانِہَایَۃٌ** لَیْسَ، فعل ناقص لام حرف جروُ جُوْ دِ ہٖ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ثَابِتَۃٌ اسم فاعل کا ثَابِتَۃٌ اسم فاعل اس میں ھی ضمیر پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ خبر یہ ہوکر خبر مقدم، بِدَا یَۃٌ معطوف علیہ واو حرف عطف لَا حرف نفی نِہاَیَۃٌ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر اسم مؤخر، فعل ناقص اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

اور رہا عالم تو اس کا سب نو پید ہے۔	وَ أَمَّا الْعَالَمُ فَجَمِیْعُہٗ حَادِثٌ	3

(3). **وَأَمَّا الْعَالَمُ فَجَمِیْعُہٗ حَادِثٌ**. وَاو مستانفہ، أَمَّا حرف شرط، اَلْعَالَمُ مبتدا اول، فَا جزائیہ، جَمِیْعُہٗ مرکب اضافی ہوکر مبتداے ثانی حَادِثٌ اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع متّصل پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ہوئی مبتداے ثانی کی، مبتداے ثانی اپنی خبر سے مل کر خبر ہوئی اَلْعَالَمُ مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

اس کی کوئی چیز پہلے سے موجود نہیں تھی	لَمْ یَکُنْ شَيْءٌ مِّنْہُ مَوْجُوْدًا مِن قَبلُ	4

(4). **لَمْ یَکُنْ شَیْءٌ مِنْہُ مَّوْجُوْدًا مِنْ قَبْلُ**: لَمْ یَکُنْ فعل نفی جحد بلم فعل ناقص، شَیْءٌ موصوف مِنْ حرف جار، ہٗ ضمیر مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے، ثَابِتٌ اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت۔ شَیْءٌ موصوف اپنی صفت سے مل کر فعل ناقص کا اسم

،مَوْجُوْدًا اسم مفعول ،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ نائب فاعل ،مِنْ حرف جار، قَبْلُ مجرور۔جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَوْجُوْدًا اسم مفعول کا۔مُوْجُوْدًا اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر،فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

5	بَلْ كُلٌّ وَاحِدٍ مِّنْهُ كَانَ بَعْدَ أَنْ أَوْجَدَهُ اللهُ تَعَالىٰ	بلکہ ان میں سے ہر ایک بعد میں ہوا اس طور پر کہ اللہ تعالی نے اس کو پیدا کیا۔

(5).بَلْ كُلٌّ وَاحِدٍ مِّنْهُ كَانَ بَعْدَ أَنْ أَوْجَدَهُ اللهُ تَعَالىٰ. بَلْ حرف عطف ،کُلٌّ مضاف،وَاحِدٍ موصوف،مِنْ حرف جار،ہٗ مجرور،جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا ثَابِتٌ اسم فاعل کا،ثَابِتٌ اسم فاعل،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت ۔وَاحِدٍ موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، کَانَ فعل تام،اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل،بَعْدَ مضاف ،أَنْ مصدریہ ،أَوْجَدَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،ہٗ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ۔ اَللهُ کلمہ جلالت ذوالحال ،تَعَالىٰ فعل ماضی معروف،اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد حال،ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل،فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر بتاویل مفرد ہوکر مضاف الیہ ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا کَانَ فعل تام کا،کَانَ فعل تام اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر بتاویل مفرد ہوکر خبر۔کُلٌّ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

6	فَلَمَّا شَاءَ اللهُ إِيْجَادَ الْعَالَمَ خَلَقَ نُوْرَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللهُ تَعَالىٰ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَبْلَ جَمِيْعِ الأَشْيَاءِ	توجب اللہ تعالی نے دنیا کو بنانا چاہا تو اس نے نبی ﷺ کے نور کو تمام چیزوں سے پہلے پیدا فرمایا۔

(6). فَلَمَّا شَاءَ اللهُ إِيْجَادَ الْعَالَمَ خَلَقَ نُوْرَ النَّبِيِّ (صَلَّى اللهُ تَعَالىٰ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) قَبْلَ جَمِيْعِ الأَشْيَاءِ. فَا برائے تعقیب، لَمَّا حرف شرط، شَاءَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب۔ اَللہُ کلمہ جلالت فاعل، اِیْجَا دَالْعَا لَمَ مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ، فعل اپنے فا عل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، خَلَقَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل، نُوْ رَالنَّبِیِّ مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ، قَبْلَ مضاف جَمِیْعِ مضاف الیہ مضاف، اَشْیَا ءِ مضاف الیہ، جَمِیْعِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا قَبْلَ مضاف کا۔ قَبْلَ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔ خَلَقَ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا، شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

نوٹ: صَلَّى اللهُ تَعَا لىٰ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ اس جملہ کی ترکیب سبق (۵) جملہ نمبر (۱۱) میں کر دی گئ ہے وہاں سے دیکھ لیں۔

7	ثُمَّ خَلَقَ مِنَ النُّوْرِ الْمُحَمَّدِيْ (عَلَيْهِ الصَّلَوٰةُ وَالسَّلَامُ) كُلَّ شَيْءٍ بِأَنْ قَسَّمَ شُعَاعَ النُّوْرِ الْمُحَمَّدِيْ (صَلَّى	). پھر نور محمدی علیہ الصلوۃ والسلام سے ہر چیز کو اس طور پر پیدا فرمایا کہ نور محمد ﷺ کی کرن کو کئی حصوں میں تقسیم فرمایا اور اس سے

	اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) عِدَّۃَ أَجْزَاءٍ وَ خَلَقَ مِنْہَا الْقَلَمَ وَاللَّوْحَ وَالْعَرْشَ وَالْکُرْسِيَّ وَغَیْرَہَا.	قلم، لوح، عرش اور کرسی وغیرہ کو پیدا فرمایا۔

(7). ثُمَّ خَلَقَ مِنَ النُّوْرِ الْمُحَمَّدِيْ (عَلَیہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ) کُلَّ شَیْءٍ بِأَنْ قَسَّمَ شُعَاعَ النُّوْرِ الْمُحَمَّدِيْ (صَلیَّ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلیہِ وَسَلَّمَ)عِدَّۃَ أَجْزَاءٍوَخَلَقَ مِنْہَا الْقَلَمَ وَاللَّوْحَ وَالْعَرْشَ وَالْکُرْسِيَّ وَغَیْرَہَا. ثُمَّ حرف عطف، خَلَقَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، مِنْ حرف جار، اَلنُّوْرِ الْمُحَمَّدِيْ مرکب توصیفی ہوکر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو اول ہوا خَلَقَ فعل کا، کُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ ہوا خَلَق فعل کا، بَا حرف جر، أَنْ مصدر یہ قَسَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، شُعَاعَ مضاف ،اَلنُّوْرِ المُحَمَّدِيْ مرکب توصیفی ہوکر مضاف الیہ ہوا شُعَاعَ مضاف کا، شُعَاعَ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ اول، عِدَّۃَ أَجْزَاءٍ مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ ثانی قَسَّمَ فعل کا۔ قَسَّمَ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر بتاویل مفرد معطوف علیہ، واو حرف عطف خَلَقَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، مِنْ حرف جار، ھَا ضمیر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا خَلَق فعل کا، اَلْقَلَمَ معطوف علیہ ،واوَ حرف عطف اَللَّوْحَ معطوف اول، واوَ حرف عطف، اَلْعَرشَ معطوف ثانی، واوَ حرف عطف اَلْکُرْسِيَّ معطوف ثالث ،واوَ حرف عطف غَیْرَھَا مرکب اضافی ہوکر معطوف رابع ، معطوف علیہ اپنے چاروں معطوفات سے

مل کر مفعول بہ ہوا خَلَقَ فعل کا، خَلَقَ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ثانی ہوا خَلَقَ فعل کا، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور دونوں ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

عَلَیۡہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ. عَلٰی حرف جار، ہٖ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہوا نَازِلَۃٌ اسم فاعل واحد مؤنث کا، نازِلَۃٌ اسم فاعل اس میں ھِیَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل اور ظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم، اَلصَّلٰوۃُ معطوف علیہ، واوٗ حرف عطف اَلسَّلَامُ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مبتداء مؤخر، خبر مقدم اپنی مبتداء مؤخر سے مل کر لفظًا جملہ اسمیہ خبریہ اور معنًا انشائیہ ہوا۔

نوٹ: صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ۔ اس جملہ کی ترکیب سبق (۵) جملہ نمبر (۱۱) میں کردی گئی ہے وہاں سے دیکھ لیں۔

8	فَنَبِیُّنَا (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی وَسَلَّمَ) "أَوَّلُ خَلۡقِ اللّٰہِ".	لہذا ہمارے نبی ﷺ اللہ تعالی کی پہلی مخلوق ہیں۔

(8). فَنَبِیُّنَا (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ) اَوَّلُ خَلۡقِ اللّٰہِ. فَا حرف عطف، نَبِیُّنَا مرکب اضافی ہوکر مبتدا، اَوَّلُ مضاف، خَلۡقِ مضاف الیہ مضاف، اللّٰہِ کلمہ جلالت مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا اَوَّلُ مضاف کا، اَوَّلُ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نوٹ: صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ اس جملہ کی ترکیب سبق (۵) جملہ نمبر (۱۱) میں کردی گئی ہے وہاں سے دیکھ لیں۔

9	وَالآنَ أُرِ یْدُ أَنْ أُسْمِعَكَ الْحَدِیْثَ النُّوْرِيَّ	اور اب میں تجھے حدیث نوری سنانا چاہتا ہوں۔

(9). وَالآنَ اُرِ یْدُ أَنْ أُسْمِعَكَ الْحَدِیْثَ النُّوْرِيَّ. واوَ حرف عطف، اَلآنَ مفعول فیہ مقدم، أُرِ یْدُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر متّصل پوشیدہ فاعل ،أَنْ مصدر یہ أُسْمِعَكَ میں اُسْمِعُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، كَ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ اول، اَلْحَدِیْثَ النُّوْرِيَّ مرکب توصیفی ہوکر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر بتاویل مفرد مفعول بہ أُرِ یْدُ فعل کا، أُرِ یْدُ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

10	وَهُوَ طَوِ یْلٌ جِدًّا وَّ أَنْقُلُ هٰهُنَا مِنْهُ قَلِیْلًا	اور وہ بہت لمبی ہے اور میں اس میں سے تھوڑی یہاں نقل کر رہا ہوں۔

(10). وَهُوَ طَوِ یْلٌ جِدًّا وَأَنَا أَنْقُلُ هٰهُنَا مِنْهُ قَلِیْلًا. واوَ مستانفہ، هُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، طَوِ یْلٌ صفت مشبہ صیغہ واحد مذکر اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر، هُوَ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔ جِدًّا مفعول مطلق ہوا جَدَّ فعل کا، جَدَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد

مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ مستانفہ، أَنَا ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، أَنْقُلُ فعل مضارع صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، ھٰھُنَا میں ھَا برائے تنبیہ، ھُنَا مفعول فیہ، مِنْهُ میں مِنْ حرف جار، ہٗ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا أَنْقُلُ فعل کا، قَلِیْلًا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل مفعول بہ مفعول فیہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد خبر أَنَا کی أَنَا مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

11	رَوٰی عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ هَمَّامٍ عَنْ جَابِرِ الصَّحَابِيِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنْهُ. قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ .	عبدالرزاق بن ھمام نے صحابیِ رسول حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا انہوں نے فرمایا کہ میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ حضور پر قربان۔

(11).رَوىٰ عَبْدُ االرَزَّاقِ بْنُ هَمَّامٍ عَنْ جَابِرِ نِ الصَّحَابِيِّ (رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالیٰ عَنْهُ)قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلُ اللّٰهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّيْ .رَوىٰ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب، عَبْدُ الرَّزَّاقِ موصوف، اِبْنُ هَمَّامٍ مرکب اضافی ہوکر صفت ،موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل رَوىٰ فعل کا، عَنْ حرف جار، جَابِرِ موصوف، اَلصَّحَابِيِّ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو رَوي فعل کا، قَالَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع متّصل پوشیدہ فاعل، قُلْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں تُ ضمیر مرفوع متّصل

فاعل، یَا حرف ندا قائم مقام اَدعُو کے اَدْعُو فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں أَنَا ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، رَسُوْلَ اللهِ مرکب اضافی ہوکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ اول۔ أَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا، بَا حرف جار، أَبِيْ مرکب اضافی ہوکر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف أُمِّيْ مرکب اضافی ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا مَفْدِيٌّ اسم مفعول محذوف کا، مَفْدِيٌّ اسم مفعول اس میں أَنتَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر أَنتَ ضمیر مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ثانی ہوا۔

رَضِيَ اللهُ تَعَالىٰ عَنْهُ. رَضِيَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب، اَللّٰہُ کلمۂ جلالت ذوالحال، تَعَالیٰ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر رَضِيَ فعل کا فاعل۔ عَنْهُ میں عَنْ حرف جار، ہٗ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو رَضِيَ فعل کا۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ ہوا۔

12	أَخْبِرْنِيْ عَنْ أَوَّلِ شَيْءٍ خَلَقَهُ اللهُ تَعَالىٰ قَبْلَ الأَشْيَاءِ	آپ مجھے اطلاع دیجیے سب سے پہلی چیز کے بارے میں جس کو اللہ تعالی نے سب چیزوں سے پہلے پیدا فرمایا۔

(12). اَخْبِرْنِي عَنْ أَوَّلِ شَیْءٍ خَلَقَهُ اللهُ تَعَالىٰ قَبْلَ الأَشْيَاءِ .

اَخْبِرْ امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں أَنْتَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، نون وقایہ کا، یائے متکلّم مفعول بہ، عَنْ حرف جار، أَوَّلِ مضاف، شَيْءٍ موصوف

خَلَقَہٗ میں خَلَقَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ،ہٗ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ،اَللّٰہُ کلمہ جلالت ذوالحال،تَعَالیٰ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع متّصل پوشیدہ فاعل،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوکر حال، ذوالحال حال سے مل کر خَلَقَ کا فاعل،قَبْلَ الأَشْیَاءِ مرکب اضافی ہوکر مفعول فیہ،فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوکر بتاویل مفرد صفت شَیْءٍ موصوف کی ، موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ اَوَّلِ مضاف کا،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کرمجرور،جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا أَخْبِرْ فعل کا،فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر بتاویل مفرد مقولہ ثالث۔فعل اپنے فاعل اور تینوں مقولوں سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر مقولہ ہوا قَالَ فعل کا،فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوکر مفعول بہ ہوا رَوٰی فعل کا،رَوٰي فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

13	قَالَ یَا جَابِرُ !إِنَّ اللّٰہَ تَعَالیٰ قَدْ خَلَقَ قَبْلَ الأَشْیَاءِ نُوْرَ نَبِیِّكَ مِنْ نُوْرِہٖ فَجَعَلَ ذٰلِكَ النُّوْرُ یَدُوْرُ بِالْقُدْرَۃِ حَیْثُ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالیٰ .	فرمایا اے جابر! بے شک اللّٰہ تعالی نے تمام چیزوں سے پہلے تیرے نبی کے نور کو اپنے نور سے پیدا فرمایا پھر وہ نور جہاں اللّٰہ تعالی نے چاہا قدرت الہی سے دورہ کرتا رہا ۔

(13).قَالَ یَا جَابِرُ إِنَّ اللّٰہَ تَعَالیٰ قَدْ خَلَقَ قَبْلَ الأَشْیَاءِ نُوْرَ نَبِیِّكَ مِنْ نُوْرِہٖ فَجَعَلَ ذٰلِكَ النُّوْرُ یَدُوْرُ بِالْقُدْرَۃِ حَیْثُ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالیٰ. قَالَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع متّصل پوشیدہ اس کا فاعل یَا حرف ندا قائم مقام

اَدْعُوْ فعل کے ،اَدْعُوْ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلّم اس میں اَنَا ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ،جَابِرُ منادی مفعول بہ ،فعل اپنے فاعل اور منادیٰ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ندائیہ ہوکر مقولہ اوّل ہوا۔اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمہ جلالت ذوالحال تَعَالٰی فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ،ذوالحال اپنے حال سے مل کر اِنَّ کا اسم ،قَدْ برائے تحقیق خَلَقَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،قَبْلَ الْاَشْیَاءِ ،مرکب اضافی ہوکر مفعول فیہ ،نُوْرَ مضاف نَبِیِّكَ میں نَبِیَّ مضاف الیہ مضاف كَ ضمیر مجرور متّصل مضاف الیہ ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا نُوْر مضاف کا ،مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ مِنْ حرف جار نُوْرِہ مرکب اضافی ہوکر مجرور ،جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا خَلَقَ فعل کا ،خَلَقَ فعل اپنے فاعل مفعول بہ مفعول فیہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد خبر ہوئی اِنَّ کی ،اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ثانی ہوا۔

فَا حرف عطف برائے تعقیب ،جَعَلَ فعل ناقص ،ذٰلِكَ اسم اشارہ موصوف ،اَلنُّوْرُ صفت ،موصوف اپنی صفت سے مل کر جَعَلَ کا اسم ،یَدُوْرُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،بِالْقُدْرَۃِ مرکب جری ہوکر ظرف لغو ہوا یَدُوْرُ فعل کا ،حَیثُ مضاف شَاءَ فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَللّٰہُ کلمۂ جلالت ذوالحال ،تَعَالٰی فعل ماضِی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل ،فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ،ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل شَاءَ فعل کا ،شَاءَ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ،حَیثُ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا یَدُوْرُ فعل کا ،یَدُوْرُ فعل اپنے فاعل مفعول فیہ اور

ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر جَعَلَ فعل ناقص کی، جَعَلَ فعل ناقص اپنے اسم وخبر مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ثالث ہوا۔

14	وَلَمْ یَکُنْ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ لَوْحٌ وَلَا قَلَمٌ وَلَا جِنِّيٌّ وَلَا إِنْسِيٌّ	اور اس وقت نہ لوح تھا نہ قلم نہ جنت نہ دوزخ نہ فرشتہ نہ آسمان نہ سورج نہ چاند نہ جن نہ انسان۔

(14).وَلَمْ یَکُنْ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ لَوْحٌ وَّلَا قَلَمٌ وَلَا جَنَّةٌ وَّلَا نَارٌ وَّلَا مَلَكٌ وَّلَا سَمَاءٌ وَّلَا شَمْسٌ وَّلَا قَمَرٌ وَّلَا جِنِّيٌّ وَلَا إِنْسِيٌّ.واؤ مستانفہ،لَمْ یَکُنْ فعل تام فِيْ حرف جار ذٰلِكَ اسم اشارہ موصوف اَلْوَقْتِ صفت ،موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور،جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا لَمْ یَکُنْ فعل کا،لَوْحٌ معطوف علیہ واؤ حرف عطف لَا حرف نفی زائد،قَلَمٌ معطوف اول،واؤ حرف عطف لَا حرف نفی زائد،جَنَّةٌ معطوف ثانی،واؤ حرف عطف لَا حرف نفی زائد،نَارٌ معطوف ثالث،واؤ حرف عطف لَا حرف نفی زائد مَلَكٌ معطوف رابع،واؤ حرف عطف لَا حرف نفی زائد سَمَاءٌ معطوف خامس ،واؤ حرف عطف لَا حرف نفی زائد شَمْسٌ معطوف سادس،واؤ حرف عطف لَا حرف نفی زائد قَمَرٌ معطوف سابع،واؤ حرف عطف لَا حرف نفی زائد جِنِّيٌّ معطوف ثامن،واؤ حرف عطف لَا حرف نفی زائد إِنْسِيٌّ معطوف تاسع، معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر فاعل لَمْ یَکُنْ فعل تام کا،فعل تام اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر مقولہ رابع ہوا۔

15	فَلَمَّا أَرَادَاللّٰہُ تَعَالیٰ أَنْ یَّخْلُقَ الْخَلْقَ قَسَّمَ ذٰلِكَ النُّوْرَ أَرْبَعَةَ	پھر جب اللہ تعالی نے ارادہ فرمایا کہ مخلوق کو پیدا کرے تو اس نور کو چار

	أَجْزَاءٍ	حصے میں تقسیم کیا۔

(15).فَلَمَّا أَرَادَ اللهُ تَعَالیٰ أَنْ يَخْلُقَ الْخَلْقَ قَسَّمَ ذٰلِكَ النُّوْرَ أَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ.
فَا حرف عطف برائے تعقیب، لَمَّا حرف شرط أَرَادَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَللهُ کلمۂ جلالت ذوالحال تَعَالیٰ ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، أَنْ مصدریہ يَخْلُقَ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْخَلْقَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد مفعول بہ اَرَادَ فعل کا۔ اَرَادَ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، قَسَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل ذٰلِكَ النُّوْرُ مرکب توصیفی ہوکر مفعول بہ اول، أَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا، شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر مقولہ خامس ہوا۔

16	فَخَلَقَ مِنَ الْجُزْءِ الأَوَّلِ الْقَلَمَ ومِنَ الثَّانِيْ اللَّوْحَ وَمِنَ الثَّالِثِ الْعَرْشَ.	توپہلے حصے سے قلم دوسرے حصے سے لوح تیسرے سے عرش پیدا کیا۔

(16).فَخَلَقَ مِنَ الْجُزْءِ الأَوَّلِ اَلْقَلَمَ وَمِنَ الثَّانِيْ اللَّوْحَ وَمِنَ الثَّالِثِ اَلْعَرْشَ . فا حرف عطف برائے تعقیب خَلَقَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل، مِنْ حرف جار اَلْجُزْءِ الأَوَّلِ مرکب توصیفی ہوکر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف مِنَ الثَّانِيْ مرکب جری ہوکر معطوف اول، واؤ حرف عطف مِنَ الثَّالِثِ مرکب جری ہوکر معطوف ثانی، معطوف علیہ

اپنے دونوں معطوف سے مل کر ظرف لغو خَلَق فعل کا، اَلْقَلَمَ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَللَّوْحَ معطوف اول واؤ حرف عطف اَلْعَرْشَ معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے مل کر مفعول بہ خَلَقَ فعل کا، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ سادس ہوا۔

17	ثُمَّ قَسَّمَ الْجُزْءَ الرَّابِعَ أَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ	پھر چوتھے حصے کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔

(17). ثُمَّ قَسَّمَ الْجُزْءَ الرَّابِعَ اَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ. ثُمَّ حرف عطف قَسَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْجُزْءَ الرَّابِعَ مرکب توصیفی ہوکر مفعول بہ اول، اَرْبَعَةَ اَجْزَاءٍ مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ سابع ہوا۔

18	فَخَلَقَ مِنَ الأَوَّلِ حَمَلَةَ الْعَرْشِ وَمِنَ الثَّانِيْ الْكُرْسِيَّ وَ مِنَ الثَّالِثِ بَاقِيَ الملَائِكَةِ.	تو پہلے سے عرش کو اٹھانے والے (فرشتوں) کو دوسرے سے کرسی اور تیسرے سے بقیہ فرشتوں کو پیدا فرمایا۔

(18). فَخَلَقَ مِنَ الأَوَّلِ حَمَلَةَ الْعَرْشِ وَمِنَ الثَّانِيْ الْكُرْسِيَّ وَمِنَ الثَّالِثِ بَاقِيَ المَلَائِكَةِ. فا حرف عطف برائے تعقیب خَلَقَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، مِنَ الأَوَّلِ مرکب جری ہوکر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف، مِنَ الثَّانِيْ مرکب جری ہوکر معطوف اول، واؤ حرف عطف مِنَ الثَّالِثِ مرکب

جری ہوکر معطوف ثانی، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر ظرف لغو خَلَقَ فعل کا،حَمَلَةَ الْعَرْشِ مرکب اضافی ہوکر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَلْكُرْسِيَّ معطوف اول،واؤ حرف عطف بَاقِيَ المَلَائِكَةِ مرکب اضافی ہوکر معطوف ثانی، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے مل کر مفعول بہ،خَلَقَ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ثامن ہوا۔

19	ثُمَّ قَسَّمَ الرَّابِعَ أَرْ بَعَةَ أَجْزَاءٍ	پھر چوتھے حصے کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔

(19).ثُمَّ قَسَّمَ الْجُزْءَ الرَّابِعَ اَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ. ثُمَّ حرف عطف قَسَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْجُزْءَ الرَّابِعَ مرکب توصیفی ہوکر مفعول بہ اول ،اَرْ بَعَۃَ اَجْزَاءٍ مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ تاسع ہوا۔

20	فَخَلَقَ مِنَ الأَوَّلِ السَّمٰوَاتِ وَمِنَ الثَّانِيْ الأَرْضِيْنَ وَمنَ الثَّالِثِ اَلْجَنَّةَ وَالنَّارَ.	تو پہلے سے آسمان دوسرے سے زمین اور تیسرے سے جنت ودوزخ کو پیدا فرمایا۔

(20).فَخَلَقَ مِنَ الأَوَّلِ السَّمٰوَاتِ وَمِنَ الثَّانِيْ الأَرْضِيْنَ وَمِنَ الثَّالِثِ الْجَنَّةَ وَالنأَرَ. فا حرف عطف برائے تعقیب خَلَقَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ فاعل،مِنَ الأَوَّلِ مرکب جری ہوکر معطوف علیہ ،واؤ حرف عطف مِنَ الثَّانِي مرکب جری ہوکر معطوف اول،واؤ حرف عطف مِنَ

الثَّالِث مرکب جری ہوکر معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے مل کر ظرف لغو ہوا خَلَقَ فعل کا، اَلسَّمٰوَاتِ معطوف علیہ واوٴ حرف عطف اَلأَرْضِیْنَ معطوف اول واوٴ حرف عطف اَلْجَنَّۃَ اَلنَّارَ مرکب عطفی ہوکر معطوف ثانی، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے مل کر مفعول بہ، خَلَقَ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ عاشر ہوا۔

21	ثُمَّ قَسَّمَ الرَّابِعَ أَرْبَعَۃَ أَجْزَاءٍ. (إِلیٰ آخرِ الْحَدِیثِ). (المصنف لعبد الرزاق (الجزء المفقود، الحدیث: ١٨، ص ٦٣).	پھر چوتھے حصے کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔ اسی طرح آخری حدیث تک ہے۔

(21). ثُمَّ قَسَّمَ الْجُزْءَ الرَّابِعَ اَرْبَعَۃَ أَجْزَاءٍ. ثُمَّ حرف عطف قَسَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْجُزْءَ الرَّابِعَ مرکب توصیفی ہوکر مفعول بہ اول، اَرْبَعَۃَ اَجْزَاءٍ مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ حادی عشر ہوا قَالَ فعل کا۔ قَالَ فعل اپنے فاعل اور تمام مقولات سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

22	اِعْلَمْ أَنَّ ھٰذَا الْحَدِیْثَ قَدْ رَوَاہُ الإِمَامُ الْبَیْھَقِيُّ أَیْضًا فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّۃِ نَحْوَ رِوَایَۃِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَأَخَذَہُ بِالْقُبُوْلِ اَکَابِرُ عُلَمَاءِ الإِسْلَامِ	ترجمہ: جان لو کہ اس حدیث کو امام بیہقی نے بھی دلائل النبوۃ میں روایت کیا ہے عبد الرزاق کی روایت کی طرح اور اس کو قبولیت کے ساتھ بڑے بڑے علمائے اسلام نے لیا

	وَاعْتَمَدُوا عَلَيْهِ وَهُمُ الإِمَامُ الْقُسْطَلَانِيُّ وَالإِمَامُ اِبْنُ حَجرِ بْنِ الْمَكِّيُّ وَالْعَلَّامَةُ الزُّرْقَانِيُّ وَالْعَلَّامَةُ الْفَاسِيُّ وَالشَّيْخُ عَبْدُ الْحَقِّ الدِّهْلَوِيُّ وَغَيْرُهُمْ مَلَاءَهُمُ اللّٰهُ تَعَالیٰ قُبُوْرَهُمْ نُوْرًا.	ہے اس پر اعتماد کیا ہے اور وہ امام قسطلانی، امام ابن حجر مکی، علامہ زرقانی، علامہ فاسی اور شیخ عبد الحق دہلوی وغیرہ ہیں۔ اللہ تعالی ان کی قبروں کو نور سے بھر دے۔

(22).إِعْلَمْ أَنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ قَدْ رَوَاهُ الإِمَامُ الْبَيْهَقِيُّ أَيْضًافِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ نَحْوَ رِوَايَةِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَأَخَذَهُ بِالْقُبُوْلِ أَكَابِرُ عُلَمَاءِ الإِسْلَامِ وَاِعْتَمَدُوا عَلَيْهِ وَهُمْ الإِمَامُ الْقَسْطَلَانِيُّ وَالإِمَامُ الْفَاسِيُّ وَالشَّيْخُ عَبْدُ الْحَقِّ الدِّهْلَوِيُّ وَغَيْرُهُمْ مَلَاءَ اللّٰهُ تَعَالیٰ قُبُوْرَهُمْ نُوْرًا.

اِعْلَمْ فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں أَنْتَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل، أَنَّ حرف مشبہ بالفعل هٰذَا اسم اشارہ موصوف اَلْحَدِيْثَ صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر أَنَّ کا اسم قَدْ رَوَاهُ میں قَدْ برائے تحقیق رَوِيٰ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی ہٗ ضمیر منصوب متّصل مفعول بہ اول اَلإِمَامُ مبدل منہ اَلْبَيْهَقِيُّ بدل مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر رَوِيٰ کا فاعل، فِيْ حرف جار دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ مرکب اضافی ہوکر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو رَوِیٰ فعل کا، نَحْوَ مضاف رِوَايَةِ مضاف الیہ مضاف عَبْدِ الرَّزَّاقِ علم ہوکر مضاف الیہ، رِوَايَةِ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا نَحْوَ مضاف کا، نَحْوَ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل دونوں مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف أَخَذَ

فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر سے خالی ۃ ضمیر منصوب مفعول بہ بِالْقُبُوْلِ میں با حرف جار اَلْقُبُوْلِ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو أَخَذَ فعل کا، أَکَابِرُ مضاف عَلَمَاءِ الإِسْلَامِ ترکیب اضافی ہوکر مضاف الیہ، اَکَابِرُ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل، أَخذَ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف اول، واؤ حرف عطف اِعْتَمَدُوا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب واؤ ساکن ضمیر بارز فاعل عَلَیْہِ مرکب جری ہوکر ظرف لغو فعل کا، اِعْتَمَدُوا فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ثانی، معطوف علیہ اپنے دونوں معطوف سے مل کر بتاویل مفرد ہوکر خبر، أَنَّ حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد مفعول بہ اِعْلَمْ فعل کا، اِعْلَمْ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ مستانفہ ھُمْ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا اَلإِمَامُ مبدل منہ اَلْقَسْطَلَانِيُّ اسم منسوب بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اَلإِمَامُ مبدل منہ اِبْنُ حَجَرٍ مرکب اضافی ہوکر موصوف اَلمَکِّيُ اسم منسوب صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر معطوف اول، واؤ حرف عطف اَلْعَلَّامَۃُ مبدل منہ اَلزُّرْقَانِيُّ اسم منسوب بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر معطوف ثانی، واؤ حرف عطف اَلْعَلَّامَۃُ مبدل منہ اَلفَاسِيُّ اسم منسوب بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر معطوف ثالث، واؤ حرف عطف اَلشَّیْخُ مبدل منہ عَبْدُ الْحَقِّ علم ہوکر موصوف اَلدِّھْلَوِيُّ اسم منسوب صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر بدل، مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر معطوف رابع، واؤ حرف عطف غَیْرُھُمْ مرکب اضافی ہوکر معطوف خامس، معطوف علیہ اپنے پانچوں معطوف سے مل کر خبر ھُمْ ضمیر مبتدا کی، ھُمْ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

أَيْضًا: مفعول مطلق فعل محذوف آض فعل کا آضَ فعل ھُوَ ضمیر مرفوع متّصل پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَلَاءَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَللّٰہُ کلمۂ جلالت ذوالحال تَعَالٰی فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مرفوع پوشیدہ اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل قُبُوْرَھُمْ مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ اول نُوْرًا مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر لفظًا جملہ فعلیہ خبریہ اور معنًا جملہ انشائیہ ہوا۔

نحوی اجرا کیسے کریں

آپ کے سامنے کوئی بھی کلمہ آجائے تو سب سے پہلے سوال ہوگا کہ مفرد ہے یا مرکب؟ **اگر مفرد** ہے تو اس پر سوال ہوگا کہ اسم ہے یا فعل ہے یا حرف ہے؟ اس کے پہچانتے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے اسم کی علامات میں تلاش کریں گے اگر کوئی علامت مل گئ تو اسم ہوگا اگر کوئی علامت نہیں ملی تو فعل کی علامت میں دیکھیں گے اگر کوئی علامت مل گئ تو فعل ہوگا اگر اسم و فعل دونوں کی علامات میں سے کوئی نہ ہو تو حرف ہوگا، اگر وہ کلمہ اسم بنے تو اس پر سوال ہوگا کہ معرب ہے یا مبنی؟ اس کے پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے مبنی الاصل کی اقسام میں دیکھیں گے اور پھر مبنی غیر الاقسام میں دیکھیں گے اگر مل گیا تو مبنی ہوگا ورنہ معرب ہوگا مبنی الاصل کی اقسام یہ ہیں (۱) فعل ماضی (۲) امر حاضر معروف (۳) تمام حروف۔ اور مبنی غیر الاصل کی اقسام یہ ہیں (۱) اسمائے مضمرات (۲) اسمائے اشارات (۳) اسمائے موصولات (۴) اسمائے افعال (۵) اسمائے ظروف (۶) اسمائے اصوات (۷) اسمائے کنایات (۸) مرکب بنائی۔

اگر معرب ہے تو پھر سوال ہوگا کہ معرفہ ہے یا نکرہ ؟اس کے پہچاننے کا طریقہ یہ ہے کہ معرفہ کی اقسام میں تلاش کریں گے اگر مل گیا تو معرفہ ہوگا ورنہ نکرہ ہوگا، پھر سوال ہوگا کہ مذکر ہے یا مؤنث ؟اس کا جواب یہ ہے کہ دیکھیں گے کہ اس میں علامات تانیث پائی جاتی ہے یا نہیں، اگر علامت تانیث ہو تو مؤنث ورنہ مذکر ہوگا، پھر سوال ہوگا کہ واحد ہے یا تثنیہ ہے یا جمع ؟اس کا جواب یہ ہے کہ سب سے پہلے جمع کی علامات میں دیکھیں گے ،اگر جمع کی علامت ہے تو جمع ہوگا اگر جمع بنے تو سوال ہوگا کہ جمع مکسر ہے یا جمع سالم ؟تو اس کا جواب یہ ہے اگر اس کے آخر میں واؤ نون ہے، یا یاء نون ہے تو جمع مذکر سالم ہے، اگر یا الف اور تاء ہے تو جمع مؤنث سالم ہوگا، اگر جمع سالم نہیں ہے بلکہ جمع مکسر ہے تو پھر سوال ہوگا کہ جمع قلت ہے یا جمع کثرت ؟اس کا جواب یہ ہے کہ جمع قلت کے چھ اوزان میں سے ہے تو جمع قلت ورنہ جمع کثرت ہوگی، اگر جمع کی علامت نہیں ہے تو پھر تثنیہ کی علامت دیکھیں گے اگر مل گئی تو تثنیہ ہوگا ورنہ واحد ہوگا، پھر سوال ہوگا اس کی حالت کونسی ہے ؟یعنی اس کی حالت رفعی ہے یا نصبی یا جری ہے ؟جواب یہ ہے کہ اس سے پہلے والے عامل کو دیکھیں گے جو عامل ہوگا اس ہی کے مطابق اس کی حالت ہوگی پھر دیکھیں گے کہ اس کو پڑھنا کیسے ہے ؟یعنی اعراب بالحرکت یا اعراب بالحرف ہے، اعراب اصلی ہے یا اعراب تبعی ہے، اعراب لفظی ہے یا ااعراب تقدیری یا اعراب محلی، تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگر مبنی ہے تو اس کا اعراب محلی ہے اور اگر معرب ہے تو اسم متمکّن کی سولہ اقسام میں دیکھیں گے جو قسم بنے گی وہی اس کا اعراب ہوگا اگر اس کے ماقبل عامل نہیں ہے تو پھر اس کا اعراب تبعی ہوگا یہ سوالات تب ہوں گے جبکہ کہ کلمہ اسم ہو۔

اور اگر کلمہ فعل ہے تو پھر سوال ہوگا کہ فعل متصرف ہے یا فعل غیر متصرف ؟فعل غیر متصرف کی اقسام یہ ہے کہ (۱)افعال مقاربہ (۲)افعال مدح وذم (۳)افعال تعجب۔ اگر افعال

غیر متصرفہ میں سے ہے تو جو قسم ہوگی اس کے قواعد جاری کریں گے اور اگر افعال متصرفہ میں سے ہے تو دیکھیں گے کہ افعال تامہ میں سے ہے یا افعال ناقصہ میں سے ہے؟ اگر افعال ناقصہ میں سے ہے تو اس کے قواعد جاری کریں گے، اگر افعال تامہ میں سے ہے تو پھر سوال ہوگا فعل معروف ہے یا فعل مجہول؟ پھر سوال ہوگا کہ فعل لازم ہے یا متعدّی؟ اگر متعدّی ہے تو پھر سوال ہوگا متعدّی بیک مفعول ہے یا بدو مفعول یا بسہ مفعول؟ جو بھی ہوگا اس کے قواعد جاری کریں گے یہ سوالات اس وقت ہوں گے جب وہ کلمہ فعل ہو، اگر حرف ہے تو پھر سوال ہوگا کہ حروف عاملہ میں سے ہے یا غیر عاملہ میں سے؟ اگر عاملہ میں سے ہو تو پھر سوال ہوگا کہ کیا عمل کرتا ہے؟ یہ تمام سوالات اس وقت ہوں گے جب کلمہ مفرد ہو اگر کلمہ مرکب ہے تو پھر سوال ہوگا کہ مرکب مفید ہے یا غیر مفید؟ اگر مفید ہے تو اس کی کونسی قسم ہے؟ اگر غیر مفید ہے تو اس کی کونسی قسم ہے؟

صرفی قواعد کا اجرا کیسے کریں

صرفی قواعد کے اجرا کے لیے بہتر ہوگا کہ تلاوتِ قرآن مجید یا عربی کتابوں کے مطالعہ کے دوران ہر کلمہ کے بارے میں درج ذیل سوالات ضرور حل کریں:

(۱)۔ زیرِ نظر کلمہ اسم ہے یا فعل یا حرف؟ **(۲)۔ اگر اسم** ہے تو مصدر ہے یا مشتق یا جامد؟ **(۳)**۔ اگر مصدر یا مشتق ہے تو باب متعیّن کرنے کے بعد درج ذیل امور کے بارے میں غور کریں:

[الف] **صحیح** ہے یا مہموز یا معتل یا مضاعف؟ [ب] اگر مہموز یا معتل یا مضاعف ہے تو اپنی اصلی حالت پر ہے یا اس میں کچھ تبدیلی ہوئی ہے؟ **[ج]** اگر تبدیلی ہوئی ہے تو کس قاعدہ کے تحت ہوئی ہے، قاعدہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تعلیل جاری کریں۔ **(۴)**۔ اگر زیر نظر کلمہ

جامد ہے، تو مصدر اور مشتق میں غور طلب امور (تعیین مہموز وغیرہ اور اجرائے تعلیل) حل کرکے درج ذیل امور پر غور کریں:

[**الف**] وہ کلمہ واحد ہے یا تثنیہ یا جمع؟ [ب] اگر واحد ہے تو اس کا تثنیہ اور جمع کیا ہو گا؟ اور اگر تثنیہ یا جمع ہے تو واحد وغیرہ کیا ہو گا؟ [ج] وہ کلمہ مصغر ہے یا مکبر؟ اگر مکبر ہے تو قواعد تصغیر کے اعتبار سے اس کی تصغیر کیا ہوگی۔ [د] وہ کلمہ اسم منسوب ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو اسم منسوب بنانے پر اس کی شکل کیا ہوگی؟

(۵)۔ اور اگر وہ کلمہ فعل ہے تو درج ذیل امور حل کریں۔

[**الف**] ماضی ہے یا مضارع یا امر یا نہی؟ اور بہر صورت معروف ہے یا مجہول؟ (گردان بھی کرڈالیں) [**ب**] اگر فعل مضارع ہے تو مثبت ہے یا منفی؟ [ج] اگر مثبت ہے تو مؤکد ہے یا غیر مؤکد؟ مؤکد ہونے کی صورت میں تاکید سے ہونے والی تبدیلی کی طرف توجہ کریں۔ [**د**] اگر منفی ہے تو حروف نفی میں سے کون حرف [''ما''، ''لا''، ''لم''، ''لن''] اس پر داخل ہے؟ ''لم'' اور ''لن'' کے ذریعہ اگر نفی ہو تو ان سے ہونے والی تبدیلی کی طرف توجہ کریں۔ [ہ] کون سا صیغہ ہے اور اس کا صرفی وزن کیا ہے؟ [و] مصدر اور مشتق کے بارے میں غور طلب امور بھی حل کریں (یعنی صحیح وغیرہ میں کیا ہے؟ معلل ہے یا غیر معلل؟ اور کس قاعدہ کے تحت تبدیلی ہوئی ہے؟)

مذکورہ بالا طریقہ اختیار کرتے ہوئے اگر آپ عربی کتابوں کا مطالعہ کریں گے تو عربی کلمات کے تلفظ میں خطا نہیں ہوگی۔ شروع شروع میں اتنے سارے سوالات حل کرنے میں آپ کا کافی وقت صرف ہوگا، مگر چند دنوں کی مشق و ممارست کے بعد ان شاء اللہ الرحمن آپ کا ذہن اس قابل ہوجائے گا کہ آپ کو غور وفکر کے مذکورہ بالا تمام مراحل حل کرنے پر قدرت حاصل ہوجائے گی۔ [واللہ الموفق لکل خیر]۔

تعارف مترجم ایک نظر میں
(بقلم خود)

نام ونسب: **محمد** گل ریز بن امیر دولھا بن وزیر خاں بن عجب خاں۔
وطن: **مدناپور**، پوسٹ شیش گڑھ، بہیڑی، بریلی شریف یوپی۔
تاریخ پیدائش: ۱۰؍ نومبر ۱۹۹۰ بروز ہفتہ

جن مدارس میں تعلیم حاصل کی:
(۱)–دار العلوم غریب نواز مدناپور (پرائمری درجات)
(۲)–مدرسہ اشرف العلوم شیش گڑھ، رام پور (درجۂ حفظ)
(۳)۔ مدرسہ رہبر اسلام، شیش گڑھ، رام پور (دور، حفظ)
(۴)–مدرسہ عالیہ نعمانیہ غریب نواز شیش گڑھ، رام پور (درجۂ اعدادیہ)
(۵)–مدرسہ الجامعۃ القادریہ رچھا بریلی شریف (درجۂ اولیٰ، ثانیہ)
(۶)–دار العلوم علیمیہ جمداشاہی ضلع بستی یوپی (درجۂ ثالثہ، رابعہ)
(۷)– دار العلوم اہل سنت الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ (خامسہ، سادسہ، سابعہ، فضیلت، تحقیق فی الادب ومشق افتاء)
(۸)–جامعہ سعدیہ کاسرکوڈ کیرالا (ڈپلومہ عربی ایک سال)
فراغت: دار العلوم اہل سنت الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ یکم جمادی الاخری ۱۴۳۶ھ، مطابق ۲۲؍ مارچ ۲۰۱۵ء بروز اتوار

اسناد:
(۱) مولوی
(۲) عالم
(۳) کامل (مدرسہ تعلیمی بورڈ اتر پردیش)

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دہلی:
(۱)–ایک سالہ کمپیوٹر کورس
(۲)–عربی ڈپلومہ کورس دوسالہ

(۳)-اردو ڈپلومہ کورس ایک سالہ
(۴)-انٹر، ہندی)
(۵)۔بی اے کامل۔

تدریسی خدمات:

(۱)۔مدرسہ بشیر العلوم بھوج پور، مرادآباد یوپی (ایک سال)
(۲)۔جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور (مہاراشٹر) تاحال

شرف بیعت:

پیر طریقت رہبر شریعت قاضی القضاۃ فی الہند حضور اختر رضاخاں صاحب قبلہ الملقب بہ تاج الشریعہ رحمۃ اللہ علیہ، بریلی شریف۔

مدرسہ اشرف العلوم، رہبر اسلام، عالیہ نعمانیہ کے اساتذۂ کرام

(۱)۔حافظ اقبال صاحب اہرو۔
(۲)۔حافظ عبدالواحد لکھا۔
(۳)۔حافظ عبدالقدیر، شیش گڑھ۔
(۴)۔حافظ، مجاہد صاحب شیش گڑھ۔
(۵)۔حضرت علامہ مولانا توفیق احمد نعیمی، شیش گڑھ۔
(۶)۔حضرت علامہ مولانا نور محمد صاحب پریوا۔
(۷)۔حضرت علامہ مولانا عبدالحلیم صاحب بھکاری پور پیلی بھیت۔
(۸)۔حضرت علامہ مولانا عرفان صاحب بلاس پور۔
(۹)۔حضرت قاری شریف صاحب، بلاس پور۔

الجامعۃ القادریہ رچھا (بریلی شریف) کے اساتذۂ کرام

(۱)۔حضرت علامہ مولانا عاقل صاحب قبلہ، مرادآباد۔
(۲)۔حضرت علامہ مولانا جلیس احمد صاحب مرادآباد۔
(۳)۔حضرت علامہ مولانا اثیر الدین صاحب، شیش گڑھ، رام پور۔
(۴)۔حضرت علامہ مولانا شمس صاحب منصور پور، رام پور۔
(۵)۔حضرت علامہ مولانا عمر صاحب بریلی۔

(٦)۔ حضرت علامہ مولانا نفیس احمد صاحب مرادآباد۔

دار العلوم علیمیہ جمداشاہی بستی کے اساتذۂ کرام

(١)۔ حضرت علامہ مولانا مفتی اختر حسین صاحب۔
(٢)۔ حضرت علامہ مولانا نظام الدین صاحب مصباحی۔
(٣)۔ حضرت علامہ مولانا محب احمد صاحب علیمی۔
(٤)۔ حضرت علامہ مولانا حسیب احمد مصباحی۔
(٥)۔ حضرت علامہ مولانا امید علی صاحب، بستی۔
(٦)۔ حضرت علامہ مولانا احمد رضا بغدادی۔
(٧)۔ حضرت علامہ مولانا معراج احمد بغدادی۔

الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ کے اساتذۂ کرام۔

(١)۔ خیر الاذکیاء حضرت علامہ مولانا محمد احمد مصباحی صاحب۔
(٢)۔ محقق مسائل جدیدہ حضرت علامہ مفتی نظام الدین مصباحی صاحب۔
(٣)۔ شیخ الادب حضرت علامہ مولانا نفیس احمد مصباحی صاحب۔
(٤)۔ ماہر حدیث حضرت علامہ مولانا صدر الوری مصباحی صاحب۔
(٥)۔ ماہر علم وفن حضرت علامہ مولانا ناظم علی مصباحی صاحب۔
(٦)۔ حضرت علامہ مولانا مفتی معراج صاحب مصباحی رحمۃ اللہ علیہ۔
(٧)۔ پیر طریقت حضرت علامہ مولانا نصیر الدین مصباحی صاحب
(٨)۔ حضرت علامہ مولانا ساجد علی مصباحی صاحب۔
(٩)۔ حضرت علامہ مولانا مفتی بدر عالم مصباحی صاحب۔
(١٠)۔ حضرت علامہ مولانا عبد الحق مصباحی صاحب۔
(١١)۔ حضرت علامہ مولانا مفتی نسیم مصباحی صاحب۔
(١٢)۔ حضرت علامہ مولانا حبیب اللہ مصباحی ازہری صاحب۔
(١٣)۔ حضرت علامہ مولانا عبداللہ مصباحی ازہری صاحب۔
(١٤)۔ حضرت علامہ مولانا مفتی شمس الہدی مصباحی صاحب۔
(١٥)۔ حضرت علامہ مولانا اسرار مصباحی صاحب (بابا)۔

(۱۶)۔ حضرت علامہ مولانا اختر کمال مصباحی صاحب۔

(۱۷)۔ حضرت علامہ مولانا دستگیر مصباحی صاحب۔

جامعہ سعدیہ عربیہ کاسرکوڈ کیرلا کے اساتذۂ کرام

(۱)۔ حضرت علامہ مولانا عبداللطیف سعدی شافعی صاحب۔

(۲)۔ حضرت علامہ مولانا عبید صاحب شافعی۔

(۳)۔ حضرت علامہ مولانا غلام یزدانی صاحب قبلہ۔

(۴)۔ حضرت علامہ مولانا محمود عالم صاحب۔

قلمی خدمات

(۱)۔ مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ اول (مطبوع)

(۲)۔ مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ دوم (مطبوع)

(۳)۔ مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ سوم (مطبوع)

(۴)۔ مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ چہارم (غیر مطبوع)

(۵)۔ مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ پنجم (غیر مبطوع)

(۶)۔ مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ اول (مطبوع)

(۷)۔ مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ دوم (مطبوع)

(۸)۔ مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ سوم۔ (غیر مطبوع)

(۹)۔ مصباح الطالبین ترجمہ منہاج العابدین (مطبوع)

(۱۰)۔ علم صرف کے آسان قواعد (مطبوع)

(۱۱)۔ اہم تراکیب اور ان کا حل (غیر مطبوع)

(۱۲)۔ نحوی سوال وجواب (غیر مطبوع)

(۱۳)۔ مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء اول (مطبوع)

(۱۴)۔ مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء دوم (مطبوع)

(۱۵)۔ روزمرہ کے شرعی مسائل (غیر مطبوع)

(۱۶)۔ معارف الادب شرح مجانی الادب (مطبوع)

(۱۷)۔ روضۃ الادب شرح فیض الادب اول (مطبوع)

(۱۸)۔ حیات خضر علیہ السلام (مطبوع)

(۱۹)۔ مختصر عربی حکایات اور چٹکلے۔
(۲۰)۔ ترجمہ کیسے کریں۔
(۲۱) مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو اول
(۲۲)۔ مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو دوم۔
(۲۳)۔ انوار العرب شرح ازھار العرب۔
(۲۴)۔ مراح الارواح سوالا جوابا
(۲۵)۔ روضۃ الادب شرح فیض الادب دوم۔
(۲۶)۔ تنشیر العواطر شرح تسھیل المصادر۔
(۲۷)۔ لغات القرآن۔
(۲۸)۔ لغت گل، عربی اردو، انگلش۔
(۲۹)۔ المکاشفۃ العربیہ شرح المحادثۃ العربیہ۔
(۳۰)۔ ہدایہ اولین سوالات درجہ رابعہ۔
(۳۱)۔ ہدایہ اولین سوالات درجہ خامسہ۔
(۳۲)۔ ہدایہ آخرین سوالات درجہ سادسہ۔
(۳۳)۔ ہدایۃ النحو سوالا جوابا
(۳۴)۔ اصول الشاشی سوالا جوابا
(۳۵)۔ الطریقۃ السہلۃ، مترجم

اور ان کے علاوہ کچھ کتابوں پر کام جاری ہے۔

محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف یوپی
Mob:+918057889427.+916397521190

مصنف کی دیگر قلمی کاوشیں

- مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ اوّل (مطبوع)
- مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ دوم (مطبوع)
- مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ سوم (مطبوع)
- مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ چہارم (غیر مطبوع)
- مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ پنجم (غیر مطبوع)
- مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ اوّل (مطبوع)
- مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ دوم (مطبوع)
- مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ سوم (غیر مطبوع)
- مصباح الطالبین ترجمہ منہاج العابدین (مطبوع)
- علم صرف کے آسان قواعد (مطبوع)
- اہم تراکیب اوران کاحل (غیر مطبوع)
- نحوی سوال وجواب (غیر مطبوع)
- مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء اوّل (مطبوع)
- مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء دوم (مطبوع)
- روزمرّہ کے شرعی مسائل (غیر مطبوع)
- معارف الادب شرح مجانی الادب (مطبوع)
- روضۃ الادب شرح فیض الادب (غیر مطبوع)
- حیاتِ خضر علیہ السلام (مطبوع)
- مختصر عربی حکایات اور چٹکلے
- ترجمہ کیسے کریں۔
- مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو اوّل
- مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو دوم
- انوار العرب شرح ازھار العرب
- مراح الارواح سوالاً جواباً
- روضۃ الادب شرح فیض الادب دوم (مطبوع)
- مصباح المصادر شرح تسہیل المصادر
- مصباح العرفان فی حل صیغ القرآن
- لغت گل، عربی، اردو، انگلش
- مصباح الصرف شرح میزان الصرف

اور ان کے علاوہ کچھ کتابوں پر کام جاری ہے